کراچی کے حوالے سے ہم اتنا کہیں گے ہمارے دوست محسوس نہ کریں لیکن ملک کی تمام دولت ' اقتدار کراچی میں منتقل اور ہم پختون اور دوسرے علاقے حقیقت میں تمام حقوق سے محروم ہیں' مزدوری کے لئے ہم کراچی جایا کرتے ہیں۔ لیکن سندھ کے اندر جو تضاد پیدا ہوا سندھ کے عوام کا شہر کے حوالے سے یہ بھی ایک قدرتی بات ہے میں اب بھی اس موقف پر ہوں جو لوگ پسماندہ ہیں جن کے پاس تعلیمی ادارے دوسرے وسائل نہیں ہیں ان کے لئے ان کے تحفظ کے لئے آج بھی ہم اس کے قائل ہیں کہ تحفظ ہونا چاہیئے۔ اور یہی چیز ہمارے ۷۳ کے آئین میں رکھی بھی گئی تھی۔ بہرصورت جناب والا آج جو حالات پیدا ہوئے وہ کراچی کے لوگ ان کے جو ادارے ہیں آپ اندازہ لگائیں جہاں چھ سات ہزار انجینئرز اور ڈاکٹرز سال میں گریجویشن کرتے ہوں ظاہر ہے ان کا مسئلہ ہے اور اس کے بعد جو لوگ مختلف پیشوں میں کام کرتے ہیں ۔تجارت میں لوگ ہیں ان کا مسئلہ ہے اور باقی ملک کے مسائل سے مختلف ہے ۔پرائمری تعلیم کے لئے وسائل ہمارے پاس نہیں ہیں ۔ابتدائی ضروریات کے لئے وسائل ہمارے پاس نہیں ہیں۔اور وہاں مسئلہ اور شکل میں آ چکا ہے ۔بہر حال آج کے جو حالات ہیں اس سلسلے میں پہلے بھی ہم نے یہاں عرض کیا تھا ۔ کہ ہم اس کو ایک واضح خانہ جنگی سمجھتے ہیں ۔اس کو جس طرح بھی کوئی ڈھانپنا چاہے یا cover کرنا چاہے ۔ہم اس کو تسلیم نہیں کرتے یہ ایک مکمل خانہ جنگی ہے ۔اب اس خانہ جنگی کی حالت میں دو باتیں ہیں 'ایک یہ کہ اس مسئلے کو مذاکرات کے ذریعے حل کیا جائے 'اور دوسرا یہ کہ اس خانہ جنگی کو اپنے منطقی انجام تک پہنچایا جائے ۔منطقی انجام کیا ہے ؟ کیا اس ملک کے عوام کو یہ قابل قبول ہے ؟ یا تو اس میں جو لوگ سندھ کے ہیں سب بشمول کراچی 'سندھ کے لوگ اس طرح کچل دیے جائیں کہ اس وقت خانہ جنگی ختم ہو لیکن اس کے بڑے دور رس اثرات ہوں گے ۔یا دوسرا پہلو یہ ہے کہ جو لوگ اس کشمکش میں اس سطح پر پہنچ

گئے ہیں کہ ایک مسلح جنگ شروع ہے اس کا ایک نتیجہ کیا ہے کہ اس ملک کا نقصان ہو ؟ ایسا منطقی انجام ۔ہم کم از کم اپنی پارٹی کی طرف سے آج بھی اس موقف پر ہیں کہ آج بھی حالات ایسے ہیں کہ اس ملک میں سیاسی طور پر مذاکرات کر کے ملک کے تمام مسائل بشمول سندھ اور کراچی ان کو سیاسی طور پر حل کیا جائے آج ایسے امکانات ہیں لیکن اس کے بعد یا کچھ عرصے کے بعد اگر اس طرح جس طرح آج یہ باتیں ہو رہی ہیں ۔جیسے کہ آج بھی ہم نے اخبارات میں پڑھا کل یہاں مذاکرات ہو رہے تھے اور کراچی میں تقریباً سترہ افراد مارے گئے اور اگر اس طرف حالات جارہے ہیں تو نتیجہ بڑا خطرناک نکل سکتا ہے ۔اس لئے ہم اس کو نہ کسی پارٹی کا اور نہ کسی گورنمنٹ پارٹی کا نہ کسی اپوزیشن کی پارٹی کا ۔بلکہ یہ ملک کے مجموعی مسائل میں سے ایک مسئلہ ہے اور اس کو حل کیا جانا چاہئیے ۔ اب جو طریقہ کار یہاں اختیار کیا گیا ہے جناب والا اس میں گورنمنٹ کی پارٹی کی طرف سے اور ایم کیو ایم کی طرف سے مذاکرات ہو رہے ہیں ۔اس کے لئے ہم دعا کرتے ہیں کہ یہ مذاکرات کامیاب ہوں لیکن اس کے باوجود اگر اس کے اس پہلو کو دیکھا جائے کہ گورنمنٹ پارٹی میں بھی کراچی کے لوگ ہیں ' ہم ان کی اتھارٹی پر اس حوالے سے اعتراض نہیں کر رہے لیکن مسئلے کے بنیادی حل کے لئے ایک طرف سے بھی کراچی کے لوگ اور دوسری طرف سے بھی کراچی کے لوگ ایک پہلو سے خوش آئند ہے کہ وہ اپنے مسئلے کو سمجھ کر حل نکالیں گے لیکن دوسری طرف سے ہم جناب والا اس کے کچھ پہلوؤں کی نشاندہی کریں گے کہ جو لوگ ٹیبل پر بیٹھے ہوئے ہیں وہ اس ملک کے مجموعی مسائل کے نقطہ نظر سے شاید مذاکرات میں حصہ نہ لیں مثال کے طور پر جناب والا ہماری غیر حاضری میں اس ملک کی پارلیمنٹ کی غیر حاضری میں مختلف شرائط اگر وہ ایک دوسرے سے منوائیں کہ انصاف ' تعصب اور نفرتیں کس طرح پیدا ہوتی ہیں ؟ جناب والا ' اس وقت بالکل ٹھوس مسائل ہیں اور ان پر ٹھوس مذاکرات ہیں ۔اس لئے ہم اپیل کریں گے کہ ان مسائل کو اس نقطہ نظر سے حل کی طرف لے جائیں ۔ بلکہ ہم اس میں یہ بھی اضافہ کریں گے کہ سندھ کے فریم ورک میں ' صوبہ سندھ کے فریم میں اندر ' ایک دوسرے کے لئے ایڈجسٹمنٹ ' رواداری اور ایک دوسرے کے لئے مسائل کا حل بھائی بندی سے کیا جائے لیکن ایسا طریقہ اختیار نہ کیا جائے ۔ مثلاً ابھی پارلیمنٹ کو avoide کیا گیا ۔ خصوصی طور پر قومی اسمبلی میں اور سینٹ میں ہمارا مطالبہ تھا کہ پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس بلایا جائے اور پارلیمنٹ کے معنی یہ ہیں کہ تمام ملک کے نمائندے یہاں ہوتے اس مسئلے کو

پارلیمنٹ ۔ مجموعی طور پر ملک کے مسائل کے حوالے سے دیکھے لیکن آپ نے دیکھا کہ وزیراعظم صاحبہ نے اس پر بڑا زور دیا کہ پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس نہ ہو ۔ آج بھی پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس نہیں ہے اور اگر میں یہ کہوں کہ کل اگر ایسا فیصلہ ہوا جو ہمارے مفادات کے یا دوسرے کے مفادات کے خلاف تھا کیا ہم اس کے پابند ہوں گے ؟ ہم کم از کم پابند نہیں ہوں گے ۔ ہم صاف کہتے ہیں کہ جس میز پر اس ملک کے نمائندے نہ ہوں اور اس پر تمام ملک کے لوگوں کے مسائل کو دیکھ کر اس کا حل نہ ہو ، ہمارے لئے کم از کم کوئی بھی فیصلہ قابل قبول نہیں ہے ۔ ہم اس کی پابندی نہیں کر سکیں گے ۔ آج بھی اس کا ایک اہم پہلو یہ ہے کہ پارلیمنٹ کا اجلاس بلانا چاہیئے ۔ ہم نے اخباروں میں پڑھا کہ اپوزیشن نے تجویز پیش کی ہے کہ اس وقت ہم اس پر اصرار نہیں کریں گے ۔ ہم اس کی حمایت کرتے ہیں ۔ لیکن اس حد تک نہیں کہ صرف فضا کو بہتر بنانے کے لئے کہ ہو سکتا ہے کہ حکومتی پارٹی اور ایم کیو ایم میں مذاکرات اور اس مسئلے کے حل میں فائدہ ہو ، لیکن اس قیمت پر نہیں کہ پارلیمنٹ کا اجلاس نہ بلایا جائے اور اس کے بعد ہمارے حقوق پر اس کے برے اثرات ہوں ۔ اس لئے میں آج بھی تجویز پیش کروں گا کہ اس مسئلے کو صحیح معنوں میں جب بھی حل کرنے کا موقع آئے تو اس کا اہم حل پارلیمنٹ ، پارلیمنٹ کے نمائندے اور اس کے ساتھ ایسی دوسری پارٹیاں ہو سکتی ہیں ۔ اس سے ہم اختلاف نہیں کرتے ۔ ایسی پارٹیاں ہو سکتی ہیں جنکی نمائندگی پارلیمنٹ میں نہ ہوں ۔ انہیں بھی بلایا جا سکتا ہے ۔ اس لئے جناب والا ، بہرصورت ہم دعا کرتے ہیں کہ موجودہ مذاکرات کامیاب ہوں لیکن ہماری قیمت پر نہیں اور اگر ہماری قیمت پر کوئی بھی مذاکرات ہوں جناب والا اس کے ہم قطعی بھی پابند نہیں ہوں گے ۔ اس کے ساتھ پارلیمنٹ کا اجلاس متبادل رکھنا چاہیئے تاکہ مسئلے کا صحیح حل ہو اور تمام منتخب نمائندے اس میں حصہ لے سکیں ۔ جناب والا ، میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا ۔

جناب چیئرمین : بہت بہت شکریہ ۔ بشیر ترین صاحب ۔

سردار بشیر احمد خان ترین : جناب والا ، ہمارے ساتھیوں نے ایک تحریک پیش کی تھی ۔ ہمارا خیال تھا کہ آج اس پر بحث ہوگی ۔ ابھی راجہ صاحب سے پتہ چلا ہے کہ وہ کل کے لئے رکھ دیا گیا ہے لیکن اس کے ایک خاص نقطہ پر جو میں اعتراض کرتا ہوں وہ یہ تھا کل

وزیر داخلہ نے ہمارے قائد نواب اکبر بگٹی کو بلیک میلر کہا ہے تو میں چاہتا ہوں کہ یہ سب کارروائی روک کر اس تحریک کو اگر آگے لایا جائے تو میرے خیال میں بہتر ہوگا۔

جناب چیئرمین : وہ بھی کل کرلیں گے۔ کیونکہ آج آپ نہیں تھے اور نہ وزیر داخلہ صاحب بھی نہیں ہیں۔ تو کل میرے خیال میں اس کو بھی لے لیں گے۔ یہ جو مسئلہ مشترکہ آپ نے move کیا ہوا ہے اس پر بھی کل ہی بات کرلیں گے۔

سردار بشیر احمد خان ترین: جناب چیئرمین، اتنے بڑے ذمہ دار شخص کو کسی کو بغیر ثبوت کے اس طرح الفاظ سے یاد کرنا میرے خیال میں ہمارے قائد کے لئے صحیح نہیں ہیں۔ تو میں اس پر زور دیتا ہوں۔

جناب چیئرمین : تو اس پر تفصیل سے اگر کل ان کی موجودگی میں بات ہو جائے تو بہتر ہے۔ اور دوسری وجہ یہ تھی کل جو ہم نے تحریک ملتوی کی تھی کہ انور سیف اللہ خان صاحب بھی موجود نہیں تھے۔ ہوسکتا ہے کہ اگر دونوں ہوں۔

سردار بشیر احمد خان ترین: ان کی حکومت ہے اس لئے ان کی موجودگی ضروری ہے اور یہ جو انہوں نے غلط الفاظ کہے ہیں۔ اس کے لئے میں اس بات پر زور دوں گا کہ یہ ساری کارروائی روک کر اس تحریک کو سامنے لایا جائے۔

جناب چیئرمین: نہیں، کل انشاء اللہ صبح اس پر بحث کریں گے۔ بہر حال وہ الگ مسئلہ ہے۔ وہاں کا مسئلہ وہاں ہوگا یہاں کا مسئلہ یہاں ہوگا۔ جی جناب خٹک صاحب۔

جناب محمد اجمل خان خٹک۔ جناب چیئرمین میں تو کل نہیں تھا، ہمارے بھائی سینیٹر نے جو نکتہ اٹھایا ہے اگر نواب اکبر خان بگٹی کو بلیک میلر کہا گیا ہے تو یہ نہ صرف ان کی پارٹی کے لئے بلکہ اکبر بگٹی جو مقتدر، با اثر بلوچ بزرگ ہیں، قبائلی لیڈر ہیں، پوری بلوچ قوم اس کی عزت اور قدر کرتی ہے۔ اس کے علاوہ وہ ملکی سیاست میں ایک اہم شخصیت ہیں، نہ صرف بلوچ بلکہ پورے ملک میں اس کے ماننے والے اور اس کا احترام کرنے والے موجود ہیں۔ اس لئے اس کو بلیک میلنگ میں ملوث کرنا یا اس کو بلیک میلر کہنا، یہ ایسا مسئلہ ہے جس سے جذبات اور اشتعال کو ہوا دینے کی کوشش ہے۔ تو یہ نازک مسئلہ نہیں ہے یہ اسطرح کا نازک مسئلہ ہے جس طرح سے اس ملک میں دوسرے مسئلے حکومت اٹھاتی ہے، اس کا ردعمل جب میں نے سنا تو میں سمجھتا

ہوں کہ میں خود اور میں جن لوگوں کو پورے ملک میں جانتا ہوں خصوصاً پختون اور بلوچ ' ان کے علاوہ ' ہماری پارٹیوں کے لوگ ' ان کو' یہ بہت بُرا لگے گا ' یہ بہت خطرناک اقدام ہے ۔ اور یہ ذمہ دار شخص کی طرف سے ہے جو اس وقت کراچی کا انچارج بھی ہے ' وزیر داخلہ بھی ہے اور بہت مہتمد بھی ہے ۔ تو یہ نا صرف ہمارے لئے بلکہ حکومت کے لئے افسوس کا مقام ہے ' ہم تو اس پر افسوس نہیں کرتے ' اب اگر انہوں نے واپس نہیں لیا تو ہمیں اس پر ردعمل کرنے کا طریقہ آتا ہے ۔ تو اس راستے کو روکنے کے لئے ہم کہتے ہیں کہ اس پر مکمل بحث کی جائے اور ہمیں یہ یقین ہے کہ حکومت عمداً ایسی حرکات کرتی ہے ' اگر نہیں کرتی تو یہ ثبوت دے کہ وہ نہیں کرتی ' اس کے معانی یہ ہیں کے اس دن اس سے پہلے کشمیر کے بارے میں کچھ کہا گیا ' آج اس ملک کے ایک بہت بڑے لیڈر ' قوم کے لیڈر کے خلاف کہا گیا ' یہ الفاظ ارادتاً کہے جا رہے ہیں اس پر حکومت کو نادم ہونا چاہیئے ۔

جناب چیئرمین۔ اس طرح کر لیتے ہیں کہ وزیر داخلہ صاحب آ جائیں تو پھر ان کی موجودگی میں یہ مسئلہ بھی اور وہ دوسرا جو اشتیاق اظہر صاحب کا ہے اسے take up کرتے ہیں ۔ جی حافظ صاحب۔

حافظ حسین احمد۔ جناب چیئرمین ! یہ تحریک التوا ، پہلے دن میں نے بھی پیش کی تھی ' اس وقت فلائٹ cancel ہو چکی تھی اور ہمارے دوست بلوچستان سے تشریف نہیں لائے تھے ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ اس مسئلے کو اس طرح نہ کریں وہاں پر اب بھی حالات خراب ہیں اور سب سے اہم بات یہ ہے کہ اگر وزیر داخلہ نے کوئی بات کی ہے تو ہمیں توقع ہے کہ وہ جوانمردی کے ساتھ اس کو ثابت کریں کہ کون بلیک میلر ہے ' دوسری جو اہم بات ہے جس کے بارے میں میں کئی بار عرض کر چکا ہوں کہ اگر کوئی بلیک میلر ہے ' بلیک میلنگ کرتا ہے ' لیکن آپ کیوں بلیک میل ہو رہے ہیں ؟ اور یہ عجیب بات ہے کہ جی ہمارے ہاں پچھلے دنوں MQM کو غدار کہا گیا تھا ' اسی فلور پر میں نے کہا تھا کہ آپ ذرا سوچ سمجھ کر بات کریں کل کہیں ایک table پر آپ کو بیٹھنا نہ پڑے ' آج وہی صورتحال ہے جو کل غدار تھے' کیا آج ان سے مذاکرات کرنے والے غدار نہیں ہیں ؟ میں کہہ رہا ہوں کہ آج اگر یہ بلیک میلر ہیں تو اس کو بلوچستان کا گورنر کس نے بنایا تھا ؟ بھئو نے کہاں سے اس کو بھیجا تھا ؟ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ انتہائی اہم مسئلہ ہے اور یہ

بلوچستان کا مسئلہ ہے ۔ نواب بگٹی کی ذات کا مسئلہ نہیں ہے ۔ سوئی گیس میں جو ملازمین ہیں جو قمر دین ہے وہ کھیر قبیلے سے تعلق رکھتا ہے اور کھیر قبیلہ وہ ہے جس سے بگٹی صاحب کے ساتھ لڑائی ہے ہر مسئلہ کو بگٹی صاحب سے یا ذاتی سیاست سے link کرنا میں سمجھتا ہوں بلوچستان کے ساتھ زیادتی ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ آپ کراچی کے مسئلے پر بات کریں لیکن یہ انتہائی اہم مسئلہ ہے اور بلوچستان سے ابھی بھی صبح سے ہم ٹیلیفون پر اسی میں مصروف تھے ۔

جناب چیئرمین۔ ٹھیک ہے جی وہ آ جائیں وزیر داخلہ صاحب۔

حافظ حسین احمد۔ انہیں بلایا جائے جی ۔ آ جائیں نہیں ۔

جناب چیئرمین۔ ٹھیک ہے ان کو message بھیج دیتے ہیں ۔ جی قاضی صاحب کچھ کہنا چاہتے ہیں ۔ جی جناب۔

قاضی حسین احمد۔ جناب چیئرمین! حالات ملک کے ایسے ہیں کہ اس میں انتہائی ذمہ داری کا ثبوت دینا چاہئیے خاص طور پر وزیر داخلہ صاحب کو اور اہم لوگوں کو اور حالات کو مزید بگاڑنا اور جلتی پر تیل چھڑکنا یہ کم از کم حکومت کے لئے بھی کوئی مناسب رویہ نہیں ہے۔ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ ملک میں امن و امان قائم کرنے اور حالات کو ٹھیک کرنے اور آگ ٹھنڈا کرنے ۔ میری یہ گزارش ہو گی کہ اگر نصیر اللہ بابر صاحب نے بات کہی ہے تو وہ معذرت کریں اور واپس لیں اور وسعت ظرف کا تقاضا بھی ہے اور ملک کے حالات کا بھی تقاضا ہے اور اگر انہوں نے نہیں کہا تو وہ تردید کریں اور اس مسئلے کو اور زیادہ نہ بڑھا یا جائے کہ ملک میں پہلے بھی زیادہ خراب حالات ہیں ۔ کراچی میں ، مالا کنڈ میں اور کشمیر ہمارا بہت بڑا مسئلہ ہے ۔وہ متاثر ہو رہا ہے اور اس کے ساتھ بلوچستان میں آگ لگانے کی کوشش نہ کریں۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ ۔ جی جناب رضا صاحب ۔

سید اشتیاق اظہر۔ سر میں بھی اس کی تائید کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ جی ۔ جی جناب رضا ربانی صاحب۔

میاں رضا ربانی۔ سر میں یہ نہایت ادب سے صرف اتنا عرض کرنا چاہوں گا کہ حکومت کو ملک کی تمام سیاسی شخصیات کے لئے نہایت ادب و احترام ہے ۔ اختلاف سیاسی طور پر

کسی سے بھی ہو سکتا ہے ۔ نظریاتی طور پر بھی کسی سے ہو سکتا ہے ۔ لیکن جہاں تک personal وقار کا تعلق ہے میں یقین دلانا چاہتا ہوں کہ نہ صرف حکومت کو بلکہ پاکستان پیپلز پارٹی کو ایک سیاسی جماعت کی حیثیت سے ہم نہایت ادب و احترام سے تمام سیاسی شخصیات کو دیکھتے ہیں اور ہماری پارٹی کی سیاست اس بات کی شاہد رہی ہے ہم نے اصولوں کے اوپر ہمیشہ اختلاف کیا ہے اور کبھی personalities پر نہیں کیا۔ کس context کے اندر آیا وہ exact الفاظ وزیر داخلہ نے استعمال کئے یا نہیں کئے بہتر وہی بتا سکتے ہیں اور وزیر داخلہ اس وقت کشمیر کونسل کی meeting ہو رہی ہے وہ اس میں ہیں۔ اس لئے وہ ہاؤس میں موجود نہیں ہیں اس کے علاوہ اور کوئی وجہ نہیں ہے ۔ اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی کہنا چاہوں گا کہ بات وہاں سے کہی گئی کہ جی چیئر جو ہے وہ اس مسئلے کو یونہی آگے کر رہی ہے تو میں یہاں پر اتنا کہنا چاہوں گا کہ House کو assemble ہونے کا ساڑھے نو بجے کا ٹائم تھا۔ آپ ہاؤس کے اندر تقریباً آٹھ دس بجے کے قریب اس کے بعد آپ نے معمول کے مطابق تمام پوائنٹس کو اٹھایا لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اس وقت سینیٹر حضرات موجود نہیں تھے ۔ اس کے بعد پھر یہ motion move کیا گیا ۔ ہم نے کراچی کی صورت حال کو سامنے رکھتے ہوئے ، کراچی کی صورت حال کی سنگینی کو سامنے رکھتے ہوئے جو item No.3 تھا ایجنڈے کا آپ نے وہ call کیا میں نے اس کو بھی ترک کر کے کہا کہ کراچی پر جو بحث ہے اس کا آغاز کیا جائے تو اگر یہ ٹائم پر اس وقت یہاں پر موجود ہوتے تو جب آپ نے call کیا تھا یقیناً وہ مسئلہ وہاں پر اٹھ سکتے۔ اب میری آپ سے صرف اتنی گزارش ہے کہ کیونکہ سپیکرز کی لسٹ کافی لمبی ہے لہذا کراچی پر بحث جو ہے وہ جاری رکھی جا سکے تو وہ بہتر ہو گا۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین۔ ٹھیک ہے ۔ جی جناب۔

سردار بشیر احمد خان ترین۔ یہ بات نہیں کہ جی ٹائم یہ تھا کہ ہم بیٹ آئے۔ بات تحریک کی ہو رہی تھی بلکہ میں نے اس بات پر اعتراض کیا کہ ہمارے قائد کو black mailer کہا گیا اور یہ وہ کہہ رہے ہیں کہ وزیر داخلہ صاحب اس وقت کشمیر کا مسئلہ حل کر رہے ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ وہ اس بات کی پہلے وضاحت کریں ۔ تحریک اپنی جگہ پر کہ آیا انہوں نے کہ ہمارے قائد نواب اکبر بگٹی کو black mailer کہا ہے یا نہیں ۔ اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ہم دیر

آنے یا یہ جلدی آنے ۔ کراچی کا مسئلہ اپنی جگہ پر میں کہتا ہوں کہ انہوں نے یہ بات کہی ہے تو کیوں کہی ہے ؟ ٹھیک ہے بابر صاحب کے متعلق میں یہ کہوں گا کہ وہ بھی کسی قبائلی معاشرے سے تعلق رکھتا ہے اور ہم بھی قبائلی ہیں ۔ قبائل میں کسی کی پگڑی کو ناحق اچھالنا بغیر ثابت کئے ۔ میرے خیال میں تو ہمارے لئے بلکہ میں کہتا ہوں کہ ڈوب مرنے کا مقام ہے۔ جب تک وہ نہیں آنے گا ۔ میں اپنے ساتھیوں کے ساتھ واک آؤٹ کروں گا۔

سید محمد فضل آغا۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب چیئرمین۔

جناب چیئرمین۔ جی جناب فضل آغا صاحب۔

سید محمد فضل آغا۔ میں مشکور ہوں آپ نے موقع دیا۔ سر یہ بات سامنے آئی اور ہماری تحریک التواء پر بحث ہوئی تھی اور ریکارڈ پر موجود ہے۔ میں نے ریکارڈ ابھی منگوا کر دیکھا تھا۔ بابر صاحب نے کہا تھا کہ بگٹی صاحب بلیک میلر ہیں وہ سوئی گیس کی گاڑیاں استعمال کرتے ہیں ۔ وہ سوئی گیس والوں سے پیسے لیتے ہیں اور وہ سوئی گیس کی تنخواہیں خود draw کرکے پھر سوئی گیس کی لیبرز میں خود تقسیم کرتے ہیں جن کو چاہیں دیں جن کو چاہیں نہ دیں اور اس کے علاوہ بھی میرے پاس بڑے کوائف موجود ہیں لیکن کل چونکہ وزیر پٹرولیم آئیں گے اور وہ ہاؤس میں اس پوزیشن کو clear کرکے دیں گے۔ تو آج ہم اس توقع سے چونکہ موشن تو کل موو ہو گیا تھا اس توقع سے اور حکومت کی ذمہ داری بنتی تھی۔ رضا ربانی صاحب نے تو بڑی خوبصورتی سے ذمہ داری ساری اپوزیشن پر ڈال دی جبکہ ذمہ داری ان کی بنتی تھی کہ آج منسٹر آف پٹرولیم کو ہاؤس میں ہونا چاہئیے تھا ۔ اور یہ بہت اہم مسئلہ ہے اور ایک مقتدر شخصیت پر انہوں نے کیچڑ اچھالا ہے اور ہاؤس کے اندر اچھالا ہے۔ اور یہ ایک مسئلہ نہیں ہے جس میں یہ کہہ رہے ہیں یہ آئے دن جلتی پر تیل کا کام کر رہے ہیں میں نہیں سمجھتا ہوں کہ یہ کیا تماشا انہوں نے شروع کیا ہوا ہے اس ملک کے ان حالات میں اس طرح حالات کو مکدر کرنا یہ مناسب بات نہیں ہے۔ تو آج ذمہ داری حکومت کی بنتی تھی کہ منسٹر پٹرولیم کو یہاں پر موجود ہونا چاہئیے تھا اور سب سے اہم نکتہ یہی تھا کہ پہلے یہ پوزیشن clear کرتے کہ بات کیا ہے۔ کیونکہ اس طرح لوگوں پر کیچڑ اچھالنا اور اس ممبر پر جو اس ہاؤس کا نمائندہ بھی نہ ہو اور اس ہاؤس میں موجود بھی نہ ہو اور جو اپنا دفاع بھی نہ کر سکے۔ لہذا ہمارے پورے ممبرز کی اخلاقی ذمہ داری بنتی ہے اس پارلیمنٹ کے وہ ممبر بھی

ہیں ایک قبیلے کے وہ نواب بھی ہیں اور انہوں نے اس کو بلوچستان کا گورنر بھی اس وقت محترم بھٹو صاحب نے خود بنایا تھا۔ اور وہاں کے چیف منسٹر بھی رہے ہیں وہ ہر لحاظ سے ان کی شخصیت بہت اہم ہے اور ان کو یہ چاہئیے تھا کہ ذمہ داری کا ثبوت دیتے ۔ منسٹر پٹرولیم کو یہاں ہاؤس میں موجود رکھتے اور ہاؤس میں سب سے پہلے یہ پوزیشن clear ہوتی۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ کل پرسوں آپ کے سامنے جناب اجمل خٹک صاحب بہت ہمدردانہ طریقے سے اپنی معروضات پیش کر رہے تھے اور اس ہاؤس کا ماحول ہم نے اپوزیشن کے لوگوں نے بہت اچھی طرح سے رکھنے کی کوشش کی ہے۔ اب یہ کراچی کا جو سانحہ ہو رہا ہے آنے دن آج بھی مذاکرات ہو رہے ہیں اور آج اٹھارہ آدمی مارے گئے ہیں اور ہم اس ماتم کی وجہ سے اپوزیشن نے بجا طور پر یہ محسوس کیا کہ ہم ہاؤس میں ماحول کو بہت freezing پوائنٹ تک لانے کی کوشش کریں کیونکہ یہ شرم کی بات ہے ہمارے آس پاس ہندوستان جیسا موذی دشمن بیٹھا ہوا ہے اور ہماری بدحالی پر وہ آنے دن جشن منا رہا ہے ۔ ہم نے ان حالات کو سامنے رکھتے ہوئے اس ہاؤس کے ماحول کو ٹھنڈا رکھنے کی کوشش کی۔ لیکن بڑے افسوس کی بات ہے ۔ پتہ نہیں یہ پلاننگ سے کر رہے ہیں ۔ کبھی شیر افگن صاحب اٹھ کر کشمیر کے مسئلے کو disputed کر دیتے ہیں ۔ کبھی اجمل صاحب جو بہت بہترین طریقے سے پرسوں اپنی بات کر رہے تھے تو بابر صاحب نے آتے ہی نہ آؤ دیکھا نہ تاؤ دیکھا انہوں نے کہا جی آپ ہوں گے تو دھماکے ہوں گے۔ تو اس قسم کے الزامات آنے دن کسی نہ کسی مقتدر شخص پر لگانا ۔ خٹک صاحب کی اپنی شخصت ہے یہ بہت اہم ہیں اور وہ ایک پارٹی کے سربراہ ہیں اور انہوں نے ایک ذمہ دار شخص نے بابر صاحب جیسے آدمی نے آتے ہی جلتی آگ پر تیل کا کام کیا اور صرف یہ نہیں کہ خٹک صاحب کی روانی کو خراب کیا خٹک صاحب کے جذبات کو مجروح کیا بلکہ پورے ہاؤس کے جذبات کو مجروح کیا اور انہوں نے اس سارے مسئلے کو ایک مذاق کے طور پر لیا ہوا ہے ۔ آج بھی آپ کے سامنے کراچی میں کشت و خون ہو رہا ہے۔ یہاں مذاکرات ہو رہے ہیں ۔ عبدالرحیم صاحب نے بجا طور پر کہا ہے کہ مسئلہ صرف کراچی میں دو قومیتوں کا نہیں ہے ۔ کراچی اس ملک کی شہ رگ کی حیثیت رکھتی ہے اور پوری قومیں involve ہیں اور پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کو بھی avoid کیا جا رہا ہے۔ تو میں نہیں سمجھ رہا ہوں کہ کر کیا رہے ہیں آنے دن ہاؤس کی کارروائی میں ایک نئی بلی یہ چھوڑ دیتے ہیں اور ایک نیا ایشو کھڑا کر لیتے ہیں تاکہ اصل بات پوری نہ ہو سکے۔ تو میری گزارش ہے کہ ان

سے کہا جائے ان کو آپ instructions دیں ۔ کہ وزیر داخلہ بھی اور وزیر پٹرولیم بھی اس ہاؤس میں موجود ہوں اور اس بات پر پہلے بات ہو باقی فیصلہ بعد میں کریں گے۔

(اس مرحلے پر اپوزیشن کے اراکین ہاؤس سے واک آؤٹ کر گئے)

جناب چیئرمین۔ ٹھیک ہے۔

جناب ایم ظفر۔ جناب چیئرمین۔

جناب چیئرمین۔ جی جناب آپ کیا کہنا چاہ رہے ہیں جی ظفر صاحب۔؟ پہلے ظفر صاحب کی بات سن لیں پھر آپ کی۔ جی جناب۔

جناب ایم ظفر۔ شکریہ جناب چیئرمین۔ سر جیسا کہ ابھی سردار بشیر صاحب فرما رہے تھے ایک بڑا سنگین الزام تھا اور اس کے لئے کوئی کسی قسم کا مواد ہاؤس کے سامنے نہیں رکھا گیا کہ کیوں یہ الزام لگایا گیا۔ سر مختصراً گزارش اتنی ہے کہ جہاں سے یہ گیس نکل رہی ہے وہاں پر پی پی ایل پر اپنی انسٹالیشنز ہیں اور ان کی۔

جناب چیئرمین۔ بہتر نہیں ہے کہ جب وہ ہوں ان کی موجودگی میں آپ ساری بات کریں۔

جناب ایم ظفر۔ جناب میں صرف ایک بات ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں تاکہ پھر اس کا یہ جواب وضاحت سے دے سکیں۔

جناب چیئرمین۔ جی۔

جناب ایم ظفر۔ کہ وہاں پر اس وقت by relationship of land lord and tenant وہاں پر جو لوگ ہیں وہ وہاں پر اس زمین پر ایک کرائے دار کی حیثیت سے رہتے ہیں جیسے کہ لینڈ لارڈ اور tenant کی relationship میں ایک tenancy کی ایک شرط ہوتی ہے کہ کرایہ دینا ہے وہ وہاں پر دیتے ہیں زمین استعمال کرنے کا اور پانی استعمال کرنے کا۔ اگر پانی استعمال وہ کرتے ہیں اور زمین پر رہتے ہیں اور زمین اور پانی استعمال کرنے کے بعد کوئی چیز دیتے ہیں تو اس کو کسی طریقے سے extortion یا یہ کہنا کہ black mailing ہو رہی ہے وہ نہیں ہوتی۔ تو اس صورت حال میں جبکہ سر یہ ایک بات تھی اور ان کے علم میں ہے بھی کہ یہ ایسے ہے تو یہ جو

بات انہوں نے کہی ہے ' باقی باتیں تو سر جس وقت یہ منسٹر صاحبان ہوں تو ہم اس کی تفصیل بھی بتا دیں گے۔ کم سے کم یہ غیر ذمہ دارانہ سٹیٹمنٹ نہیں دی جانی چاہیئے تھی۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ ۔ رضا ربانی صاحب آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں ۔

میاں رضا ربانی۔ سر میں اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں اور راشدی صاحب ابھی جاتے ہیں اپوزیشن کے پاس لیکن میں صرف اتنا عرض کرنا چاہوں گا کہ کراچی کے بارے میں اجلاس ریکوزیشن اپوزیشن نے کیا تھا اور ریکوزیشن کی پہلی جو شق تھی وہ کراچی کے مسئلے پر بحث کی تھی ۔ اس کے بعد اپوزیشن نے بارہا فلور آف دی ہاؤس پر بھی کہا اور ہم نے کبھی اس بات سے انکار نہیں کیا کہ کراچی کا ایک نہایت سنگین اور اہم مسئلہ ہے اور اس کے ساتھ ساتھ مذاکرات جاری ہیں۔ کراچی پر بحث بھی چل رہی ہے۔ فضل آغا صاحب کا یہ کہنا کہ صرف اپوزیشن نے ہاؤس کا ٹمپریچر نیچے رکھنے کی کوشش کی ہے میں سمجھتا ہوں یہ بھی سراسر زیادتی ہے۔ تالی دونوں ہاتھ سے بجتی ہے۔ گورنمنٹ کی طرف سے بھی equally reciprocating gestures ہوئے ہیں۔ ہم نے بھی accommodation show کی ہے۔ لیکن افسوس یہ ہے کہ کراچی جیسے اہم مسئلے کے اوپر بحث چل رہی ہے اور کتنے دنوں سے چل رہی تھی لیکن اس کے اندر اس طرح ایک ریمارک کے اوپر اور وہ بھی منسٹر ابھی موجود نہیں ہیں وہ ابھی آ جائیں گے ہاؤس میں۔ اس پر بات ہو سکتی تھی پہلے جب ٹائم تھا اس پر بحث کرنے کا اس وقت آنریبل ممبرز موجود نہیں تھے۔ لیکن کراچی کی اتنی اہم بحث کو اس طرح بیچ میں چھوڑ کر واک آؤٹ کر کے جانا صرف seriousness کو exhibt کرتا ہے ۔

جناب چیئرمین۔ جی ڈاکٹر صاحب آپ بھی کچھ کہنا چاہ رہے تھے ۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی۔ جناب والا میری گزارش یہ ہے کہ ۔ ۱

جناب حسین شاہ راشدی۔ جناب اگر مجھے ایک منٹ کے لئے موقع دے دیں ۔

جناب چیئرمین۔ آپ ان کو پہلے لے آئیں ناں جا کر کوشش کریں کہ وہ آ جائیں اور انہیں یہی کہیں کہ بابر صاحب آئیں گے ان کی موجودگی میں بات کر لیں گے۔

جناب حسین شاہ راشدی۔ میں بات کرتا ہوں ۔ لیکن بات یہ ہے کہ اس کے بعد بولنے

کی میری باری ہے۔ میں وہاں ان سے بات چیت کرنے کے لئے جاتا ہوں اس اثنا میں اگر آپ اس کو چلانا چاہیں تو میری جگہ مسٹر غلام قادر بولیں گے اور میں پھر ان کے بعد بولوں گا۔

جناب چیئرمین۔ ٹھیک ہے ۔ ان کو ضرور لے کر آئیں اور ان کو یہ کہیں کہ ان کی موجودگی میں بات ہو گی۔ کئی دفعہ منہ سے بات جلدی میں نکل جاتی ہے۔

I do not think that he was serious.

جناب حسین شاہ راشدی۔ سر میں ان سے گزارش کرتا ہوں ۔

جناب چیئرمین۔ جناب ڈاکٹر شیر افگن ۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی۔ جناب والا میری گزارش یہ ہے کہ یہاں پر ابھی ایک معزز سینیٹر جو کوئٹہ سے ہیں نام کے ساتھ ایک چیز منسلک فرما رہے تھے ۔ تو ایک بات جو میں ضروری سمجھتا ہوں وضاحت کرنے کے لئے کہ اگر کسی کو پوری طرح سے ' غور سے ' آرام سے سن لیا جائے ' اس دن بھی واقعہ یہی ہوا کہ جائے اس کے کہ بات سنی جاتی وہ مجھ سے پوچھتے یا cross questions کرتے rules of procedure میں بھی طریقہ کار موجود ہے تو صورت حال جو آج ہے یا اخبارات میں جو بات آئی ہے یا اس کو سمجھنے نہ سمجھنے کی بات نہ ہوتی۔ وہ اس طریقہ کار سے ہو چکا ہے ایک بڑی پرانی کہانی ہے کہ ایک شخص کے بارے میں کہا گیا کہ اس نے تو نبوت کا دعویٰ کر دیا ہے ۔ اس کو پکڑ لیا گیا لوگوں نے مارنا شروع کیا تو اس نے کہا اللہ۔ وہ ان کے سامنے کوشش کر رہا تھا کہ کس طریقے سے میں وضاحت کر دوں۔ اس کا نام تھا اللہ رکھا۔ جب اللہ پر آیا تو اس کی بات سن کر انہوں نے کہا کہ پہلے تو نبوت کا دعوی کیا تھا اب اللہ بھی بن بیٹھا ہے۔ تو he was killed out of this process. کہ اس کو سنا نہیں گیا کہ وہ کہہ رہا تھا کہ میں اللہ رکھا یہ یقین دلاتا ہوں کہ میں نے ایسی بات نہیں کی ہے۔

جناب چیئرمین۔ میرے ایک عزیز بتا رہے تھے کہ کوئی خدا بخش خان تھا اس نے فون کیا اس نے کہا کون بول رہا ہے اس نے کہا میں خدا بول رہا ہوں اس نے کہا بکواس کیوں کرتے ہو بند کر دیا اس نے فون ۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی۔ یہ بھی ہو گی لیکن بات یہ ہے سمجھنے کی کہ اس کے بعد میں نے وضاحت کی اگر یہاں موقع نہیں ملا تو میں نے اخبارات میں بھی دی اور ساری

صورت حال واضح کی ۔ اس طریقہ کار سے میں جو کہنا چاہتا ہوں کہ جہاں یہ دلیل دعوی پیش کیا جا رہا ہے کہ جناب والا ہم تو امن چاہتے ہیں ' سکون چاہتے ہیں ' تعاون کر رہے ہیں یہ ہے وہ ہے۔ اگر یہ واقعی تعاون کی بات کرتے ہیں تو اعمال اس کا بہتر ثبوت ہیں۔ اعمال تو یہ ہیں کہ یہ سینیٹ خالی ہیں ۔ جبکہ کراچی کی صورت حال جو اتنی گھمبیر ہے ' جو قومی سطح کا مسئلہ ہے وہ کوئی پیپلز پارٹی کا مسئلہ نہیں ۔ وہ وزیر اعظم پاکستان کا بھی ذاتی مسئلہ نہیں ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ہر شہری کا مسئلہ ہے ۔ ہم سب کا مسئلہ ہے اور ہمیں اس کے بارے میں تشویش ہونی چاہئیے ۔ اس کے بارے میں فکر مند ہونا چاہئیے ۔ اس کے حل کے لئے کوشاں ہونا چاہئیے اور پھر اس طریق کار سے ایک گزارش اور ہے کہ جس ضمن میں انہوں نے واک آؤٹ فرمایا ہے اور وہ شخصیت قومی اسمبلی کی رکن ہے ۔ قومی اسمبلی کا رکن اپنے بارے میں کہی ہوئی بات پرپارلیمنٹ میں خود دفاع کر سکتا ہے ۔

جناب چیئرمین۔ بات یہ ہے کہ یہاں کیا کریں وہ ؟

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی۔ یہاں نہیں تو دفاع وہ وہاں پر کر سکتے ہیں ۔ وزیر داخلہ نے کہا ہے تو وزیر داخلہ ممبر ہیں قومی اسمبلی کے ۔

جناب چیئرمین۔ آپ کا مطلب یہ ہے کہ اگر تین مہینے کے بعد اجلاس وہاں ہوتا ہے تو وہاں جا کر دفاع کریں کیا یہ آپ کا نقطہ نظر ہے ؟

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی۔ اور پھر اس وقت دراصل چیئرمین صاحب میں اس سے اختلاف اس لئے کرتا ہوں کہ یہ after thought ہے ۔ یہ fabrication ہے ۔ اگر وہ اتنے ہی اس سے مخلص تھے ؟ اتنے ہی ان سے پیار رکھتے تھے ؟ اتنا ہی انہیں احساس تھا کہ ایک بات وزیر داخلہ نے صحیح نہیں کی اور اس کا سدباب ہونا چاہئیے اور شعوری تھے ' حقیقت پسند تھے تو کل انہوں نے کیوں نہیں اس وقت جب انہوں نے بات کی تھی اس وقت کہتے ۔ یہ دو دن کے بعد انہیں خیال آیا ۔

جناب چیئرمین۔ ٹھیک ہے ۔ ڈاکٹر صاحب کوشش کریں ان کو واپس لے آئیں ۔ ڈاکٹر صاحب آپ بھی ذرا کوشش کریں کہ ان کو واپس لے آئیں ۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی۔ میں ہاتھ جوڑ دیتا ہوں میں نہیں جاتا ۔

جناب چیئرمین۔ ملک حاکمین صاحب ۔

ملک حاکمین خان ۔ جناب چیئرمین اپوزیشن کی طرف سے پہلے تو بڑے اچھے انداز میں ' بڑے خوبصورت انداز میں انہوں نے فرمایا ہے کہ ہم اس وقت ان حالات میں ہیں جبکہ ملک میں موجودہ کراچی کے حالات کو سامنے رکھتے ہوئے جو میٹنگیں ہو رہی ہیں ۔ جو اپوزیشن کے درمیان اور گورنمنٹ کے مابین بات چیت ہو رہی ہے ان تلخیوں کو ختم کرنے کے سلسلے میں لیکن ساتھ ساتھ یہاں اس قسم کے حالات رونما ہو رہے ہیں اور درس دے رہے ہیں کہ ان حالات میں ہمیں محتاط انداز میں بات چیت کرنی چاہئیے ۔ لیکن شاید ان کے نوٹس میں یہ بات نہیں آئی یا آج کے اخبارات انہوں نے نہیں پڑھے کہ لیڈر آف اپوزیشن میاں نواز شریف نے ان حالات میں جب کہ تلخیوں کو کم کرنے کی خواہش کی جا رہی ہے ۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ جب تک بھٹو خاندان برسر اقتدار ہے تو یہ ملک نہیں رہ سکتا ۔ تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں ان سے کہ اگر واقعی یہ سنجیدہ ہیں ' اگر ان کی واقعی یہ سوچ ہے تو کیا اس ملک کے elected representatives جو ہیں وزیر اعظم پاکستان محترمہ بے نظیر بھٹو تو اس وقت جو بات چیت ان کی طرف سے ہو رہی ہے ' اس ملک میں تلخیوں کو ختم کرنے کی کوشش ہو رہی ہے ۔ ملک کے لئے ایک پرسکون ماحول بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ تو جناب کیا ایسی سٹیٹمنٹ جناب لیڈر آف اپوزیشن کو زیب دیتی تھی؟ دینی چاہئیے؟ ان حالات میں جبکہ دنیا جانتی ہے کہ پیپلز پارٹی اس ملک کے وفاق کے اتحاد کی علامت ہے۔ پیپلز پارٹی چاروں اکائیوں میں ' چاروں صوبوں میں موجود بھی ہے ' مقبول بھی ہے اور مضبوط بھی ہے۔ تو آپ کیوں ایسے حالات پیدا کرنا چاہتے ہیں؟ تو جناب میری گزارش یہ ہے کہ یہ باتیں کہنے میں کچھ اور فرما رہے ہیں ۔ لیکن عمل کچھ اور ہے۔ تو میری گزارش یہ ہے کہ یہ نیت اپنی ٹھیک کریں ۔ اگر انہیں اپنے لیڈر کے لئے اتنی سی بات سے جو ہو سکتا ہے ان کے کہنے کا مطلب کچھ اور ہو کہنے کا مقصد کچھ اور ہو لیکن آج اس ملک کی وزیر اعظم کو یا اس ذوالفقار علی بھٹو کی پارٹی کو یا اس خاندان کو اس طرح لیا جا جا رہا ہے کہ یہ اگر ہو گا تو یہ ملک نہیں رہے گا ۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں میاں صاحب ذوالفقار علی کی خدمات کو دنیا جانتی ہے ۔

جناب چیئرمین۔ چلیں کافی ہے ۔

ملک حاکمین خان - اس نے اپنے اس ملک کی بقاء کے لئے ' اس ملک کی تقدیر کو بدلنے کے لئے .....

جناب چیئرمین- طارق چوہدری صاحب بھی کچھ کہنا چاہ رہے ہیں بس کافی ہو گیا۔

جناب محمد طارق چوہدری- میں تو صرف یہ پوچھنا چاہ رہا ہوں کہ یہ point of order، کس قاعدے کے تحت انہوں نے اٹھایا ہے اور کیا اس point of order پر اتنی لمبی تقریر فرمائی جا سکتی ہے ؟

جناب چیئرمین- نہیں point of order تو نہیں بنتا - بہرحال انہوں نے بات کی ہے اگر آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں تو آپ بھی کہہ لیں -

ملک حاکمین خان - میں اپنے برادر سے پوچھتا ہوں کہ یہ کوئی ضروری ہے کہ آپ نے اپنی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے ان باتوں سے؟ آپ کو اس وقت احساس نہیں ہوا جب ان کے point of order چل رہے تھے۔ تو اس لئے جناب سستی شہرت حاصل نہیں کرنی چاہئیے محترم۔ میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ جب میں بات کروں تو اس وقت آپ کو بھی احساس ہونا چاہئیے۔

جناب چیئرمین- ٹھیک ہے -

Mr. Yahya Bakhtiar: Point of Order Mr. Chairman, the House should be adjourned for 15 minutes.

Mr. Chairman: O.K, the House is adjourned for 15 minutes.

[The House adjourned for prayers]

[The House re-assembed after interval with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajid) in the Chair]

جناب چیئرمین، بلائیں جی سب کو - کیوں جی آگئے کہ نہیں - تو قادر صاحب آپ شروع کریں کہ راشدی صاحب شروع کریں گے - شکریہ راشدی صاحب آپ کافی تقریریں کرتے ہیں آج چانڈیو صاحب کو موقع دیا جائے میرا خیال ہے جی چانڈیو صاحب۔

جناب غلام قادر چانڈیو۔ شکریہ جناب چیئرمین میں آپ کا بہت ہی ممنون ہوں کہ آپ نے اس بڑے اہم مسئلے پر مجھے بولنے کا موقع دیا۔ اور سب سے پہلے تو یہ جو مذاکرات ہو رہے ہیں اس کا ہم سب نے پہلے بھی خیرمقدم کیا ہے اور میں بھی خاص طور پر خیرمقدم کرتا ہوں اور اس امید سے کہ یہ مذاکرات انشاءاللہ نتیجہ خیز ہوں گے اور اس سے ایک مرتبہ پھر کراچی میں امن قائم ہوگا اور اس طرح سے ہم جیسے پہلے بھائی تھے اس حساب سے انشاءاللہ رہیں گے مگر جہاں تک حقائق ہیں وہ بھی بتانا ضروری ہیں کیونکہ میں نہیں چاہتا کہ اب ایسا ماحول پیدا کیا جائے کہ جس سے ماحول میں مزید کوئی خرابی پیدا ہو۔ ہم کوشش کر رہے ہیں کہ یہ ماحول ٹھنڈا ہو۔ دونوں طرف سے مذاکرات کا آغاز ہو چکا ہے اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ ماحول کو ٹھنڈا رکھیں تاکہ ہمارے مذاکرات کامیاب ہوسکیں۔

جناب چیئرمین، سب سے پہلے تشدد کی بات آتی ہے۔ ہم سب کو دہشت گردی کی مذمت کرنی چاہیئے کیونکہ اس کی زد میں ہم سب لوگ آ رہے ہیں۔ تشدد میں یہ نہیں دیکھا جاتا کہ یہ مہاجر ہے، سندھی ہے، بلوچ ہے یا پنجابی یا پٹھان ہے۔ تشدد میں سب تباہ و برباد ہو رہے ہیں۔ اس سے ہمارے اندرونی اور بیرونی حالات پر بہت ہی برا اثر پڑ رہا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ کراچی کی صورتحال کا مسئلہ کشمیر، جس کو ہماری حکومت نے اٹھایا ہے، پر کافی اثر پڑا ہے۔ جب تک ہم آپس میں امن و اتحاد قائم نہیں کرتے تو میں سمجھتا ہوں کہ ہم کشمیر کا مسئلہ بھی حل نہیں کرا سکتے۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ ہم اپنے ملک میں بھائیوں کی طرح رہیں، امن قائم کریں اور اپنے مسائل حل کریں۔ جناب والا، بندوق کے زور پر کبھی مسائل حل نہیں ہوتے۔ ہم اور ہمارے اتحادیوں نے بھی مارشل لا کے دور میں اس کے خلاف آواز اٹھائی تھی مگر کبھی بھی بندوق کے زور پر بات نہیں کی تھی۔ آپ بھی پرامن تحریک چلائیں، ہم مانتے ہیں کہ ضرور کراچی میں مسائل ہیں اور کراچی کے علاوہ پورے ملک میں مسائل ہیں لیکن مسائل کا یہ حل نہیں کہ آپ بندوق لے کر آئیں اور بندوق کے زور پر کہیں کہ آپ کو کرنا ہے یہ کریں ورنہ ہم الگ صوبہ بنائیں گے یا کوئی اور بات کرلیں گے۔ جناب والا، ہم نے بہت قربانیاں دی ہیں مگر تاریخ شاہد ہے کہ کبھی بھی تشدد کا راستہ اختیار نہیں کیا آپ دیکھیں تشدد کی وجہ سے کراچی کی صورتحال کیا ہوگئی ہے وہاں پر چھوٹے سے لے کر بڑے تک ہر ایک کا سکون تباہ ہے اور گھر سے باہر نکلنے کے بعد کسی کو یہ توقع نہیں ہوتی کہ ہم واپس بخیریت

اپنے گھر پہنچیں گے۔ میں یہ بالکل نہیں کہتا کہ آپ تحریک نہ چلائیں ' تحریک چلائیں مگر تحریک پرامن ہونی چاہیئے۔ ہم اس سے قطعی انکار نہیں کرتے کہ کراچی کے مسائل نہیں ہیں' مسائل ضرور ہیں لیکن ان مسائل کو حل کرنے کے لئے پرامن تحریک چلائیں اور تشدد سے گریز کریں۔ کہا گیا ہے کہ اگر مذاکرات کامیاب نہ ہونے تو ہم الگ صوبہ بنائیں گے۔

جناب والا' پاکستان بنانے کے لیے جتنی قربانیاں پورے پاکستان کے لوگوں نے دی ہیں ان میں سندھ کے لوگوں نے بھی برابر قربانیاں دی ہیں اور ہم لوگوں نے جس طریقے سے اپنے مہاجر بھائیوں کو قبول کیا ہے میں افسوس کے ساتھ کہتا ہوں کہ ان لوگوں نے اس کی قدردانی اچھے انداز سے نہیں کی لیکن پھر بھی ہم کہتے ہیں کہ اس ملک میں ہمیں رہنا ہے ' نہ مہاجر کراچی سے باہر جائیں گے ' نہ سندھی کراچی سے باہر جائیں گے ' نہ پنجابی کراچی سے باہر جائیں گے۔ سارے لوگ کراچی میں رہیں گے ہمیں ساتھ مرنا ہے ' ساتھ جینا ہے۔ تو جناب یہ بات پھر کیوں ہے ؟ میں دیکھ رہا ہوں کہ ہمارا مستقبل کچھ اچھا نہیں ' خدا نخواستہ کچھ ایسی بات ہوگئی تو مستقبل میں کیا ہوگا ؟ جناب والا' پاکستان بڑی قربانیوں کے بعد بنا ہے۔ ہم تو خدا کا شکر ادا کرتے ہیں کہ ہم آزاد ملک میں رہ رہے ہیں یہ لوگ خود کہتے ہیں کہ ہم نے اتنی بڑی قربانیوں کے بعد۔۔ سب لوگ کہہ رہے تھے کسی نے کہا کہ میرے باپ کا انتقال ہو گیا' فوت ہو گیا' یہ ہو گیا۔۔ اب وہی لوگ۔۔ آپ پر تو اور ذمہ داری آ جاتی ہے کہ آپ کم از کم معاملے کو ٹھنڈا رکھیں۔ یہ نہیں ہے کہ کسی کو آپ باہر نکالیں کسی کو آپ یہ کریں۔ جناب والا' میں آپ کو ایک اور بات بتاتا چلوں کہ ہم لوگوں نے ہمیشہ یہ بات کی ہے کہ بھئی بات امن سے قائم ہو گی۔ دونوں طرف سے بات چل رہی ہے۔ ہم کوشش کر رہے ہیں کہ یہ بات ہماری آگے چلے۔ باقی کیسوں کا مسئلہ ہے' مقدمات کا مسئلہ ہے۔ جناب' مقدمات کا ہم نے بھی سامنا کیا ہے اور تقریباً کوئی دو سال' کوئی اڑھائی سال' کوئی تین سال سب لوگ یہاں پر بیٹھے ہیں' کوئی نہ کوئی کسی طریقے سے مقدمات میں ملوث رہے ہیں حتیٰ کہ ہماری وزیراعظم صاحبہ بھی' آصف علی زرداری صاحب بھی اور MNAs بھی اور Ministers بھی جیلوں میں رہے ہیں' مقدموں میں رہے ہیں۔ مقدمات کا ہم نے سامنا کیا ہے۔ تو ان لوگوں کو بھی چاہئے کہ وہ مقدمات کا سامنا کریں۔ عدالتیں کھلی ہوئی ہیں۔ اب آزادی ملک میں ہے مارشل لاء کا دور نہیں ہے۔ ہم نے تو مارشل لاء کے دور میں ان مقدمات کا سامنا کیا ہے۔ سچ سچ ہو گا' جھوٹ جھوٹ ہو گا۔ تو جناب ان کو چاہئے

یہ مقدمات کا سامنا کریں اور آئیں ملک میں بیٹھیں۔ آپ دیکھیں کہ مارشل لاء کے دور میں ضیاء ڈکٹیٹر کے دور میں ہماری Prime Minister صاحبہ اس ملک میں رہیں باہر تو وہ نہیں گئی تھیں ان کو بھی چاہئے وہ آئیں ملک میں بیٹھیں۔ کچھ نہیں ہو گا ان کو۔ جب ملک میں بیٹھیں گے بات بنے گی۔

جناب! ان کو چاہئے کہ ملک میں آ کے بات کو آگے بڑھائیں اور دیری کے ساتھ مقابلہ کریں جیسے ہمارے لیڈروں نے کیا ہے، ہمارے کارکنوں نے کیا ہے۔ ہمارے دوستوں نے کیا ہے۔ تو جناب یہ بات ہوئی۔ باقی بات ہو رہی ہے کہ ہم نے مقدمات قائم نہیں کئے ہیں ان لوگوں کے خلاف ----

(اس موقع پر جناب عبدالرحیم خان مندوخیل نے چیئرمین کی نشست سنبھالی اور ایوان میں ڈیسک بجائے گئے)

جناب غلام قادر چانڈیو۔ جناب ان لوگوں نے بات کی کہ یہ مقدمات بنائے گئے، یہ مقدمات مسلم لیگ کے دور حکومت میں بنائے گئے ہم نے نہیں بنائے۔ یہ اس وقت کے دور کے چیف منسٹر سندھ جناب جام صادق علی کے دور میں بنائے گئے تھے۔ تو جناب یہ ان کے ہی ہیں۔ ابھی فوجی اپریشن کی بات ہو رہی تھی۔ فوجی اپریشن بھی ہم نے نہیں کروایا تھا۔ مسلم لیگ کے دور میں ہوا ہے اور یہ تو پیپلزپارٹی کو کریڈٹ جاتا ہے کہ ہم نے یہ سمجھتے ہوئے کہ ہم نے اگر فوج کو وہاں سے withdraw کیا تو ہمارے لیے مشکلات بڑھیں گی۔ اب وہ آپ کے سامنے آ گئی ہیں پھر بھی ہم کیونکہ democracy کے دور میں گزر رہے ہیں ہماری پارٹی جمہوریت کا دعویٰ کرتی ہے اور ہم نے فوج کو وہاں سے withdraw کیا ہے اور بڑا اہم فیصلہ ہم نے لیا ہے۔ جناب میں ایک اور بات کہوں گا ہمیں اور خاص طور پر مجھے --- سب لوگوں کی میں عزت کرتا ہوں اور ہمارے بزرگ رہنما قاضی حسین احمد صاحب جن کی میں بہت ہی عزت کرتا ہوں وہ قابل عزت ہیں اور انہوں نے خاص طور پر پرسوں اپنی تقریر میں کچھ ایسی بات کہی جس سے نہ صرف میرے دل کو بلکہ پورے پاکستان کی عوام کے دل کو دکھ ہوا ہے اور اتنے بڑے لیڈر اور اتنی بڑی عزت والے آدمی سے کم از کم یہ توقع نہیں کرنی چاہئے کہ بے نظیر صاحبہ کو جو اقتدار ملتا ہے وہ تعصب کی بنیاد پر ملتا ہے سندھ کے ناطے سے ملتا ہے۔ جناب یہ کوئی ایسی بات نہیں۔ میرے دوست ڈاکٹر نصیر عباسی نے اس پر کافی روشنی ڈالی ہے اور میں بھی اس میں ایک دو جملے اضافہ

کروں گا کہ جناب' پاکستان پیپلزپارٹی کی تاریخ کو آپ دیکھیں تو آپ کو پتہ چلے گا کہ 70ء سے لے کر 1993ء کے الیکشن کے نتائج تک جب بھی پاکستان میں آزادانہ الیکشن ہوئے ہیں تو ہمیں پورے پاکستان سے بلکہ چاروں صوبوں سے لوگوں نے ووٹ دیئے ہیں۔

میں دعوے سے کہتا ہوں کہ یہ پاکستان پیپلزپارٹی واحد پارٹی ہے جس کو پورے ملک کی نمائندگی حاصل ہے۔ ابھی آپ ریکارڈ کو چیک کریں پارٹیاں ہیں مگر جتنی نمائندگی پاکستان میں ہماری پارٹی کو حاصل ہے کسی اور پارٹی کو حاصل نہیں ہے۔ پھر اسی پارٹی کو آپ یہ کہیں کہ آپ کو تعصب پر ووٹ ملتے ہیں' آپ کو تعصب کی بنیاد پر اقتدار ملتا ہے' یہ سراسر بات صحیح نہیں ہے۔ میں کہتا ہوں کہ یہ جو ایک chain ہے جو کم از کم پورے ملک کو متحد کرتی ہے تو میں دعوے سے کہتا ہوں کہ وہ صرف اور صرف بینظیر ہے اور کوئی نہیں ہو سکتا۔ ہم نے وفاق کی بات کی ہے۔ کبھی بھی ہم نے کوئی ایسی بات نہیں کی' یہ پیپلز پارٹی ہے جس کی وجہ سے ہم سندھ میں قوم پرست چھوٹی چھوٹی پارٹیوں کا مقابلہ کر رہے ہیں اور اگر پیپلز پارٹی نہ ہوتی تو خدانخواستہ تو حالات کچھ اور ہوتے۔ آپ ہی کے دور میں یعنی کہ مسلم لیگ کے دور میں' جام صادق علی کے دور میں' حکومت کے ایڈوائزر قوم پرست پارٹی کے لیڈر کی سالگرہ میں گئے ہیں' ہمارے دور میں کبھی ایسا نہیں ہوا۔ پھر بھی ہمیں یہ طعنہ جناب بڑے دکھ کی بات ہے۔ میں تو کہتا ہوں کہ --- ہمارے معزز اپوزیشن لیڈر کی سٹیٹمنٹ آئی ہوئی ہے کہ اگر یہ بھٹو خاندان کی حکومت پاکستان پر قائم رہی تو کچھ باقی نہیں رہے گا' میں تو کہتا ہوں کہ اگر بھٹو خاندان کا' پاکستان پیپلز پارٹی کا خدانخواستہ اقتدار نہ رہا تو یہ پاکستان بھی خدانخواستہ نہیں رہے گا۔ اس سے کہ یہ ایک ایسی بات ہے کہ پیپلز پارٹی پاکستان کو متحد رکھ سکتی ہے' پیپلز پارٹی پاکستان کے ہر اس طبقے کی بات کرتی ہے چاہے وہ مزدور ہو' چاہے وہ کسان ہو' چاہے وہ طالب علم ہو' چاہے وہ ڈاکٹر ہو' چاہے اس کا تعلق کسی بھی طبقہ سے ہو' اس کی بات پیپلز پارٹی کرتی ہے۔

جناب اپنی لیڈر محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ کی جدوجہد پہ ہمیں فخر ہے۔ ان کی جدوجہد کی بدولت اور جو ہمارے ساتھ پارٹیاں ہیں ان کی جدوجہد کی وجہ سے آج ملک میں جمہوریت ہے اور ہمارا نظام چل رہا ہے۔ دیکھیں کتنی قربانیاں ہم نے دی ہیں۔ مارشل لاء کے دور سے لے کر 1993 کے الیکشن اور پھر 1993ء کے الیکشن آپ دیکھیں تو یہ کارنامے اگر میں یہاں بتانا شروع کر دوں تو کافی ٹائم لگ جائے گا۔ مگر میں وہ بات ابھی نہیں کہنا چاہتا۔

آخر میں سب لوگوں سے یہ توقع کرتا ہوں کہ ہمیں ایک مرتبہ پھر کراچی میں بالخصوص اور پورے پاکستان میں بالعموم امن قائم کرنا ہے تو کم از کم ہم اپنی تلخیوں کو دور کریں' دل کھول کر ایک دوسرے کی بات سنیں اور برداشت کی قوت بھی ہمارے پاس ہونی چاہئے۔ ایک دوسرے کو سننے کی قوت رکھیں۔ یہ نہیں ہے کہ کسی نے یہ بات کہی تو میں اس کا یہ کر دوں گا۔ یہ بات صحیح نہیں ہے۔ ہم ایک دوسرے کو برداشت کریں چاہے وہ حکومت سے ہو' چاہے اپوزیشن سے ہو۔ ہمیں ایک دوسرے کی عزت کرنی چاہئے' اسی سے اس ملک میں اور خاص طور پر کراچی میں امن ہو گا۔ شکریہ جناب۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اب میں حافظ حسین احمد صاحب سے درخواست کروں گا کہ وہ فلور لیں۔۔۔۔۔ نہیں ہیں۔۔۔۔۔ اب میں پروفیسر خورشید احمد صاحب سے گزارش کروں گا کہ وہ فلور لیں۔

پروفیسر خورشید احمد: الحمد اللہ رب العالمین جناب چیئرمین میں آپ کا بے حد ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے اس موضوع پر اظہار خیال کا موقع دیا۔ میں بھی اپنی گفتگو کا آغاز اسی دعا سے کرنا چاہتا ہوں کہ کراچی میں جو آگ لگی ہوئی ہے وہ جلد از جلد بجھے جو قتل و خون وہاں جاری ہے وہ ختم ہو۔ مذاکرات کا آغاز خواہ جس انداز میں بھی ہوا ہو' خدا کرے کہ وہ کامیاب ہوں اور ملک اس crisis سے نکلے۔ جناب والا میں سب سے پہلے یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ کراچی کا مسئلہ محض کراچی کا مسئلہ نہیں یہ پورے پاکستان کا مسئلہ ہے اور میری نگاہ میں پاکستان کی بقا اور ترقی کا انحصار سندھ اور کراچی کے حالات کی جلد از جلد اصلاح ہو۔ دنیا اعتبار سے اس مسئلے میں ساری دنیا میں ہمارا منہ کالا کر دیا ہے۔ اوآج ہمارے دشمن خوشیاں منا رہے ہیں کہ کس طرح مسلمان ایک دوسرے کا گلا کاٹ رہے ہیں ان کا خون بہا رہے ہیں۔ یہ سیاسی اعتبار سے تباہ کن ہے اس لئے کہ ملک میں سیاسی ترقی' سیاسی process ان کے جاری رہنے کا انحصار اس پر ہے کہ ہم اپنے معاملات کو سیاسی عمل کے ذریعے حل کریں اگر ان کو قوت کے ذریعے حل کیا گیا تو محض کراچی نہیں یہ پورے ملک میں سیاسی process کو تباہ کرنے کا ذریعہ بنے گا۔ یہ معاشی اعتبار سے بے حد نقصان دہ ہے۔ کراچی تقریباً ۶۰ فیصدی پیداوار ٹیکس اور ان تمام پہلوؤں سے پاکستان کی معیشت کو contribute کر رہا ہے۔ کراچی کے حالات کا اثر پورے ملک کی صنعت پر' پورے ملک کی تجارت پر' پورے ملک کی سرمایہ کاری پر ہوتا ہے۔ موجودہ حکومت خوش کے شادیانے بجا رہی ہے کہ ہم نے اتنے MOUS پر دستخط حاصل کر لئے ہیں اور اتنی سرمایہ کاری ہونے والی ہے لیکن میں معاشیات کے ایک ادنیٰ طالب علم ہونے کی حیثیت سے آپ کو متنبہ کرنا چاہتا ہوں کہ اگر ملک میں سیاسی استحکام سیاسی

دستخط حاصل کر لئے ہیں اور اتنی سرمایہ کاری ہونے والی ہے لیکن میں معاشیات کے ایک ادنی طالب علم ہونے کی حیثیت سے آپ کو متنبہ کرنا چاہتا ہوں کہ اگر ملک میں سیاسی استحکام سیاسی بھائی چارہ، امن و امان نہیں تو آپ ہرگز بیرونی سرمایہ کاری کی توقع نہ رکھیں۔ کراچی gateway to Pakistan ہے۔ اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ صرف کراچی ڈسٹرکٹ کا مسئلہ ہے اور بقایا ملک میں سرمایہ کاری ہوگی، تو ای خیال است، محال است، جنوں میں آپ کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ ابھی انگلستان میں جو Investers کانفرنس آپ نے کی۔ خود اس کانفرنس کے اندر تقریر کرتے ہوئے یہ بات برٹش delegate نے کہی ہے۔ Citizen of Karachi is worrying for foreign investors in Pakistan تو یہ محض ایک چھوٹا سا مسئلہ نہیں ہے یہ بڑا اہم مسئلہ ہے اور ہمیں اس کو وہ اہمیت دینا چاہیئے جس کی ضرورت ہے۔

دوسری بات جناب والا! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہمیں شہر کراچی کو پیغام دینا چاہیئے اور میں سینٹ کو یہ تبریک پیش کرتا ہوں کہ اس نے پچھلے ڈیڑھ دو سال میں خصوصیت سے اور جس دن سے یہ سینٹ وجود میں آیا ہے اس دن سے اس نے سندھ اور کراچی کے مسائل کو اہمیت دی ہے۔ اس کی کمیٹیز نے اس کے جنرل سیشن کے اندر، اس کے چیئرمین نے اور بار بار کراچی کے مسئلے پر گفتگو کر کے اور اس کو قوم کی توجہ کا مرکز بنا کر کے ہم نے اہل کراچی کو یہ پیغام دیا ہے کہ تم تنہا نہیں ہو۔ پورا ملک تمہاری مشکلات اور اس crisis میں concerned ہے اور اس کے حل کی کوشش کر رہی ہے۔ اور جناب چیئرمین خود آپ نے جو تقریر کی ہے اس میں بھی اس کا اشارہ موجود ہے اور میں اس کی تائید کرتا ہوں کہ اس بات کی ضرورت ہے کہ اسے محض اہل کراچی کا مسئلہ نہ سمجھا جائے اس میں پورا ملک interested ہے پورا ملک involved ہے ہم سب کے مستقبل کا انحصار ہے ان مذاکرات کی کامیابی کے لئے ہم صرف دعا گو نہیں ہیں بلکہ اس بات کی ضرورت ہے کہ اس میں پورے ملک اور تمام پارٹیوں کی participation ہو۔ اسی بنا پر یہ صرف ایک پارٹی کا مسئلہ نہیں ہے دو پارٹیوں کا مسئلہ نہیں ہے محض ایم کیو ایم اور پی پی کا مسئلہ نہیں ہے۔ بلکہ پورے پاکستان اور اس کی تمام سیاسی جماعتوں دینی جماعتوں اور تمام شہریوں کا مسئلہ ہے اس کے ساتھ ہی میں یہ بات بھی کہنا چاہتا ہوں کہ اس وقت حکومت کو بھی اور ایم کیو ایم کو بھی اور ہم سب کو بھی علاقائی اور مقامی حقائق کا ادراک تو ضروری ہے لیکن مقامی اور علاقائی لسانی سوچ کے برعکس پاکستان اور اسلام جو اس ملک کی بنیاد ہیں، جناب والا اس بنیاد پر ہمیں اس مسئلے کو حل کرنا چاہیئے۔

جناب والا! اسی پس منظر میں میں سب سے پہلے آپ کے سامنے وہ چار بنیادی اصول رکھنا چاہتا ہوں جو میری نگاہ میں اس مسئلے کے حل کے لئے بنیاد کی حیثیت رکھتے ہیں جن کی حیثیت مسلمہ تھی اور

ان کے اوپر ہمارا اتفاق رائے انشا ء اللہ بنیاد بنے گا مسئلے کو حل کرنے کے لئے اس میں پہلا اصول یہ ہے کہ پاکستان ایک نظریاتی تحریک کا ثمرہ اور حاصل ہے یہ ملک برصغیر کے تمام مسلمانوں کے لئے خواہ ان کا تعلق بنگال سے ہو پنجاب سے ہو سندھ سے ہو بلوچستان سے ہو سرحد سے ہو یا دہلی سے ہو یو پی سے ہو سی پی سے ہو بہار سے ہو حیدر آباد سے ہو آسام سے ہو ۔ان سب نے مل کر ایک مشترک جد و جہد کی ہے ۔ سب نے مل کر قربانیاں دی تھیں پاکستان سب نے مل کر بنایا ہے پاکستان پر سب کا حق ہے اور سب کا مساوی حق ہے اس میں کوئی بڑا او ر چھوٹا کوئی امتیازی مقام رکھنے والا کوئی برہمن اور شودر نہیں اس کی پہلی بنیاد یہ ہے کہ پاکستان ایک نظریاتی ملک ہے نظریاتی تحریک کا نتیجہ ہے یہ مسلمانان برصغیر کی کوششوں کا حاصل ہے اور اس پر ان سب کا حق ہے جو پاکستان میں رہ رہے ہیں ۔بلالحاظ اس بات کے کہ وہ کون سی زبان بول رہے ہیں کس substantial گروپ سے تعلق ہے انہوں نے عزت کی ہے انہیں کی ۔

جناب والا! تیسری بنیاد میری نگاہ میں جو ہے وہ یہ ہے ۔ کہ تشدد مسائل کا حل نہیں ہے مجھے بڑی خوشی ہے کہ پی پی پی کی طرف سے بولنے والے اور اپوزیشن کی طرف سے بولنے والے تقریباً سب ہی حضرات نے اس بات کا کھل کر اظہار کیا ہے کہ تشدد مسائل کا حل نہیں ہے ۔ ہمیں اس بات کو تسلیم کرنا چاہئیے ہمیں اس بات کا اعلان کرنا چاہئیے بلکہ میں اس سے آگے بڑھ کر یہ بات کہوں گا کہ جو یہ ہے کہ بجائے اس کے ہم ایک دوسرے کے اوپر تیر پھینکیں ایک دوسرے کی کمزوریوں اور خامیوں کی نشاندہی پر وقت گزاریں اور یہ حقیقت ہے کہ شاید کسی کا دامن بھی بالکل صاف نہیں ہے ۔ کسی نہ کسی موقعے پر ہر ایک نے اپنے مفاد میں کبھی کسی نے agitation کے انداز میں کبھی کسی نے دفاع کے انداز میں لیکن تشدد راستہ اختیار کیا گیا میرے دوست جو بھی یہاں کھڑے ہو کر یہ کہتے ہیں کہ تشدد پیپلز پارٹی نے کبھی نہیں کیا میں بڑے ادب سے عرض کروں گا کہ وہ حقائق کے معاملے میں بے انصافی سے کام لے رہے ہیں طلباء کی سیاست میں تشدد کو شروع کرنے والے ہم سب جانتے ہیں کون ہیں ؟ اور پھر کس طرح اس سے ایک cham reaction رونما ہوا ملک کی سیاست کے اندر ابھی میرے ایک دوست نے بلکہ کئی افراد نے یہ بات کہی کہ امیر جماعت نے سندھ کے بارے میں جو بات کہی اس سے ان کو دکھ پہنچا مجھے خوشی ہے کہ دکھ پہنچا اس لئے کہ میں سمجھتا ہوں کہ اسی دکھ سے شاید ہم مسئلے کا حل بھی کچھ نکال سکیں ۔ بلاشبہ پیپلز پارٹی ایک all Pakistan پارٹی ہے ہم نے اس سے کبھی انکار نہیں کیا بلکہ ہم اسے دیکھنا چاہتے ہیں کہ پیپلز پارٹی صحیح معنی میں ایک all Pakistan پارٹی ہے بلکہ اس ملک کی ہر پارٹی علاقائی پارٹی نہ ہو بلکہ کل پاکستان پارٹی ہو ہر جگہ وہ عوام کو face کرے ہر جگہ کے مسائل کو وہ اپنا مسئلہ سمجھے لیکن کیا حقائق محض

آپ کی خواہشات یا آپ کے دعووں سے نظر انداز کئے جاسکتے ہیں؟ کیا یہ ایک حقیقت نہیں ہے کہ سندھ میں 1970 میں سندھ کارڈ استعمال کیا گیا ممتاز علی بھٹو صاحب کے دور میں جو اس وقت کے گورنر تھے ۔ کیا کچھ نہیں ہوا؟ ان کو کیوں ہٹایا گیا؟ میں نے تو نہیں ہٹایا ۔ ان کو ہٹانے کی وجوہاتحقیقی وجوہات تھیں جس کی بنا پر وہ تبدیلیاں لانا پڑیں ۔ ایم آر ڈی کے بارے میں آج بلاشبہ یہ کہہ دیں کہ وہ NON-VIOLENT MOVE تھی لیکن ذرا اس زمانے کے اخبارات اٹھا کر دیکھ لیجئے۔ میں بھی یہیں تھا آپ بھی یہیں تھے ۔ اس طرح حقائق کا انکار جو ہے وہ تاریخ کو تو نہیں بدل سکتا ۔

اتنی نہ بڑھا پاکئی داماں کی حکایت
دامن تو ذرا دیکھ ذرا بند قبا دیکھ

جناب والا ! ہم یہ چاہتے ہیں کہ سندھ کارڈ استعمال نہ ہو ۔ ہم یہ چاہتے ہیں کہ اردو کارڈ استعمال نہ ہو ' ہم یہ چاہتے ہیں کہ بلوچی کارڈ استعمال نہ ہو ' ہم یہ چاہتے ہیں کہ پنجابی کارڈ استعمال نہ ہو ۔ ہم یہ چاہتے ہیں کہ صرف پاکستانی کارڈ استعمال ہو ۔ ہم سب مل کر کے یہاں رہیں ۔ میں صاف الفاظ میں کہنا چاہتا ہوں کہ اسلام نے ہمیں جوڑنے اور ایک بنانے کا کام انجام دیا ہے اور یہ اسلام کی خوبی ہے کہ اس نے تنوع کا انکار نہیں کیا ۔ اس نے زبان کو ' اس نے مقامی حالات کو ' ان نے علاقائی تہذیب و تمدن کو اپنے میں سمیٹ لیا ہے ۔ قرآن صاف کہتا ہے کہ ہم نے تمہیں ایک مرد اور عورت سے پیدا کیا ہے ۔ تم سب یہ کہو کہ یہ خون جو تمہاری رگوں میں دوڑ رہا ہے ' تمہارے ماں باپ ایک ہیں ' ایک تمہاری بنیاد ہے لیکن و جعلنا شعوبہم و قبائل لتعارفو۔ ان اکرمکم من عنداللہ اتقاکم ۔ یہاں اس کے بعد تم گروہ بھی بنے ہو ' شعوب بھی بنے ہو ' قبائل بھی بنے ہو ' قومیں بھی بنی ہیں ' قومیتیں بھی بنی ہیں لیکن سب ایک حضور کے طفیل ان اکرامکم عنداللہ اتقاکم یہ تمہاری اصل پہچان نہیں ہے ۔ تمہاری اصل پہچان تمہارا ایمان ہے ' تمہارا کردار ہے ' تمہارا دین ہے ' تمہارا تقویٰ ہے ' تمہاری خدمات ہیں ۔ ہاں زبان کا فرق ہے ۔ حقیقت ہے اور اس حقیقت کو اسلام نے ہمیشہ قبول کیا ہے ۔ جس طرح ایک باغ میں بہت سے پھول ہوتے ہیں ' بہت سے رنگ ہوتے ہیں اور ہر پھول کا اپنا حسن ہے ' ہر پھول کی اپنی خوش بو ہے اور اس طرح یہ سب لیکن یہ سب مل کر کے ایک باغ

بنتا ہے اور ہم ایک باغ کے مالی ہیں ' ہم اس باغ کے نگہبان ہیں ' ہم اس باغ کو آگے بڑھانا چاہتے ہیں ' اس میں حسن بڑھانا چاہتے ہیں ' تو ہمیں یک رنگی ' یک جہتی پیدا کرنے والی چیز کو بنیاد بنانا چاہئیے ۔ جناب والا ! میں یہ بات بھی کہنا چاہتا ہوں کہ street terror اور state terror دونوں غلط ہیں ۔ میں خود اس بات کا گواہ ہوں ۔ پچھلے ہی ہفتے پانچ دن میں نے کراچی میں گزارے ہیں اور میں نے دیکھا ہے کہ کس طرح ایک طرف street terror ہیں اور وہ اس کو condem کرتا ہے لیکن دوسرے state terror بھی ۔ میں نے خود یہ بات کہی کہ خدا کے لئے آپ اپنے رینجرز کو قابو کریں ۔ میں خود دیکھ کر آ رہا ہوں کہ کس طرح معصوم انسانوں پر گولی چلتی ہے ۔ پورے محلے کا گھیراؤ کر لیتے ہیں ۔ بیس پچیس سے لے کر دو دو سو افراد کو وہ پکڑ کر لے جاتے ہیں ۔ بچوں کو لے جاتے ہیں ' بوڑھوں کو لے جاتے ہیں ۔ ان پر تشدد بھی کرتے ہیں ۔ یہ طریقہ درست نہیں ہے ۔ آپ کے ملک کا دستور یہ کہتا ہے کہ کسی شہری کو وہ کوئی بھی ہو ۔ آپ اس کو گرفتار نہیں کر سکتے بلا گرفتاری وارنٹ کے ۔ آپ چوبیس گھنٹوں سے زیادہ اس کا ریمانڈ لئے بغیر اس کو اپنی تحویل میں نہیں رکھ سکتے لیکن یہاں یہ ہو رہا ہے کہ جس کو چاہتے ہیں اس کو اٹھا لے جاتے ہیں ۔ جب تک چاہتے ہیں تھانوں میں رکھتے ہیں ۔ تہہ خانوں میں رکھتے ہیں ۔ FIA کے تہہ خانوں میں رکھتے ہیں ۔ سی آئی اے کے تہہ خانوں میں رکھتے ہیں اور جب چاہتے ہیں چھوڑ دیتے ہیں اور جب چاہتے ہیں نہیں چھوڑتے حتیٰ کہ کورٹ سے رجوع کرنا پڑتا ہے تو جناب والا! ہمیں street terror اور state terror دونوں کو ختم کرنا ہے ۔

جناب والا! تیسری چیز جو میں کہنا چاہتا ہوں دونوں طرف کے اپنے بھائیوں سے کہ ہمارے ملک کے مسائل پیدا کرنے کی اصل وجہ بے انصافی ہے ۔ اصل وجہ لوگوں کے حقوق ادا نہ کرنا ' اصل وجہ حقائق کو نظر انداز کرنا اور اس میں زیادتی میرے سندھ کے مجبور ہاریوں اور غریب انسانوں پر بھی ہوئی ہے ۔ اس میں زیادتی مہاجروں سے بھی ہوئی ہے ۔ اس میں زیادتی بلوچوں کے ساتھ بھی کی گئی ہے ' اس میں زیادتی پختونوں کے ساتھ بھی کی گئی ہے تو بجائے اس کے کہ ہم اس کو قومیتوں کی جنگ بنائیں ۔ آئیے ہم اس کو حق اور انصاف کی طرف لائیں ۔ آئیے ہم سب مل کر سب کے لئے حقوق کی فراہمی ' آزادی کے حصول اور انصاف کے حصول ---- اور یاد رکھیئے کہ انصاف کبھی selective نہیں ہو سکتا ۔ انصاف اور victimisation میں یہ فرق ہے کہ انصاف سب کے لئے مساوی ہوتا ہے لیکن یہ کیا بات ہے کہ ایک طرف تو

آپ کو گولیاں نظر آتی ہیں اور اگر وہی کام حقیقی والے کرتے ہیں اور سرعام کرتے ہیں' یہ نہیں کہ چھپ کر رہے ہیں ۔ سب کے سامنے کر رہے ہیں ۔ اسلحہ لے کر پھر رہے ہیں ۔ اسلحہ کی سرعام نمائش ہو رہی ہے لیکن وہ آپ کو نظر نہیں آتا ۔ صرف آپ کو نظر نہیں آ رہا ہے بلکہ اس سے پہلے جو ان کی سرپرستی کرتے رہے ہیں ان کو بھی نظر نہیں آتا تھا ۔ یہی معاملہ الطاف گروپ کے ساتھ بھی ہوا ہے ۔ یہی معاملہ اوروں کے ساتھ بھی ہوتا آ رہا ہے ۔ یہ معاملہ ایک زمانے میں سب کے ساتھ ہوا ہے ۔ مجھے معاف کیجیئے کہ اگر میں یہ بات کہوں میرا دل کانپتا ہے اس تصور سے کہ مجھے اطلاع ملی ہے کہ حکومت کے ایوانوں میں یہ مشورے بھی ہوتے ہیں کہ ایک گروپ کا مقابلہ کرنے کے لئے دوسرے گروپ کو اسلحہ دیا جائے اور اس طرح وہ آپس میں مقابلہ کرتے رہیں ۔

آپ ملک کو civil war کی طرف لے جائیں گے ۔ یہ مسائل کا حل نہیں ہے ۔ بے انصافی ' ظلم ' تشدد ' اسلحہ کا استعمال اور اسلحہ کا اظہار سب کے لئے ختم کرنا چاہیئے ۔ اس میں کوئی discrimination نہیں ہونا چاہیئے ۔ میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ فی الحقیقت یہ حالات پیدا کرنے میں sense of deprivation کا بڑا حصہ ہے اور political deprivation جو مارشل لاء کے ادوار میں پیدا ہوا ' اس میں بھی اس کا بڑا دخل ہے ۔ آج ہمارے دوست selective انداز میں مارشل لاء کے اس سپوت کا ذکر تو کرتے ہیں کہ لالو کھیت میں بندوق لے کر آیا تھا لیکن یہ بھول جاتے ہیں کہ اسی آمر کے دائیں بازوں پر کون بیٹھا ہوا تھا اس کی حفاظت کے لئے اور اس کی چیف الیکشن کمشنر کے طور پر ' اس نے سنگدلی سے اس کا دفاع کیا ۔ یہ جو ہے یہ seclective approach ہے ۔ مارشل لاء ' ضیاء صاحب کے مارشل لاء میں سب سے بڑا ظلم جو ہوا ' وہ قوم کو سیاسی پارٹیوں سے محروم کرنے کے لئے ایک ایسی پالیسی اختیار کی گئی non party politics جس کے نتیجے کے طور پر عصبیتیں پیدا ہوئی ۔ برادریاں پیدا ہوئی ۔ علاقائی سیاست شروع ہوئی ۔ ان کی حوصلہ افزائی کی گئی اور ان کو مالی طور پر مضبوط کیا گیا اور ان کو train بھی کیا گیا اور آج ہم ان حالات سے دو چار ہیں ۔ اس لئے میں صاف کہنا چاہتا ہوں کہ جب تک ہم اور آپ محض پارٹی کے مفاد کی سطح سے بلند ہو کر اور سب کے ساتھ انصاف کا رویہ اختیار نہیں کریں گے ' معاملات حل نہیں ہوں گے ۔ یہی وجہ ہے کہ آج ایک نئی approach کی ضرورت ہے اور میں جو بات کہہ رہا ہوں اس کا میں خود بھی مخاطب ہوں اور

مخاطب کر رہا ہوں ۔

پوائنٹ یہ جناب والا ! میں کہنا چاہتا ہوں کہ ہمیں اس اصول کو ماننا چاہیئے کہ جمہوری اصول بنیادی اصول ہیں ۔ اور عوام جس کو اپنا نمائندہ قرار دے ہمیں اس کو نمائندہ ماننا چاہیئے ۔ خواہ ہمیں اس سے اختلاف کیوں نہ ہو ۔ بلاشبہ یہ ہماری جمہوریت ہے کوئی چیلنج کرے ۔ کل پھر انتخاب میں جائیں ۔ پھر عوام تک پہنچیں ۔ ان سے مینڈیٹ حاصل کرنے کی کوشش کریں ۔ لیکن خواہ وہ کوئی بھی ہو جس کو عوام مینڈیٹ دیتے ہیں ' ہم اس کو تسلیم کرکے ' اس کے اوپر frustrate کرنے کی جو کوشش ہو ہے وہ کار پیدا کرے گی وہ اصلاح پیدا نہیں کر سکتی ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ جمہوریت میں جتنا کردار حزب اقتدار کا ہوتا ہے اس سے کم کردار حزب اختلاف کا نہیں ہوتا ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ by definition جمہوریت میں اپوزیشن کو government in waiting کہا جاتا ہے ۔ لیڈر آف دی اپوزیشن جو ہے اسے Prime Minister in waiting کہا جاتا ہے ۔ لیکن جناب مجھے بتایئے کہ کیا سندھ میں آپ نے وہاں کی پوزیشن کو government invating کا مقام دیا ہے ؟ کیا آپ نے وفاداریاں بدلنے کے لئے سرمانے کا ' رشوت ' تعدد کا و پریشر کا استعمال نہیں کیا ہے ؟ یہ تمام چیزیں جمہوریت کو ختم کرنے والی ہیں ۔ یہ تمام چیزیں عوام کے مینڈیٹ کی نفی کرنے والی ہیں ۔ خدا کے لئے ان سے احتراز کیجیئے ۔ اس کے بغیر آپ کوئی اصلاح نہیں کر سکتے ہیں ۔

جناب والا ! پانچویں بات جو اول میں آ گئی ہے ' مگر میں صرف موجودہ حالات کی بناء پر دوبارہ عرض کر رہا ہوں وہ یہ ہے کہ علاقائی اور لسانی ' گروہی سوچ کو چھوڑ کر ہمیں قومی سوچ ' پاکستانی سوچ ' اسلام پر مبنی سوچ کو adopt کرنا ہے ۔ میں اس کے بعد جناب والا ' چند باتیں اس میں کہنا چاہتا ہوں کہ گفتگو اور مذاکرات جس انداز میں بھی شروع ہوئے ہیں اور میں اس پر خوش نہیں ہوں ۔ یہ مذاکرات threat کے تحت ہو رہے ہیں ۔ ایک طرف سے کہا جا رہا ہے کہ بات مانو ورنہ ہم علیحدگی کی بات کریں گے ۔ ورنہ foreign intervention بھی ہو سکتا ہے ۔ حکومت کی طرف سے کہا جا رہا ہے کہ ہاں مذاکرات تو کرو مگر آپریشن جاری رہے گا ۔ حکومت اسی طرح استعمال ہوتی رہی ' یہ جناب والا مذاکرات کے لئے نیک فال نہیں ' مذاکرات کے کامیابی کے لئے ضروری ہے کہ ماحول کو بہتر بنایا جائے ۔ اس سے میری نگاہ میں ماحول کو بہتر بنانے کے لئے سب سے پہلی چیز یہ ضروری ہے کہ دونوں طرف سے خلوص کے ساتھ ' تشدد ' احتجاج اور تصادم

کے راستہ سے اعتراف کیا جائے اور فی الحقیقت موقع دیا جائے ' سیاسی dialogue کو ' مذاکرات کو آگے بڑھانے کا اور اس کو کامیابی تک پہنچانے کا ۔ اس سلسلےمیں حکومت کی بھی ذمہ داری ہے کہ رینجرز اور پولیس جو اقدامات کر رہی ہے اسے روکا جائے ' custodian desk جس کی latest مثال ایک کونسلر کا پولیس کی تحویل میں مارا جانا ہے ' یہ تمام چیزیں اس کے ساتھ مطابقت نہیں رکھتی ہیں ' اسی لئے میں یہ کہوں گا کہ جو راستہ رینجرز نے اختیار کیا ہے کہ پورے پورے علاقوں کا گھراؤ کر کے لوگوں کو terrorise کرنا ' اسے فی الفور ختم کیا جائے ۔ سیدھی چیز یہ ہے کہ اسلحہ کا display ابھی آپ چاہیں تو اسلحہ واپس نہ لے سکیں لیکن کم از کم اسلحہ کا جو display ہے اس فوراً روکا جائے اور یہ پھر انصاف کے ساتھ سب کے ساتھ ' اس میں MQM الطاف گروپ بھی اور MQM حقیقی بھی ' اس میں دوسرے گروہ بھی اور اس میں رینجرز بھی ' میں آپ کو اپنا واقعہ بتاتا ہوں ' میں تقریباً کوئی دس دن پہلے کلفٹن سے قصرناز کی طرف آ رہا تھا راستے میں میری گاڑی کو رینجرز نے روک لیا ' آپ یقین مانیے پانچ چھ ان کی جیپیں تھیں اور ایک ان کا لیڈر تھا یہ سب نہ صرف بندوقیں اٹھائے ہوئے تھے بلکہ بندوقیں aim کئے ہوئے تھے اور literally جو رینجرز کا کمانڈر تھا اس نے پستول کے ٹریگر پر انگلی رکھی ہوئی تھی ۔ اس طرح آپ ڈسپلن کو deal کرتے ہیں اور میری گاڑی پر تو سنیئر کی پلیٹ بھی لگی ہوئی تھی لیکن اس کے باوجود بھی یہ رویہ ہوتا ہے ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جی آپ wind up کیجیئے۔

پروفیسر خورشید احمد۔ جی میں کر رہا ہوں میں صرف آپ کو چند نکات دوں گا ۔ دراصل جب تک آپ یہ رویہ نہیں بدلیں گے ۔ اس سلسلے میں میں عرض کروں گا کہ arms کا display ہر طرف سے بند ہو ' رینجرز کی طرف سے بھی بند ہو ۔

جناب والا چوتھی چیز میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس بات پر آپ سنجیدگی سے غور کریں کہ کم از کم کراچی کا administration ایک neutral چاہے وہ interim administration ہے بنائیں ' اس میں پیپلزپارٹی کے لوگ بھی ہوں ' اس میں دوسری جماعتوں کے لوگ بھی ہوں ' اس میں شہر کے وہ مقتدر افراد non-controversial بھی ہوں ۔ اس طرح آپ ایک اچھی فضا بنا سکتے ہیں ' حتیٰ کہ کہ وہاں local bodies کے الیکشنز ہو سکیں جس طرف کہ میں ابھی آ رہا ہوں ۔ پھر

میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ ان مذاکرات میں جس کمیٹی کہ جناب چیئرمین (جناب عبدالرحیم خان مندوخیل) آپ نے بھی اپنی تقریر میں غلط اشارہ کیا تھا یعنی میری نگاہ میں اس بات کی ضرورت ہے کہ اسے محض گرانی کا مسئلہ نہ بنایا جائے بلکہ مرکز کو observer کی حیثیت سے مدد گار کی حیثیت سے معاون کی حیثیت سے ملک کے دوسرے متفکر غیر متنازعہ افراد کو شریک کیا جائے تاکہ اس کے اوپر ایک اور influence بھی ہو سکے۔ اس سلسلے میں جناب میں یہ بھی کہوں گا کہ جو war of words ہے یہ فوراً ختم کی جائے یہ میرے چھ suggestions ہیں ماحول کو بہتر بنانے کے لئے۔ دوسرا مسئلہ ہے مقدمات کا جناب والا میں اس پر زیادہ وقت نہیں لوں گا اسی ہاؤس میں بڑے اچھے suggestions آئے ہیں اور میں ان کی تائید کرتا ہوں یعنی پہلا suggestion ہے کہ جہاں تک MQM الطاف حسین صاحب پر مقدمات کا تعلق ہے ہم یہ جانتے ہیں کہ یہ سب مقدمات پیپلزپارٹی کے زمانے میں نہیں ہے بلکہ کچھ ان میں سے پیپلزپارٹی کے زمانے میں بنے ہیں 88ء اور 90ء کے دور کو یہ ہوئے جب وہ آپ کے ساتھ حکومت میں شریک تھے نکلے تھے اور نکلنے کے بعد مقدمات بنائے گئے۔ پھر مسلم لیگ کے زمانے میں بنے یہ بات بھی آپ کی بالکل صحیح ہے اور اس سے پہلے بنے لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ اس ملک میں سارے مقدمات حقائق پر مبنی نہیں ہوتے ہم یہ جانتے ہیں کہ پیپلزپارٹی کے لوگ بھی اور ہم لوگ میں بھی جیل میں رہ چکا ہوں اور آپ بھی جیلوں میں رہ چکے ہیں ہم سب اس دور سے گزرے ہیں ایوب صاحب کے زمانے میں بھی جنرل صاحب کے زمانے میں بھی یعنی کتاب رکھنے کے جرم میں وہ اسلحہ جو وہاں موجود نہیں ہوتا ہے حتیٰ کہ جینس چرانے کے جرم میں سیاسی لیڈروں کو گرفتار کیا گیا ہے مقدمات بنائے گئے ہیں اشتیاق اظہر صاحب کے اوپر بس کو جلانے ریپنگ اور لوٹ مار کا مقدمہ دائر کیا گیا ہے۔ یہ سب ہی چیزیں ہیں اس لئے یہ تجویز یہاں آئی ہے اور بڑی معقول تجویز ہے کہ judicial tribunal جس پر سب کا اعتماد ہو ہائی کورٹ سپریم کورٹ کے جج ہوں وہ examine کریں summarily کریں اور جو چیزیں political victimization ہیں ان کو ختم کردیں لیکن جہاں orientations ہیں وہاں judicial process ضرور ہونا چاہیئے۔ ہم اس کے حق میں نہیں ہیں کہ ہر چیز کو الجھا کر مسئلہ حل کیا جائے لیکن ساتھ ہی میں یہ بھی کہوں گا زیر حراست افراد جن کی تعداد کراچی میں ایک مسلمہ تعداد ہے آپ کو کوئی حق نہیں کہ judicial remand کے بعد لوگوں کو اس طریقہ سے ہراساں کریں یا fictitious

انداز میں بار بار judicial remand حاصل کرنے کا تو ان سب کی رہائی جو ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ بھی بہت ضروری ہے۔ تیسری بات جناب والا میں کہنا چاہتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ پروفیسر صاحب آپ نے ٹائم ۔۔۔۔۔

پروفیسر خورشید احمد۔ بس میں ختم کر رہا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ بہت شکریہ۔

پروفیسر خورشید احمد ۔ کہ آپ امن کمیٹیاں بنائیں ایسی امن کمیٹیاں بنائیں جو کسی ایک پارٹی سے نہ ہوں بلکہ علاقے کے لوگوں کی ہوں جو کراچی میں حلقے کے لوگ ہیں۔ بلدیاتی انتخابات ایک بار پھر آپ سے کہنا چاہتا ہوں اس کا اعلان کیجئے چاہے آپ چار مہینے بعد اعلان کر دیجئے ۔ چھ مہینے بعد نتائج announce کر دیجئے اس وقت تک interim نظام آپ بنا لیں۔ پھر میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ صوبائی اسمبلی کو متحرک کیجئے اس کی اپوزیشن کو اس کا مقام دیجئے میں یہ نہیں کہتا چاہ رہا کہ اس کو اقتدار میں شریک کریں لیکن میں یہ کہتا ہوں کہ صوبائی اسمبلی کا ایک positive role ہے صوبے کی سیاسی زندگی کے اندر کراچی کے حالات کے اندر اسے کرنا بہت ضروری ہے ۔ چھٹی بات میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جو کراچی کے حقیقی مسائل ہیں جن میں تعلیم ہے روزگار کا مسئلہ ہے کچی آبادیوں کا مسئلہ ہے ٹرانسپورٹ کا مسئلہ ہے معاشی incentives کا مسئلہ ہے ۔ مجھے دکھ ہوتا ہے یہ کہتے ہوئے کہ 1972 کے بعد کراچی کے ساتھ economic policy making میں positively discriminately رویہ اختیار کیا گیا جس کے نتیجے کے طور پر بہت سے مسائل پیدا ہوئے ہیں۔ پورے ملک سے کراچی میں آبادی کا بڑھاؤ بڑھا ہے لیکن کراچی کو thorough incentive نہیں دیئے گئے۔ نتیجتاً کراچی سے capital جو ہے وہ transfer ہوا ہے۔ اس پر بڑی تحقیقات ہوئی ہے۔ کراچی یونیورسٹی کا جو census centre ہے اس کے آنکڑے جو units باہر گئے ہیں ۔ ان نے مطالعہ کر کے بتلایا ہے کہ transfer of Capital کا معاملہ ہے تو ان معاملات کو درست کیجئے محض پل بنالینے سے یہ مسئلہ حل نہیں ہو گا اور آخری چیز یہ ہے کہ آبادی کا census ضروری ہے یہ شرم ناک ہے ملک کے لئے کہ بار بار ہم آبادی کے census کو postpone کر رہے ہیں۔ لیکن میں کہوں گا کہ اس کے لئے ایک autonomous census authority بنائیے۔ جو over see کرے پورے ملک

ہیں آبادی کے [illegible] اور مالی حصہ آپ یہ کہہ رہے ہیں اتنا ضروری ہے۔ یہ ساتھ چیزیں ہیں جنہیں میں جناب والا آپ کی اجازت سے اس ایوان کے سامنے عوام کے سامنے حکومت کے سامنے قوم کے سامنے رکھتا ہوں اور اس دعا پر کہ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کے دلوں کو کھولے ایک دوسرے کے لئے جس مشکل میں ملک گرفتار ہے اس سے ہم نکل سکیں اور مذاکرات کامیاب ہوں حق اور انصاف کی بنیاد پر کامیاب ہوں اور ملک کسی بڑے انتشار سے بچ جائے اور ہم سیاسی عمل کو یہاں جاری رکھ سکیں۔ وآخر دعوٰی نا ان الحمد اللہ رب العالمین۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ شکریہ۔ اب تو اس وقت حافظ صاحب آپ تشریف رکھیں۔

حافظ حسین احمد۔ میں بس دروازے تک پہنچ چکا تھا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ ان کا نام لیا گیا۔ اس لئے ان کا نمبر ذرا بعد میں آئے گا

حافظ حسین احمد۔ ذرا بعد میں۔۔۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ اپوزیشن بنچیز کا ہو گیا اب جو ہے Treasury benches میں ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی

جناب حسین شاہ راشدی۔ سر میں نے کہا تھا کہ میری باری سر دست غلام قادر چانڈیو صاحب کو دی جائے اس کے بعد میں بولوں گا۔ لہذا اب۔۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب حسین شاہ راشدی۔ اب چانڈیو صاحب میرے بعد ہی ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ ہاں جی ٹھیک ہے۔

جناب حسین شاہ راشدی۔ میرے بعد ہی چانڈیو صاحب تھے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ ہاں جی ٹھیک ہے۔ میں حسین شاہ راشدی صاحب کو فلور دیتا ہوں۔

جناب حسین شاہ راشدی۔ حافظ صاحب بعد میں بولیں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ نہیں جی کیونکہ یہاں پر ایسا سسٹم بنایا گیا ہے کہ ایک

[illegible]

حافظ حسین احمد [illegible] تو مجھے ہی سنا رہے تھے۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ فتح محمد خان یو آف آر ڈر۔

جناب فتح محمد خان۔ جب کراچی پر بحث شروع ہونے والی تھی۔ اس وقت ہماری میٹنگ تھی او۔ میٹنگ میں میں نے راجہ صاحب سے گزارش کی تھی کہ میرا نام اس میں لکھ لیں اور مہربانی فرما کر دوسرے تیسرے یا چوتھے نمبر پر میرا نام اس میں لکھ لیں تو انہوں نے مجھ سے کہا کہ ٹھیک ہے کہ میں لکھ لوں گا۔ دو تین دن جب بحث جاری رہی تو میں نے یہاں پر نام کا پتہ کیا تو میرا نام سرے سے غائب تھا۔ نام تو میں نے بعد میں لکھوا لیا لیکن میں ایک سوال پوچھنا ہوں کہ آیا راجہ صاحب بھی اس چکر میں آ رہے ہیں جس چکر میں ہماری پارٹی پڑی ہوئی ہے کہ سب کے سب عہدے بھی جو چند مخصوص ہیں وہ عہدے بھی لے رہے ہیں وزارتیں بھی لے رہے ہیں کمیٹیوں کے ممبر وہ بن رہے ہیں' چیئرمین بھی وہ بن رہے ہیں' کمیشن کے ممبر بھی بن رہے ہیں' پیسے بھی وہ کھا رہے ہیں' ہم جو باقی بیٹھے ہوئے ہیں' پھر ہمارے بیٹھنے کی ضرورت کیا ہے؟ مجھے وہ بات سمجھ میں نہیں آ رہی کہ ہم کس لئے یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں؟ اگر ہماری دو پانچ منٹ کی بات کوئی سننے کو تیار نہیں ہوتا۔ نہ پارٹی میٹنگ میں ہمارے ساتھ ملاقاتیں ہوتی ہیں نہ ہمیں کبھی اعتماد میں لیا جاتا ہے۔ نہ ہمیں پتہ ہوتا ہے کہ ہماری پارٹی کیا کرنا چاہتی ہیں' لائن کیا ہے اور ہمیں بس حکم مل جاتا ہے کہ باہر چلو اندر آ جاؤ۔ باہر چلو اندر آ جاؤ۔ صرف ہم اس لئے بیٹھے ہوتے ہیں۔ یا اقتدار کی جنگ کے لئے بیٹھے ہوتے ہیں جی۔ اس لئے میں تو واک آؤٹ کرتا ہوں میں اس کراچی کے سیشن میں حصہ نہیں لوں گا۔

(اس مرحلے پر معزز سینیٹر واک آؤٹ کر گئے)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ خان صاحب آپ کا نام لسٹ میں ہے لیکن اپنے طور پر۔۔

(مداخلت)

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ جناب والا ان کی بات بجا ہے۔ یہ بات درست ہے یہ طے ہوا تھا کہ یہ بھی ان بولنے والوں میں سے ہوں گے جنہوں نے کراچی کے معاملے پر بحث کرنا

ہے اور ان کا نام بھی اس فہرست میں موجود تھا۔ پہلے روز بھی نام ان کا include کر لیا گیا تھا فتح محمد صاحب کا۔ اور ڈپٹی چیئرمین صاحب اس وقت پریذائیڈ کر رہے تھے اور ان کا یہ خیال تھا کہ اس روز کے آخر میں فتح محمد صاحب کا نام پکارا جائے گا۔ اس لیے میں یہ استدعا کروں گا کہ فتح محمد صاحب کا نام جو ہے وہ لسٹ میں شامل ہے۔ ان سے اس کے بعد فتح محمد صاحب کو موقع دیا جائے

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ اس وقت جو لسٹ ہمارے سامنے ہے ہم تو اس کے مطابق چلیں گے باقی یہاں ایسی کوئی چیز نہیں ہے۔ اس وقت حسین شاہ راشدی صاحب فلور لیں گے۔ ان کے بعد۔

(مداخلت)

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ میں یہ نہیں کہہ رہا ہوں کہ راشدی صاحب کو نہ دیں۔ میں تو یہ کہہ رہا ہوں کہ راشدی صاحب کے بعد ان کا نام لسٹ میں موجود ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ نام لسٹ میں ہے لیکن پھر بھی اگر وہ معمول کے حساب سے ہوتا تو فتح محمد صاحب کا نام ہے ساتویں نمبر پر یعنی اپوزیشن کی طرف سے ساتویں نمبر پر ہوتا اس لیے بڑا لیٹ ہوتا۔ پھر وہ آپ کا اپنا arrangement ہے۔ بہرصورت راشدی صاحب۔

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ جناب والا یہ کام تو ہوتا ہے۔ اور ہوتا آیا ہے۔ میرے اپنے نمبر کا جناب ردوبدل ہوا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ میں فلور راشدی صاحب کو دیتا ہوں۔

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ راشدی صاحب کو فلور دیں۔ وہ تقریر کریں لیکن جناب ان کا نام جو ہے وہ چار دن سے کوشش کر رہے ہیں اور ان کا نام نہیں آیا۔ نام پہلے دن سے ان کا موجود تھا۔ ان کو ضرور نائم دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ آپ اپنے طور پر پھر فیصلہ کریں اس کے بعد ہم انہیں دے دیں گے۔ جناب راشدی صاحب۔

جسٹس (ریٹائرڈ) ڈاکٹر محمد جاوید اقبال۔ ان کا نام ان کے بعد میں رکھ لیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ ہاں ٹھیک ہے رکھ دیں گے۔ صحیح ہے۔ راشدی صاحب۔

جناب حسین شاہ راشدی! جناب چیئرمین بہت بہت شکریہ۔ آپ نے مجھے یہ موقع دو اہم فرمایا۔ گزارش ہے کہ سینیٹ میں کراچی کے مسئلے پر بحث ایسے نازک موقع پر ہو رہی ہے جب مذاکراتی ٹیمیں بھی اپنے مذاکرات شروع کر چکی ہیں۔ ایسے موقع پر کوشش یہ ہونی چاہئے اور میری کوشش تھی بھی ہوگی کہ ماحول کو جتنا ٹھنڈا رکھ سکیں اتنا بہتر ہے تاکہ مذاکراتی ٹیموں کو موقع ملے کہ وہ افہام وتفہیم کے ساتھ اس اہم مسئلے کو صحیح طور پر حل کر سکے۔ یہ ایسے نازک مواقع ہوتے ہیں کہ بس میں اگر سچ بھی منہ سے نکل جائے تو مزاج نازک پر بہت گراں گزرتا ہے۔ لہذا میں بہت سی چیزوں سے قطع نظر کرتے ہوئے اور تلخ نوائی سے گریز کرتے ہوئے کچھ حقائق اس مقتدر ایوان کے سامنے رکھوں گا۔ جناب چیئرمین کراچی میں جو کشت و خون ہو رہا ہے وہ باعث افسوس اور بحیثیت قوم باعث شرم ہے۔ زیادہ باعث رنج یہ ہے کہ یہ خون کی ہولی سندھ کی سرزمین پر کھیلی جا رہی ہے جو ایک امن آشتی کا گہوارہ رہا ہے اور تاریخ اس کی گواہ ہے۔ اس میں میرا خون ہے میرے بھائی مہاجر کا خون ہے میرے بھائی پٹھان یا کسی اور کا خون ہے مجھے اتنا ہی رنج پہنچتا ہے جتنا اپنے ہی کسی رشتہ دار یا اپنے ہی کسی سندھی کے خون پر ہوگا۔ لہذا مجھے اس پر بہت افسوس ہے اور میں چاہتا ہوں کہ یہ خون اب بہنا بند ہو جائے اور سندھ کی جو تاریخی روایات ہیں امن کی برداشت کی وہ واپس آ جائیں۔ مہاجر بھائی آج کل بڑے غصے میں معلوم ہوتے ہیں ان کے تیور بگڑے ہوئے ہیں۔ اگر وہ کیلے کے چھلکے پر بھی اچانک پھسل جاتے ہیں تو سردست آٹھ آدمی مار کر کہتے ہیں کہ یہ بھی جو ہیں حکومت نے کیا تھا مہاجر کے خلاف۔ جب اس وقت دماغ کی گرمی اس حد تک ہو تو میں کوشش یہ کروں گا اس کو کم کرنے کی گزارش یہ ہے کہ جب محرومیوں کی بات ہوتی ہے جو ریکارڈ پر ایک چیز ہے کہ مہاجر کو احساس محرومی نے مارا اور ان کو اس نہج پر ان کی محرومیاں لے آئیں میں کوئی بات نہیں کروں گا۔ فل امداد علی اعوان صاحب نے ذکر کیا کہ سندھ نے مہاجروں کی اتنی خدمت کی۔ میں کہتا ہوں ہمیں اس بات کا ذکر کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ ہم نے جو کچھ کیا وہ اپنی کی وجہ سے اپنی روایت کی وجہ سے اپنی شرافت

کی وجہ سے کیا تھا ۔ وہ تو یہ مہاجر بھائی نہ ہوتے تو اگر کوئی اور اس مظلومیت میں آتا تو ہم اسی طرح بانہیں کھول کر ان کے زخموں پر مرہم رکھتے ۔ یہ الگ بات ہے کہ کوئی احسان کرنے کے بعد کریڈٹ کرتا ہے ۔ کوئی احسان فراموشی کرتا ہے ۔ کوئی محسن کشی پر اتر آتا ہے تو یہ اس کا ظرف ہے ۔ میں اپنی ان خدمات کو بیان کرنے کے لئے یا اس کے جواب میں کوئی چیز حاصل کرنے کے لئے نہیں بول رہا ۔ یہ ہماری روایت تھی جس کو ہم نے برقرار رکھا ۔

اب کاغذ پر یہ چیزیں آتی ہیں جناب چیئرمین! کہ مہاجر محروم ہے ۔ مہاجر نوکری سے محروم ہے ۔ مہاجر سیاسی نمائندگی سے محروم ہے ۔ مہاجر حکومت میں شرکت سے محروم ہے اور مہاجر کہتے ہے وہ معاشی طور پر کمپرسی کا شکار ہے ۔ میں آپ کے سامنے تاریخی حقائق اس لئے سامنے رکھوں گا ۔ میں آپ سے یہ گزارش کروں گا کہ براہ کرم آپ خود حقیقی فیصلہ کریں ۔ جن محرومیوں کا وہ ذکر کرتے ہیں وہ کیا محرومیاں کیا کسی اور قومیت کے ساتھ ہیں نہیں ہیں ۔ یہ ایسا مسئلہ ہے کہ جس چیز کو اس حد تک magnify کیا جا رہا ہے کہ لوگ تشدد پر اتر آئے یا تشدد کو ذریعہ نجات سمجھ بیٹھے ہیں ۔ اب جہاں تک کراچی کا مسئلہ ہے صاحب کراچی کو ہمیشہ سے خصوصی حیثیت حاصل رہی ہے ۔ میں بلدیاتی سطح پر معاشی سطح پر اور صوبائی سطح پر ہو کراچی کو حیثیت حاصل رہی ہے یا جو مہاجروں کو حیثیت حاصل رہی ہے وہ میں فقط ایک تاریخ کے طالب علم کے طور پر لوگوں کے سامنے رکھوں گا ۔ یہ بہت اچھا موقع ہے کہ ہماری حکومت کی مذاکراتی ٹیم کے قائد جناب این ڈی خان صاحب بھی موجود ہیں تاکہ ان کو بھی پتہ چلے کہ تاریخی حقائق کیا ہیں؟ اگر ضرورت پڑے تو وہ یہ باتیں ان کے سامنے بھی لا سکتے ہیں ۔ جناب چیئرمین 1947 میں پاکستان بنا ۔ 1947 میں ہی ہم نے کراچی کا نظم و نسق مرکزی حکومت کے حوالے کر دیا ۔ کراچی کے پاکستان بننے سے پہلے ایک سندھی میئر تھے حکیم محمد احسن صاحب ۔ اس سے قبل کراچی میں یہ اصول وضع تھا کہ ایک سال مسلمان میئر ہوتا تھا ایک سال پارسی ہوتا تھا اور ایک سال ہندو ہوتا تھا ۔ تو پاکستان جب بنا تو سندھی حکیم محمد احسن صاحب کراچی کے میئر تھے ۔ اس کے بعد جب 1948 میں ان کی ٹرم ختم ہوئی جناب چیئرمین تو اس کے بعد کراچی کا میئر 1948 سے لے کر 1993 تک غیر سندھی رہا اور زیادہ تر مہاجر رہا ۔ میرے پاس وہ پوری فہرست موجود ہے جس میں وہ مہاجر جو کراچی کے میئر رہے ہیں یا بلدیاتی نمائندے رہے ہیں ان کی بہت بڑی اکثریت جو ہے وہ مہاجر ہے اور جہاں

تک میں سمجھتا ہوں کہ اس اسمبلی میں کراچی میں فقط دو پنجابی میئر بنے ہیں ۔ حافظ حبیب اللہ اور ایک ملک باغ علی تھے ۔ ان کے بعد یہ پوری بلدیہ پوری بلدیہ اور پوری بلدیہ کے پیسے مہاجروں کے ہاتھ میں رہے ہیں ۔

۱۹۷۰ء میں الیکشن ہوئے جو پاکستان بننے کے بعد پہلے الیکشن تھے ۔ ان الیکشن میں مہاجروں نے مائنارٹی کی حیثیت سے حصہ لیا ۔ مہاجر اپنے علاقوں سے سندھیوں کے ووٹوں پر سندھ اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے تھے ۔ اس میں سے ایک کو سندھ میں وزیر بنا دیا گیا تھا حامد حسین فاروقی کو اور ایک صاحب تھے حافظ مبارک علی شاہ صاحب ۔ آفتاب شیخ صاحب کو ابھی دیکھا ہے کہ وہ پیدائشی نابینا تھے ۔ ان کو سندھ گورنمنٹ کا ایڈوائزر بنا دیا گیا ۔ آدمیوں میں سے ۲ آدمی گورنمنٹ میں شرکت کر رہے تھے ۔ اب اس کے بعد جیسے ہی الیکشن ہوئے مہاجروں کی آبادی بڑھی ۔ اس تناسب سے مہاجروں کی نمائندگی سندھ اسمبلی میں ہوتی رہی ۔ یہ کہاں کا الزام ہے کہ صاحب ہمیں اقتدار میں شریک نہیں کیا جاتا ۔ کس نے ان کو روکا ہے ؟ یہ الزام کون دیتے ہیں ؟ کون سمجھتے کہ انہوں نے ان کو اس حق سے محروم کیا ہے ؟ سندھ کی صوبائی حکومت نے یا سندھی قوم نے مجموعی طور پر ان کو دھتکارا ہے یا ان کو انتخابی عمل میں آنے نہیں دیا ؟ صاحب ایسی کوئی بات ہو ہے وہ نہیں ہے ۔ اس کے بعد آپ نے دیکھا کہ جب کراچی سندھ سے مرکز نے زبردستی علیحدہ کیا اس وقت وزیر اعظم لیاقت علی خان صاحب تھے جو مہاجر تھے ۔ ان کے فائدہ میں انہوں نے سندھ کے حق سے محروم کرتے ہوئے زبردستی کراچی کو سندھ سے چھینا تھا ۔

میں یہ بات بھی ریکارڈ پر نہیں لانا چاہتا تھا مگر جناب والا جب ہمارا وفد گیا تھا لیاقت علی خان صاحب کے پاس کہ صاحب سندھ سے یہ کیوں کر رہے ہو ۔ آپ یہاں بیٹھو ہے شک حکومت چلاؤ مگر آپ یہ کراچی کیوں کاٹ رہے ہو ۔ تو خدا ہی جانتا ہے کہ انہوں نے کہا کہ کہنے والوں کی تہذیب ہے تمہاری میں نہیں ۔ ان کے منہ سے نہیں کر سکتا ۔ یہ ریکارڈ پر بات ہے اور اس کا ذکر ڈھکے چھپے الفاظ میں پروفیسر غفور احمد صاحب نے بھی سینٹ کی سندھ رپورٹ میں کیا ہے ۔ ہم خاموش رہے ۔ ہم نے تشدد کا راستہ اختیار نہیں کیا ۔ ہم میں صبر تھا ہم میں خاموشی سے جدوجہد کرنے کی طاقت تھی اور باقی معاملہ ہم نے اللہ پر چھوڑ دیا تھا ۔ اس کے بعد جب کراچی کی خصوصی حیثیت ۔ حیثیت ایک وفاقی دارالحکومت کے ہوئی تو صاحب اس میں جتنے

بھی چیف ایگزیکٹو تھے یا بنے یا چیف کمشنر بنے خدا ہی جانتا ہے سب مہاجر تھے۔ اے بی نقوی صاحب تھے، پھر ہاشمی رضا صاحب تھے۔ ہاشم رضا صاحب جو ہیں وہ اگر کمشنر تھے تو ان کے بھائی کاظم رضا صاحب آئی جی ہوئے۔ پورا انتظام ان کے پاس تھا۔ کراچی کی پوری متروکہ جائیداد جو ہے وہ ہم نے مہاجروں کے حوالے کی۔ کسی کمبخت بنیے سے کس کمبخت سندھی نے اگر چھ سو روپیہ قرض لیا تھا اور وہ دینے کے لئے تیار تھا تب بھی اس کو اس جائیداد سے محروم کیا گیا۔ پھر بھی ہم خوش رہے، ہم نے کچھ نہیں کہا۔ ہم پھر بھی مہاجر بھائیوں کی خدمت کرتے ہے۔ وہ ہم سے اس قسم کا کوئی گلہ نہیں کر سکتے۔ ان کو شکایت ہے کہ حکومت میں اقتدار نہیں ملتا، شرکت نہیں ہوتی۔ صاحب! میں نے جیسے گزارش کی 1953 کے بعد جتنی بھی متیں ہی ہیں اس میں مہاجر شریک رہا ہے۔ خود 1988 میں پیپلز پارٹی کی حکومت نے ان کو کابینہ میں نمائندگی دی۔ پھر 1990 میں جب وہ جام صادق علی صاحب کی حکومت کی مدد کر رہے تھے سندھ کی تاریخ میں پہلی مرتبہ جناب چیئرمین ایک مہاجر سپیکر بنا۔ اس کو کوئی چیز جھٹلا نہیں سکتی۔ پھر جب جام صادق علی صاحب وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے علاج کے لئے باہر گئے تو ایک مہاجر، طارق جاوید جو کہ آج کل مذاکرات ہو رہے ہیں، اس ٹیم میں شامل ہیں، وہ سندھ کے تین، ساڑھے تین ماہ قائم مقام وزیر اعلیٰ رہے۔ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ اگر سیاسی اور قومی دھارے میں سیاسی طور پر مہاجر اور مہاجروں کی جماعت شریک رہے تو کوئی ایسی بات نہیں ہے کہ اس ملک میں جتنا بھی بڑے سے بڑا عہدہ ہے، اس سے ان کو محروم رکھا جائے۔ یہ سیاست کی چالیں ہیں۔ اجمل خٹک صاحب جانتے ہیں کہ ڈاکٹر خان صاحب وزیر اعلیٰ کیسے بنے؟ ان کے پاس کون سی اکثریت تھی؟ سہروردی کے ساتھ پاکستان کی پارلیمنٹ میں کل گیارہ ممبر تھے اور ملک فیروز خان نون کی ری پبلکن پارٹی کے چالیس آدمی تھے لیکن سیاسی جوڑ توڑ میں وزیر اعظم پاکستان سہروردی ہے ہو ویسے جمہوری اصول سے اور اعداد و شمار کے حساب سے کبھی بھی پاکستان کے وزیر اعظم نہیں بن سکتے تھے۔ اسی اصول پر انہوں نے اپنی شپ حاصل کی تھی۔ ان کے پاس majority نہیں تھی مگر چونکہ انہوں نے ایک حکومت کے ساتھ شرکت کی تھی، ایک پارٹی کے ساتھ شرکت کی تھی، لہذا جو صوبے میں سب سے بڑا مقتدر کا منصب ہے، جناب چیئرمین! وہ بھی انہوں نے حاصل کر لیا تھا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جناب راشدی صاحب، آپ اب wind up کریں۔

جناب حسین شاہ راشدی۔ اگر آپ چاہیں تو میں اپنے دوسرے ساتھیوں کا وقت بھی لے لوں کیونکہ وہ میرے حق میں دستبردار ہو جائیں گے کیونکہ مجھ پر بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ میں اس ایوان کے سامنے تمام حقائق رکھوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کے لئے اگر آپ ہاؤس کا consensus بھی لے لیں تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔ تاہم اگر زبان بندی کا حکم ہو تو میں ابھی بیٹھنے کے لئے تیار ہوں۔ میں یہ چاہوں گا کہ فضا کو بہتر بنانے کے لئے مجھے موقع دیا۔ میں یہ بھی عرض کر دوں کہ میرے تین ساتھی بھی نہیں بولیں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ یہ بات کیسے بنے گی۔ ادھر اپوزیشن کے ساتھی بھی بیٹھے ہوئے ہیں اور آپ اس طرح سارا time لے لیں گے۔

جناب حسین شاہ راشدی۔ جناب والا! بے شک میرے بعد اپوزیشن کے تین اراکین بہ یک وقت بولیں، ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔ یہ بالکل صحیح ہے کہ اتنی تقریر کرنے کا حق ہاؤس کے فیصلہ کے مطابق نہیں بنتا ہے مگر۔۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ آپ اپنے وقت میں اپنی تقریر ختم فرمائیں۔ شکریہ۔

جناب حسین شاہ راشدی۔ آپ ہاؤس کا consensus لے لیں، میں بیٹھ جاتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ آپ اپنا وقت ضرور لیں لیکن اس طریقے سے دوسرے اراکین کی حق تلفی ہو جائے گی۔

قاضی حسین احمد۔ جناب والا! جب خطیب، خطاب کر رہے ہوتے ہیں تو جب ان کا وقت ختم ہو جاتا ہے تو پھر عوام سے رائے پوچھتے ہیں کہ آپ لوگوں کی کیا رائے ہے؟

جناب حسین شاہ راشدی۔ قاضی صاحب! آپ اپنی رائے دے دیں۔ اگر آپ سننا نہیں چاہتے تو میں بیٹھ جاتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ Please no cross talk، آپ مہربانی کریں اور اپنے وقت میں ہی تقریر ختم فرمائیں۔ چونکہ یہ requisitioned اجلاس ہے، بالخصوص اس میں کراچی کا مسئلہ زیر بحث ہے۔ اس لئے اس پر سب حضرات بولنا چاہیں گے۔

جناب حسین شاہ راشدی۔ جناب والا! میں یہ بات سمجھتا ہوں مگر جو حقائق میں

ہاؤس کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں ' اس سے ہاؤس کو کافی آگاہی حاصل ہو گی ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ آپ اپنے points دے سکتے ہیں ۔

جناب حسین شاہ راشدی ۔ ۱۹۴۰ میں جناح صاحب نے سر غلام حسین ہدایت اللہ کو جو ان کے پرانے ساتھی تھے ۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ راشدی صاحب ! آپ کو پانچ منٹ دیتا ہوں ۔ اس سے زیادہ نہیں ' اس وقت میں آپ اپنے points پیش کر دیں ۔ جس طرح آپ تقریر کر رہے ہیں اس سے تو ظاہر ہوتا ہے کہ آپ ابھی ابتدا کر رہے ہیں ۔

جناب حسین شاہ راشدی ۔ جناب والا ! نصف صدی کا قصہ ہے ' کوئی دو چار دن کی بات نہیں ہے ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ اس لئے آپ اس کو summarise کرکے دو چار منٹ میں ختم کر دیں ۔

جناب حسین شاہ راشدی ۔ میں کوشش کر رہا ہوں کہ اپنی تقریر کو کوزے میں بند کروں لیکن حقائق بہت ہیں ۔

سید مسعود کوثر ۔ جناب چیئرمین ! آپ ان کو بولنے دیں ۔ جب ان کا وقت ختم ہو جائے تو پھر آپ انہیں اپنے تقریر ختم کرنے کے لئے کہیں ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ میں نے کہہ دیا ہے کہ میں ان کو پانچ منٹ دیتا ہوں ۔

جناب حسین شاہ راشدی ۔ قبلہ تو میں گزارش کر رہا تھا کہ جہاں تک سندھ کے گورنروں کا تعلق ہے تو ۱۹۳۷ء سے لیکر ۱۹۴۸ء تک سر غلام حسین ہدایت اللہ جو کہ ایک سندھی تھے وہ گورنر بنے ان کے انتقال کے بعد ۱۹۷۲ء تک جتنے بھی گورنر بنے وہ یا مہاجر تھے یا غیر سندھی تھے کوئی سندھی گورنر نہیں تھا ۔ ۱۹۷۲ء میں چونکہ آئین نہیں تھا اس لئے عبوری آئین کے تحت ممتاز بھٹو صاحب گورنر بنے اس کے بعد میر رسول بخش صاحب بنے ۔ پھر ۱۹۷۳ء میں جو لسانی جھگڑے ہوئے اس سے لیکر آج تک سندھ کا مہاجر گورنر بنتا ہے کوئی سندھی گورنر نہیں ہوا ۔ ممکن ہے کوئی بھائی اعتراض کرے کہ جناب محمود ہارون صاحب کون تھے ' میں گزارش کروں گا کہ وہ

بنیادی کراچی کے آدمی تھے ان کا حلقہ انتخاب کراچی میں تھا۔ لہذا وہ ہے اس کے علاوہ کوئی بھی جو ہے وہ بنیادی سندھی گورنر نہیں بنا۔ قبلہ میں بات یہ کرنا چاہتا ہوں کہ کراچی کا پورا انتظام بلدیاتی سطح پر اور صوبائی سطح پر یا خصوصی حیثیت وہ کسی اور پاس نہیں رہا ہے وہ مہاجر کے پاس رہا ہے لہذا یہ کہنا کہ کراچی کے ساتھ ظلم ہوا ہے۔ بھئی ظلم ہوا ہے تو کس نے کیا ہے۔ اگر وہاں پر کوئی ترقیاتی کام نہیں ہوئے ہیں تو وہ کس نے نہیں کیے ہیں کوئی اور تو نہیں آیا تھا۔ کراچی کا بلدیاتی بجٹ جناب چیئرمین ساڑھے چار بلین روپے ہے جو کہ بلوچستان کے بجٹ کے برابر ہے اس میں آپ دیکھیں ۱۹۷۹ء سے لیکر ۱۹۸۷ء تک جماعت اسلامی بلدیہ پر قابض رہی۔ ۱۹۸۷ء لیکر اور ۱۹۹۳ء تک ایم کیو ایم۔۔۔

قاضی حسین احمد۔ پوائنٹ آف آرڈر میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے پہلے بھی کہا اب بھی کہا ہے جو جماعت اسلامی کا دور ہے اس میں میئر عبدالستار افغانی تھے جو کہ کراچی کے لوکل ہیں مہاجر نہیں ہیں۔ کراچی کے لوکل ہیں جس طرح سے حکیم احسن صاحب ہیں اسی طرح عبدالستار افغانی ہیں۔

جناب حسین شاہ راشدی۔ قبلہ انہوں نے میری تائید فرمائی ہے۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ راشدی صاحب آپ بالکل پس منظر میں جا رہے ہیں۔ آپ مہربانی کریں آپ کے پس منظر کے جو مین پوائنٹس ہیں وہ تقریباً ہو گئے ہیں۔ آپ کوشش کریں کہ آپ کو کوئی تجاویز ہوں یا hints ہوں۔۔۔

جناب حسین شاہ راشدی۔ سر تجاویز کوئی نہیں ہیں۔ اللہ سے دعا ہے۔ اللہ سے دعا ہے اور کوئی تجویز نہیں ہے۔ میں گزارش یہ کروں گا قاضی صاحب نے نقطہ یہ اٹھایا۔ عبدالستار افغانی صاحب جو کراچی کے لوکل تھے مگر جماعت اسلامی جو ہے اس وقت urdu speaking کی نمائندہ جماعت تھی اور کہنے کا مطلب یہ ہے کہ وہ کراچی کے ہی آدمی تھے وہ اندرون سندھ سے کراچی پر قابض ہونے کے لئے نہیں آئے تھے۔ یہ ہے میرا نقطہ۔ وہ جو ہے یا وہ کراچی والوں کے پاس یا کراچی میں باہر سے جو لوگ آئے وہ تھے۔ مہاجروں کو ہم پاکستانی قومیت کا بڑا داعی سمجھتے تھے۔ کبھی اجمل خٹک صاحب قابل گردن زدنی تھے کہ پٹھان کی بات کرتے ہیں۔ کبھی کچھ پر فتویٰ صادر ہوتا تھا وہ جماعت اسلامی زیادہ کرتی تھی کہ صاحب وہ سندھی قومیت کی بات کرتا

ہے ۔ کبھی کوئی بلوچی لیڈر پکڑا جاتا تھا ۔ مہاجر پاکستانیت کے داعی تھے ۔ آہستہ آہستہ جب ہم نے پاکستانیت پر ایمان لایا تو وہ قومیت کے داعی بن گئے ۔

ہم ہوئے کافر تو وہ کافر مسلماں ہو گیا

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ راشدی صاحب آپ کا ٹائم ہو گیا ۔ پلیز نہیں ہو گنی بات۔ دس منٹ آپ نے دوسروں سے زیادہ لیے ۔

جناب حسین شاہ راشدی ۔ چیئرمین صاحب میں ایک گزارش کروں گا ان اہم مسائل پر اور اس اہم موضوع پر کبھی کبھار ہٹ کر بھی بات کی جاتی ہے تاکہ تاریخ میں آپ کا بھی نام سنہری حروف میں لکھا جا سکے کہ آپ نے موقع فرمایا کہ پورے تاریخی حقائق ریکارڈ پر آگئے

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ میں سب کو موقع دوں گا ۔ تاکہ سب کا سنہری نام تاریخ میں آجائے ۔ آپ تشریف رکھیں ۔ تشریف رکھیں ۔ دیکھیں آپ نے بہت زیادہ ٹائم لے لیا ہے ۔ ہاؤس میں وقت کم ہے ۔

سید مسعود کوثر ۔ چیئرمین صاحب آپ نے اپنی باری پر دس منٹ زیادہ لئے تھے تو کم از کم وہ وقت تو ان کو دیں ناں جی ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ میں نے کم از کم ان کو تجویز دی کہ وہ اس مسئلے پر اپنی بحاویز دیں اور ختم کریں ۔ لیکن وہ ابھی تک زیرو پر کھڑے ہیں ۔ جناب حافظ حسین احمد ۔ راشدی صاحب آپ تشریف رکھیں ۔

(مداخلت)

جناب صفدر علی عباسی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب چیئرمین اس ایوان میں ایسی تقریریں ہوئی ہیں تو لوگ چالیس چالیس منٹ اور پون پون گھنٹہ بھی بولے ہیں ۔ تو ہم نے بڑے صبر اور تحمل سے ان کو سنا ہے ۔ راشدی صاحب تو بڑی ایک proper بات کر رہے ہیں ۔ اس لئے کہ انہوں نے کوئی irrelevant بات نہیں کی ہے ۔ relevant باتیں ہیں جو اس ایوان کے ریکارڈ میں آنی چاہئیں ۔ اس میں اگر وہ پانچ دس منٹ زیادہ بھی لے لیتے ہیں تو اس میں کسی کو کوئی اعتراض نہیں ہونا چاہئیے ۔ تو میں آپ سے درخواست کروں گا کہ انہیں پانچ دس منٹ مزید دے دیں ۔ ان کی بہت ہی valid باتیں ہیں ۔ ان کو ٹائم دیا جائے ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جو وقت مقرر تھا اس کے مطابق ہی ٹائم دیا گیا ہے - بلکہ اضافہ ہوا ہے - شکریہ - جناب حافظ حسین احمد صاحب -

(مداخلت)

سید محمد فضل آغا۔ پوائنٹ آف آرڈر - جناب میں جاننا چاہوں گا کہ ابھی کتنے نام باقی ہیں - اور آج اگر اس کو wind up کرنا ہے تو ہمارا نام بھی لسٹ میں ہے - تو ہم بھی بولنا چاہتے ہیں - کل میں نہیں ہوں گا - اس لئے میں یہ کہہ رہا ہوں -

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ بہت سے نام ہیں - اس لئے میں کہہ رہا ہوں - حافظ حسین احمد صاحب ---- بہت سے نام ہیں - اور آج جو proceeding ہوئی اس کے بعد پھر یہ جاری رہے گا کراچی کا مسئلہ -

سید محمد فضل آغا۔ سر اس کا مطلب یہ ہے کہ گورنمنٹ جو اپنا سیشن بلائے گی اس میں بھی یہ مسئلہ جاری رہے گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ اس میں یہ جاری رہے گا۔

سید محمد فضل آغا۔ اور ایک وضاحت اور بھی کر دوں - کہ ڈاکٹر صاحب نے بتایا کہ ساری باتیں relevant ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ یہ relevant نہیں ہیں - اب تو اس موقع پر یہ ہونا چاہئے کہ کل کیا ہونا ہے۔

(مداخلت)

میاں رضا ربانی۔ جناب چیئرمین صاحب ! شکریہ جناب فضل آغا صاحب نے جو بات کی تھی اس میں میں یہ عرض کرنا چاہوں گا - کہ چیئرمین صاحب سے میری اور خان صاحب کی جو بات ہوئی تھی اور لیڈر آف دی ہاؤس کی - اس میں ہم نے یہی بات کی تھی کہ اگر آج requisitioned session کے اندر کراچی کا مسئلہ پورا نہیں ہوتا تو کراچی کی اہمیت کو سامنے رکھتے ہوئے اور حکومت کی اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم ہمیشہ کھلے دل سے کسی بھی اہم national issue کو فلور آف دی سینٹ اور قومی اسمبلی پر بحث کرنے کے لئے تیار ہیں - اس اصول کو سامنے رکھتے ہوئے ہم نے یہ کہا تھا اور ہم اس بات پر

stand کرتے ہیں۔ کہ کل بھی گرامی کے مسئلے پر بحث جاری رہے گی جس طرح یہ پروگرام رہا ہے کہ پہلے تھوڑا سا legislative work کریں اور پھر گرامی کے مسئلے پر بحث کریں۔ یہ ایک بات تھی۔

دوسری بات جو میں عرض کرنا چاہوں گا کہ جہاں تک راشدی صاحب کا تعلق ہے یہ بالکل درست ہے کہ time limit ایک set ہوا تھا۔ لیکن اس time limit سے تجاوز دوسرے مقررین نے بھی کیا۔ اگر آپ اتنا ہی مائم کے مسئلے پر کرنا چاہتے ہیں۔ تو I will make an offer from the treasury side کہ جو ہماری list ہے اس میں سے ایک سپیکر کو میں request کرکے ان کو drop کردوں گا۔ اور ان کا مائم جو ہے وہ راشدی صاحب کو دے دیا جائے۔ شکریہ۔

سید محمد فضل آغا: میں ممنون ہوں رضا ربانی صاحب کا جو انہوں نے فرمایا لیکن انہوں ایک بات پر زور دیا کہ کل بھی، اب کل میں نے جناب چیئرمین کے لئے apply کیا ہے سیکرٹریٹ کو درخواست دے دی ہے۔ کل میں یہاں نہیں ہوں گا اس کا مطلب یہ ہے کہ کل کے بعد بحث نہیں ہے۔

میاں رضا ربانی: اس لئے میں یہ بات عرض کر رہا ہوں کہ آج پتہ نہیں کتنے سپیکر ہوتے ہیں کل کا پورا دن چلے گی بحث اگر کل کے بعد کوئی سپیکر بچا ہی نہیں، تو پھر اگلے دن کیسے بحث ہو گی

سید محمد فضل آغا: اور اگر کوئی مقرر بچ گیا تو؟

میاں رضا ربانی: اگر بچا تو ہم we will accommodate it۔

سید محمد فضل آغا: شکریہ جناب رضا ربانی صاحب۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: پوائنٹ آف آرڈر پروفیسر ساجد میر صاحب۔

پروفیسر ساجد میر: جناب چیئرمین اس میں کوئی شبہ نہیں کہ جناب راشدی صاحب اپنے حکومتی بنچوں کے سفارتکار ہیں اور ادھر سے جو اچھے بولنے والوں کی کمی ہے اس کو پورا کرنے کی اپنے تئیں کوشش وہ کرتے رہتے ہیں اگرچہ content کی کمی ہو ان کی گفتگو

میں لیکن انداز ان کا سب کو اچھا لگتا ہے لیکن گزارش یہ ہے کہ اگر ہم رولز کے مطابق ہاؤس کو چلانا چاہتے ہیں تو پھر time limit کی پابندی ہونی چاہیے ۔ اور یہ جو وزیر قانون یا نائب وزیر قانون صاحب نے فرمایا ہے ایک سینیٹر وہ اپنا کم کردیں گے اور یہ جو اچھا کہنے والے ہیں ان کو آگے کریں گے تو اس کے بارے میں specify انہوں نے نہیں کیا کہ کون سا مقرر انہوں نے اس میں سے کم کیا ہے ۔اور اگر وہ specify کریں بھی تو میرا خیال ہے یہ غلط روایت ہم قائم کر رہے ہیں کوئی آدمی کل کھڑا ہو کر پانچ دس منٹ ہمارے ضائع کرے گا اس بات پر کہ مجھے اور بات کرنی ہے اور پھر اپنے کچھ ساتھیوں کو ملا کر یہ کہے گا کہ جناب میں اس کے لیے اپنا وقت چھوڑتا ہوں ۔ یہ اچھی بات نہیں ہے جناب ۔ جو یحییٰ بختیار صاحب نے فرمایا اس نے مجھے اور بھی حیرت میں مبتلا کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ بڑا اہم مسئلہ ہے اسلئے اس پر وقت کی پابندی نہیں ہونی چاہیے اگر آپ یہ روایت قائم کرنا چاہتے ہیں کہ اہم مسئلے پر endlessly کو بات کرتا جائے تو ٹھیک ہے وہ طے کرلیں ۔ ہاؤس کی رائے سے لیکن ---

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ایسا ہو نہیں سکتا ۔ جی رضا صاحب ۔

میاں رضا ربانی: جناب چیئرمین صاحب میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ پروفیسر صاحب نے جو فرمایا وہ غالباً----

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: رضا ربانی صاحب پوائنٹ آف آرڈر پر منظور گچکی صاحب کھڑے ہیں ۔

جناب منظور احمد گچکی: جناب والا میں اس سلسلے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں میری گزارش یہ ہے کہ ہاؤس کی دونوں جانب سے مقررین نے اپنے وقت سے زیادہ وقت لیا آپ جب چیئر پر موجود تھے تو پروفیسر خورشید احمد صاحب نے میں نے گھڑی دیکھی تو 35 منٹ وہ بولے تو اگر ایک جانب سے یا دوسری جانب سے کوئی 35 منٹ بولتا ہے میں سمجھتا ہوں جو شخص صحیح طریقے سے اپنے نقطہ نظر کو رکھ رہا ہو میری گزارش یہ ہے کہ اگر آپ اس کے اس ربط کو توڑ دیں گے تو وہ اپنی تقریر نہیں کرسکے گا میری یہ گزارش ہے کہ آپ جتنا دوسروں کو وقت دیتے ہیں اسی مثال کو سامنے رکھتے ہوئے آپ ان مقررین کو جو بولنا چاہتے ہیں اور جو صحیح بول رہے ہیں ان کو بھی اتنا وقت دیں

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، دیکھیں اس پر time regulate ہوا تھا اس کے مطابق چلیں گے ۔ اس میں زیادہ وقت ہم نہیں لیں گے پروفیسر صاحب کو جب وہ اپنے وقت پر پہنچے تو میں نے انہیں وائنڈ اپ کا کہا ۔ اسی طرح راشدی صاحب کو بھی ۔ جی رضا ربانی صاحب ۔

میاں رضا ربانی: جناب چیئرمین میں صرف اتنا عرض کروں گا کہ ساجد میر صاحب نے جو فرمایا اس میں یہ شاید ان کے علم میں نہ ہو کہ پارلیمان کی یہ تاریخ میں ہے کہ اگر ایک سپیکر بول رہا ہوتو اس کو دوسرا سپیکر جو ہے وہ اپنا وقت الاٹ کرسکتا ہے ۔ اور جہاں تک رول کا تعلق ہے تو کاش ان کو رول اس وقت بھی یاد ہوتے جب وہ خود تقریر کر رہے تھے ۔ اور بیس منٹ سے کہیں زیادہ تقریر کی ہے انہوں نے ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، مہربانی پروفیسر صاحب اس میں وقت سب چلا گیا جی ۔

پروفیسر ساجد میر: two worngs do not make a right ۔ اگر پروفیسر خورشید نے یا کسی اور نے exceed کیا وقت اس کا یہ مطلب نہیں کہ کوئی اور بھی exceed کرے ۔

جناب پریذائڈنگ آفیسر: آپ تشریف رکھیں چونکہ راشدی صاحب تقریر کر رہے تھے اور وقت بھی زیادہ لیا لیکن حکومتی بنچوں کی طرف سے یہ درخواست ہے ' اگرچہ میں نے حافظ صاحب کو کہا ہے کہ وہ فلور لیں ' اگرچہ اپوزیشن بنچوں کی وہ حق تلفی ہوگی پھر بھی حکومتی بنچوں سے اگر وہ کوئی نام لے کر بتا دیں کہ فلاں صاحب withdraw کر گئے ہیں تو راشدی صاحب کو وقت دیا جائے گا۔

حافظ حسین احمد: جناب چیئرمین ' مجھے ذرا یہ بتا دیں میرے نائم کا میٹر down تو نہیں ہے ؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں ' آپ کا نائم اپنی جگہ پر ہے ۔ لیکن چونکہ راشدی صاحب بات کر رہے تھے اور ان کی تمنا ہے کہ وہ زیادہ اچھی چیزیں پیش کریں گے ----

حافظ حسین احمد: جناب آپ نے بڑی اچھی مثال قائم کی ہے میں مشکور ہوں کہ یہ وقت کے ضیاع کے سدباب کے لیے آپ نے آدھا گھنٹہ ضائع کر دیا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ تو کر رہے ہیں ' یہ بات آپ کی صحیح ہے ۔

میاں رضا ربانی ۔ جناب ہم نے ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی صاحب کا نام withdraw کر لیا ہے ۔

(مداخلت)۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ جناب حسین شاہ راشدی ۔

جناب حسین شاہ راشدی ۔ جناب چیئرمین ' بہت بہت شکریہ ' میں واقعی آپ سے متاثر ہوا ہوں ۔ آپ کرسی پر بیٹھ کر بڑے سخت ہیں لیکن جب وہاں سے آپ بولتے ہیں تو ایسی ضد کرتے ہیں کہ پندرہ منٹ کی بجائے آپ ایک گھنٹہ لے لیتے ہیں ' بہرحال میں اس سنت پر عمل نہیں کروں گا میں تو آپ کی اجازت سے بول رہا ہوں ۔ میں بہت مختصر عرض کروں گا حالانکہ بہت سی باتیں عرض کرنی تھیں ۔ جہاں تک گورنروں کا تعلق ہے ماسوائے تین سندھی گورنروں کے اس پورے پچاس برس میں کوئی بھی سندھی گورنر نہیں بنا ۔ مگر یہ روایت پاکستان پیپلز پارٹی نے ڈالی کہ 1973 کے بعد جتنے بھی پیپلز پارٹی کی مختلف حکومتوں میں گورنر بنے ہیں وہ اردو بولنے والے بنے ہیں اور چونکہ صوبائی اسمبلی میں جمہوری تقاضوں کے مطابق فیصلے ہوتے ہیں لہذا وزیر اعلیٰ سندھی بنتا ہے کیونکہ اکثریت سندھیوں کی ہے لہذا میں اپنے مہاجر بھائیوں کو جو خواہ مخواہ اتنے خفا ہو رہے ہیں ان کے سامنے میں نے محض اس وجہ سے یہ حقیقت رکھی ہے کہ ان کو بھی تاریخ سے بےبہرہ رکھا گیا ہے وہ مہاجروں کی نسل ختم ہوگئی جو پاکستان کی جدوجہد میں شریک تھے یا جنہوں نے پاکستان کے لیے قربانیاں دی تھیں یہ نسل جو اتنی برہم ہے ' خفا ہے ' اتنی غصے میں ہے وہ پاکستان بننے کے بعد پیدا ہوئی ہے اور ان کو وہ دکھ معلوم ہیں نہیں جو ان کے آباؤ اجداد نے پاکستان کے سلسلے میں سہے تھے ۔ پھر جن محرومیوں کا وہ ذکر فرماتے ہیں ' وہ محرومیاں دوسروں کے ساتھ بھی ہیں ۔ وہ محرومیاں دوسروں کے ساتھ بھی ہیں ۔ وہ سراسر بے انصافی کر رہے ہیں ۔ وجہ یہ ہے کہ کراچی کے بنیادی باشندے لیاری میں رہتے ہیں ۔ جناب الطاف حسین صاحب نے یا اس کے کسی نمائندے نے لیاری کا دورہ نہیں فرمایا کہ دیکھیں وہاں کے جو بنیادی سندھی ہیں ان پہ حالت گزر رہی ہے ۔ ان کی معاشی کیفیت کیا ہے ۔ وہاں صحت کی کتنی سہولتیں ہیں وہاں تعلیم کے لیے کتنے سکول کھلے ہوئے ہیں ۔ انہوں نے خود کراچی میں ایک حد کھینچ رکھی ہے ۔ اس سے اس طرف جو ہے وہ ایک قوم

بستی ہے اس کے دوسری طرف دوسری قوم بستی ہے۔ کراچی کو بھی انہوں نے ایک نہیں سمجھا ہے۔ الطاف حسین صاحب کی ہم بہت عزت کرتے ہیں بہتر ہوتا اگر وہ ان سندھی بھائیوں کا بھی کراچی میں خیال رکھتے۔ میں ان پہ یہ زور نہیں دوں گا کہ وہ کراچی سے باہر نکل کر ٹھٹھہ دادو اور میرپور خاص کی طرف جائیں اور وہاں جا کر لوگوں کی حالت دیکھیں کہ وہ کس حالت میں بس رہے ہیں۔ میں نے پہلے بھی گزارش کی تھی کہ ہمارے ہاں اندرون سندھ جناب چیئرمین پانچ پانچ میل عورتیں سفر کرتی ہیں ایک گھڑا پانی بھرنے کے لیے۔ یہاں تو ماشاء اللہ ان کے پاس running water ہے۔ کبھی بند ہو جاتا ہے کبھی یہ ہوتا ہے' یہ دوسری بات ہے۔ تو ہم نے جب پیپلزپارٹی نے لیاری ڈویلپمنٹ اتھارٹی بنائی تو بجائے اس کے کہ اس پہ الطاف حسین صاحب خوشی کا اظہار فرماتے انہوں نے اس کی شدید مخالفت کی۔ اس سے معلوم یہ ہوتا ہے کہ غالباً وہ سمجھتے ہیں کہ ان کی جو تمام مصیبتیں ہیں جو ان پہ تمام صعوبتیں آ رہی ہیں وہ غالباً سندھیوں کی لائی ہوئی ہیں۔ ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ یہی وجہ تھی کہ میں نہایت دردمندانہ طریقے سے یہ اس House کے ریکارڈ پہ لانا چاہتا تھا کہ ایسی کوئی بات نہیں ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ تاریخ سے ان کی ناآگہی ہے ورنہ یہ چیز جو ہے وہ نہیں ہوتی۔ دوسرا الطاف حسین صاحب کا مسئلہ یہ ہے کہ وہ قومی دھارے میں چلنے کی بجائے انہوں نے مہاجروں کو تمام باقی قومیتوں سے الگ کر کے ایک الگ سے جو ہے وہ قومیت بنائی ہے۔ سندھ میں ایک بڑی اچھی بات ہو رہی تھی کہ سندھی اردو speakmg کا ایک مخلوط معاشرہ تشکیل پا رہا ہے۔ ہمارے آپس میں ازدواجی رشتے ہونے اور خود میری فیملی میں بھی ماسوائے میرے باقی جو ہے یہ سب بھرے ہوئے ہیں۔ اور خود یہ تو یہ خود وزیراعظم محترمہ بے نظیر صاحبہ کی فیملی کے بہت سے لوگ جو ہیں وہ مہاجروں میں بیاہے ہوئے ہیں۔ تو اس سے جو ہے وہ ایک نیا معاشرہ تشکیل پا رہا تھا جس میں کوئی بھی تعصب نہیں تھا۔ جس میں کوئی مخاصمت نہیں تھی۔ خود اردو اور سندھی الفاظ کے ساتھ مل کے ایک نئی وسیع اردو پیدا ہو رہی تھی۔ الطاف حسین صاحب نے اس کو جو ہے وہ کاٹ دیا ہے۔ اس میں انہوں نے خلیج پیدا کر دی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج مہاجر بے دردی سے مر رہا ہے۔ ایک طرف سے بھی مہاجر مر رہا ہے دوسری طرف سے بھی مہاجر مر رہا ہے۔ اگر وہ ہمارے ساتھ رہتے ' ہمیں اپنا سمجھتے ' پنجابیوں کو اپنا سمجھتے ' پٹھانوں کو اپنا سمجھتے اور ان کے ساتھ یہ اپنا سلسلہ قائم رکھتے تو آج ایم کیو ایم کی کیفیت یہ نہ ہوتی جو ہو رہی ہے جس کا

لوگوں نے سمجھا کہ یہ پوری دنیا پر قابض ہو جائے گا مگر جو سنجیدہ قومیں تھیں انہوں نے ڈٹ کر اس کا مقابلہ کیا اور جرمن قوم کو شکست نہیں کر دیا۔ یہاں تک جناب چیئرمین پچاس برس گزرنے کے بعد جرمن قوم اور جاپانی قوم اب معافیاں مانگتی رہتی ہے ان لوگوں سے جن پر انہوں نے ظلم کئے تھے۔ تو اس لئے افہام و تفہیم بہت ضروری ہے اور ساجد میر صاحب نے تو بہت زور دیا کہ صاحب افہام و تفہیم ہونی چاہیئے ہم کر رہے ہیں اللہ کرے کوئی اچھا نتیجہ سامنے آئے۔ آپ نے تو یہاں تک ہمیں طعنہ دیا پروفیسر ساجد میر صاحب نے کہ صاحب آپ کو اگر ضروری ہو تو ڈاکوؤں سے مذاکرات کرتے ہیں۔ تو پھر دہشت گردوں سے آپ کیوں نہیں کرتے۔ آپ کو تو مذاکرات کرنے چاہیں۔ یہ ان کی اس پورے مسئلے کی فلسفیانہ تعویل ہے اگر دوسری الفاظ سے دیکھا جائے تو پروفیسر ساجد میر صاحب کا کہنا یہ ہے حکومت پولیس کو بند کر دے اس کی جگہ ٹیبل اور کرسیاں خریدے۔ جہاں کوئی چوری ہو تو ملک قاسم صاحب ٹیبل کرسی لے کر چور کے پاس جائیں کہ حضور نے یہ زحمت کیوں فرمائی اگر اطلاع دیتے تو ہم آپ سے پہلے ہی بات کر لیتے۔ اگر کوئی ڈاکہ پڑے تو ان سے بھی کہیں کہ آپ نے خوامخواہ تکلیف فرمائی اگر فقط اشارہ ہوتا تو میز کرسی تو ہمارے پاس ہے۔ صاحب حکومتیں اس طرح نہیں چلتیں، افہام و تفہیم اور مذاکرات کے لئے بھی ایک ماحول ہوتا ہے۔ یہ کہنا کہ جیسے ہی ابتدا میں کوئی لاقانونیت ہو تو فوراً افہام و تفہیم پر چلنا چاہیئے۔ یہ ان کی تاویل بالکل غلط تھی۔ اور میں اس کو ماننے کے لئے تیار نہیں ہوں۔ پھر ان کی علمیت کا میں قائل ہوں مگر افسوس سے یہ کہوں گا کہ انہوں نے جو پڑھا ہے وہ سمجھا نہیں ہے۔ ہمارے ہاں سندھ میں ایک درویش تھے وتائیو فقیر۔۔۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : آپ وائنڈ آپ کریں۔ اور اپنے پوائنٹ دے دیں۔

جناب حسین شاہ راشدی : میں ختم کرتا ہوں۔ سر پوائنٹ تو میں دے رہا ہوں۔ سندھ کے ایک درویش تھے وتائیو فقیر وہ غریب آدمی تھا۔ ان کے پاس ایک لاغر سا گدھا تھا اس کے لئے جب وہ رات کو آتے اور اس کو باندھتا تھا اور اس کے لئے چارہ لے آتا تھا۔ پڑوسی کی گائے آکر وہ گھاس کھا جاتی تھی۔ اب یہ پریشان۔ اب اس نے ایک دن دو دن پانچ دن دیکھا، کہ گائے اس کا چارہ کھا جائے گدھا بدستور لاغر رہے۔ ایک دن تنگ آکر اس نے کہا کہ اے پروردگار اس گائے کو مار دے کیونکہ یہ میرے گدھے کا چارہ کھاتی تھی اور گدھا لاغر رہتا تھا۔۔ صبح کو

جب اس نے دیکھا کہ گدھا مرا ہوا ہے گائے چارہ کھا رہی ہے ۔ تو انہوں نے آسمان کی طرف دیکھا کہ پروردگار تو سنتا ضرور ہے مگر سمجھتا بالکل نہیں ہے ------(ہنسی)------تو عرض یہ کر رہا تھا کہ پروفیسرساجد میر صاحب نے بھی یہاں بھٹو مجیب مذاکرات کا حوالہ دیا نیلسن مینڈیلا کا انہوں نے ذکر کیا جناب والا ! بالکل proclaimed دہشت گرد تھا مگر صاحب جدوجہد کی نوعیت مختلف ہوتی ہے اس کی جدو جہد پوری افریقن قوم کی آزادی کے لئے تھی یہ نہیں تھی کہ کسی خاص قبیلے کے لئے تھی یا خاص قومیت کے لئے تھی ۔ پھر یہ ہے کہ وہ ایک minority white حکومت تھی جو قابض تھے Africans پر ان کے خلاف انہوں نے یہ کی تھی مگر آخر میں انہوں نے یہ چھوڑ کر اور مذاکرات کے لئے بات کی تھی یہاں ایم کیو ایم کی جدوجہد اور نیلسن مینڈیلا کی جدوجہد میں کوئی مماثلت نہیں ہو سکتی یہ تو واقعی جو نیلسن مینڈیلا نے جدوجہد کی ہے اس کی توہین ہے اور پھر آج ہی کا ایک بیان ہے جس کی میں پر زور مذمت کرتا ہوں کہ مذاکراتی ٹیم کی طرف سے یہ اعلان ہوا ہے کہ اگر مذاکرات کامیاب نہیں ہوئے تو اقوام متحدہ اور دوسری طاقتیں جو ہیں وہ مداخلت کریں گی ۔ یہ مذاکرات کے ماحول کو گندہ کرنے کے برابر ہے ایسا نہیں ہے میں تو یہ چاہتا تھا کہ وہ مہربانی کریں اور بیان بازی سے گریز کریں تو وہ زیادہ بہتر تھا پھر جناب ہمارے ایک دوست نے جماعت اسلامی کا ذکر کیا تھا تو میں جماعت اسلامی کا مشکور ہوں کہ ایم کیو ایم کے ظہور سے پہلے کراچی کی نمائندگی جماعت اسلامی کے پاس تھی ان کے زیادہ ایم این اے تھے مگر جماعت اسلامی نے کبھی بھی یہ مطالبہ نہیں کیا کہ کراچی کو نمائندگی دو یا ہمیں شہری بنیاد پر حکومت میں شرکت کا موقع دو انہوں نے انتہائی سیاسی تدبر کا ----مظاہرہ کیا حالانکہ وہ بھی انسان ہیں کیا ان کے دل میں تڑپ نہیں تھی کہ وہ وزیر بنیں کیا ان کے دل میں یہ نہیں تھا کہ ان کو بھی اقتدار ملے ؟ مگر انہوں نے قومی مفاد کی خاطر کبھی ایسا مطالبہ نہیں کیا یہ تو دوسری بات ہے کہ جب بلی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹا اور آمر آیا تو ان کو ایک کی بجائے تین وزارتیں ملی تھیں ۔ تو میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ از راہ کرم اب اس چیز کو ختم کرنا چاہئیے آپس میں کوشش یہ کرنی چاہئیے کہ مذاکرات کامیاب ہوں محرومی یہاں کوئی ایسی نہیں ہے کہ جس پر اتنا جو خون بہا ہے اور جناب جو سندھ میں خون بہا ہے جناب چیئرمین' وہ راجہ داہر اور محمد بن قاسم کی جنگ کے بعد اتنے لوگ اب شہید ہوئے ہیں اور وہ بھی مسلمان مسلمان کے ہاتھوں ۔ آپ کا بہت بہت شکریہ ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ شکریہ جی ۔ point of order سردار بشیر احمد ترین صاحب ۔

سردار بشیر احمد خان ترین ۔ جناب چیئرمین ہم لوگوں نے واک آؤٹ کیا تھا اور انہوں نے کہا تھا کہ ہمارے وزیر صاحب آئیں گے لیکن ابھی تک وہ نہیں آئے ؟

میاں رضا ربانی ۔ Before he closes he will be here

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ جی ٹھیک ہے آ جائیں گے سٹنگ کے اختتام تک ۔

جناب حافظ حسین احمد صاحب ۔

(اس دوران کرسی صدارت پر چیئرمین جناب وسیم سجاد صاحب متمکن ہوئے)

جناب چیئرمین ۔ کیوں جی حافظ صاحب آپ شروع کرنے والے ہیں یا ختم کرنے والے ہیں ۔

جناب حافظ حسین احمد ۔ جی شروع کر رہا ہوں ۔

جناب حسین شاہ راشدی ۔ جناب یہ جو مسئلہ تھا اس میں نرمی کی بات ہو رہی ہے سختی تو چلتی ہی ہے ۔

جناب چیئرمین ۔ نہیں سختی وقت کی پابندی کے بارے میں ہے ۔ میرا خیال ہے کہ کبھی حافظ صاحب کو ، کبھی حسین احمد صاحب کو بٹھا دیا جائے تو کام بہتر چلے گا ۔ جی جناب حافظ صاحب۔

حافظ حسین احمد ۔ راشدی صاحب تو پورے پونے دو گھنٹے بولتے رہے ہیں لیکن ہم پھر بھی چاہتے تھے کہ ان کو مزید سنیں کوئی ایسی بات نہیں ہے۔

جناب چیئرمین ۔ حافظ صاحب میرا خیال ہے کہ جنرل صاحب آ گئے ہیں ۔ پہلے جنرل صاحب کی بات سن لی جائے ۔

حافظ حسین احمد ۔ آج میری قسمت ہی ایسی ہے ۔

جناب چیئرمین ۔ نہیں نہیں انشاء اللہ ۔

حافظ حسین احمد ۔ کوئی پانچ چھ بار ۔

جناب چیئرمین ۔ جنرل صاحب صبح کچھ شکایت تھیں ان کو بشیر ترین صاحب سے فضل آغا صاحب سے باقی سارے جو بلوچستان سے تعلق رکھتے ہیں ۔ کل جو کچھ آپ نے کہا اس کی وضاحت اگر آپ کر دیں تو شاید کچھ misunderstanding ہوئی ہو۔

Maj. Gen. (R) Nasirullah Khan Babar: Sir, I am sorry for the remarks and that may be expunged if I did not choose an appropriate word. I have the fullest respect for Nawab Sahib as a person but in tribal areas there are certain customs and things that go on and probably within that context I mentioned. And I also said that let the Minister come and then he can clarify the position. So, if I have hurt their feelings I am sorry, those remarks may be expunged.

Mr. Chairman: So, those remarks stand expunged. thank you General Sahib. I am very grateful to you.

جی جناب حافظ صاحب۔

حافظ حسین احمد ۔ جناب اگر پہلے سوچا جائے پھر بولا جائے تو ----

جناب چیئرمین ۔ نہیں نہیں میرے خیال میں بات یہ ہے کہ اختلافات ہوتے رہتے ہیں لیکن ذاتی سطح پر میرے خیال میں ایک دوسرے کا احترام بہت ضروری ہے ۔

حافظ حسین احمد ۔ ہم ان کا بڑا احترام کرتے ہیں ۔

جناب چیئرمین ۔ تو اس طرح جنرل صاحب بھی ہمارے لئے بڑے قابل احترام ہیں آپ بھی قابل احترام ہیں تو اگر یہ احترام رہے تو بڑی اچھی بات ہے ۔ جی جناب حافظ صاحب۔

حافظ حسین احمد ۔ بسم اللہ الرحمان الرحیم ۔ جناب چیئرمین ! مجھ سے قبل دونوں اطراف سے معزز ارکان نے کرانی کی صورت حال پر اپنے اپنے انداز میں گفتگو کی ہے لیکن خصوصی

طور پر جناب راشدی صاحب نے اپنی کوئی ڈیڑھ پونے دو گھنٹے کی تقریر میں جو انداز اپنایا وہ میرے لئے انتہائی انوکھا اور حیران کن تھا ۔ ہم پہلے بھی عرض کر چکے ہیں کہ جناب کراچی کا مسئلہ کراچی کا مسئلہ نہیں بلکہ پاکستان کا مسئلہ ہے لیکن آج تو ہمیں حیرت اس بات پر ہوئی کہ پوری تقریر میں اس طرف سے باقاعدہ طور پر کراچی اور سندھ کا موازنہ کیا گیا ۔ جناب ہم یاد دلانا چاہتے ہیں کہ صوبہ سندھ اور کراچی ایک ہے اور کراچی صوبہ سندھ میں شامل ہے ۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ آپ مہاجر کی بات نہ کریں ' سندھی کی بات نہ کریں لیکن خدارا وہ انداز نہ اپنائیں جس سے یہ پورا تاثر پیدا ہو کہ جناب وہاں ہم نے مہاجر گورنر رکھا صوبہ سندھ سے کوئی نہ تھا ۔ میں کہہ رہا ہوں کہ بلوچستان میں بھی مختلف اقوام رہتے ہیں ۔ پنجاب میں بھی مختلف اقوام رہتے ہیں ' سرحد میں بھی مختلف اقوام رہتے ہیں ' اس طرح صوبہ سندھ میں بھی مختلف اقوام رہتے ہیں ۔ اگر کسی اور طرف سے یہ آواز اٹھائی جاتی ہے ۔ کسی چھوٹی جماعت کی طرف سے ایک آواز اٹھائی جاتی ہے لیکن ایک قومی پارٹی جو اپنے آپ کو ایک قومی پارٹی کہلاتی ہے اس کی طرف سے یہ بات کہنا کہ جناب سندھی الگ ہیں اور مہاجر الگ ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ خود ان کے اپنے اس cause اور پروگرام اور دعوے کی تردید ہے ۔ میں بصد احترام گزارش کروں گا کہ جناب کراچی صوبہ سندھ کا دارالحکومت ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ راشدی صاحب جذبات سے ہٹ کر آئندہ کے لئے اس بارے میں احتیاط فرمائیں گے۔

جناب چیئرمین ' کراچی کے مسئلے کے متعلق ہمارے لئے تو ایک روٹین سا بنا ہوا ہے کہ ہر اجلاس میں ہم اس پر بحث کرتے ہیں ۔ آج ہمیں خوشی ہے کہ حکومت اور ایم کیو ایم کے راہنما مذاکرات کی میز پر موجود ہیں ۔ لیکن میں اتنا عرض کروں گا جناب ' کہ اس کے متعلق تو ہم بارہا کہتے رہے اور آپ کو یاد ہوگا جب پہلے حکومت کی جانب سے قابل احترام صدر پاکستان اور وزیراعظم صاحبہ نے ایم کیو ایم کے راہنماؤں کو غدار قرار دیا تھا ۔ تو میں نے اسی ایوان میں یہ عرض کی کہ خدارا ! کل شاید ایک ایسا موقع آئے کہ ان غداروں کے آپ میزبان بنیں اور پاکستان کے وزیر قانون ان کا استقبال کریں ۔ اور ایک میز پر بیٹھ کر آپ کو انہیں غداروں سے مذاکرات کرنے پڑیں ۔ پھر آپ کیا کہیں گے کہ غداروں سے مذاکرات کرنے والے کس کھاتے میں چلے جائیں گے ۔ اس لئے جناب چیئرمین ' یہاں پر سیاسی معاملات کو سیاسی انداز میں حل کرنے کی کوشش کی جائے ۔ کراچی کا مسئلہ کراچی کا مسئلہ نہیں ہے ۔ کراچی کا مسئلہ صوبہ سندھ کا مسئلہ

ہے وہ صوبہ سندھ کا مسئلہ نہیں ہے اگر خدا نخواستہ کراچی کو زک پہنچے گا تو اس سے سندھ بھی متاثر ہوگا اور سندھ جب متاثر ہوگا تو پاکستان متاثر ہوگا اگر اس وقت عالمی حالات کو مدنظر رکھا جائے۔ جناب چیئرمین ' تو یہ کراچی کا مسئلہ پورے عالم اسلام کا مسئلہ ہے ۔ کراچی کی بندرگاہ کو کراچی کے ساحل کو ' کراچی کے شہر کو اگر کچھ ہوا تو نہ سندھ بچے گا نہ پاکستان بچے گا ' نہ بلوچستان بچے گا ' نہ افغانستان بچے گا اور نہ آزاد شدہ نو مسلم ریاستیں بچیں گے ۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ آپ اس کو اس انداز میں نہ لیں اور میں بصد احترام یہ گزارش کروں گا کہ کراچی میں آنے والے واقعی مہاجر تھے لیکن مجھے یہ بتایا جائے جناب چیئرمین ' کہ مہاجر بننے سے پہلے وہ کیا تھے ؟ پہلے ہم مسلمان ہیں۔ اگر پاکستان نہ بنتا وہ کہاں ہجرت کرتے ؟ پاکستان بننے کے بعد انہوں نے پاکستان کی جانب ہجرت کی اور جب پاکستان میں وہ پہنچے تو مہاجر نہیں رہے بلکہ وہ پاکستانی کہلائے البتہ یہ اور بات ہے کہ اب بھائی الطاف صاحب اس وقت مہاجر ہے ۔ یہ میں ماننے کے لئے تیار ہوں ۔ اس وقت وہ مہاجر ہے لیکن وہاں سے آنے کے بعد ' پاکستانی بننے کے بعد میں سمجھتا ہوں تمام کے تمام پاکستانی کہلاتے ہیں ۔ ہماری ایک ریت رہی ہے جناب چیئرمین ' کہ جب بھی ملک کی سیاسی معاملات ہوتے ہیں ۔ اس میں حالات کو جس انداز میں بگاڑا جاتا ہے اور پھر حالات ہم سے سنبھلتے نہیں پاتے ۔ کراچی کے عوام نے اپنے ووٹ سے ایم کیو ایم کو نوازا ۔ ان کے نمائندے ایم کیو ایم کے ارکان ہیں ۔ لیکن میں بصد احترام جناب چیئرمین ' کہوں گا کہ جنہوں نے آپ کو اعتماد سے نوازا ۔ آپ نے انہیں کس چیز سے نوازا ؟ اگر میرے حلقہ انتخاب میں ' مجھے ووٹ دینے والوں پر کوئی مصیبت پڑتی ہے تو جناب چیئرمین ' میرا فرض بنتا ہے کہ میں اس کا دفاع کروں ۔ اگر صوبہ سرحد سے منتخب ہونے والے ارکان قومی اسمبلی ' ارکان سینٹ یا وہاں کے صوبائی اسمبلی کے ارکان کو جنہوں نے ووٹ دیا ہے ان پر کوئی افتاد پڑتی ہے تو سب سے پہلے اس کو تو کھورا جائے ۔ اس لئے ہم سمجھتے ہیں کہ اگر کسی اور کا کراچی میں خونریزی پر دل جلے نہ جلے لیکن ہمارے ایم کیو ایم کے ساتھیوں کو یہ سوچنا چاہیئے کہ جہاں آگ جل رہی ہے ' جہاں لاشے گر رہی ہیں ' یہ وہ عوام ہیں ' جنہوں نے انہیں اعتماد سے نوازا ۔ جناب چیئرمین ' میں سمجھتا ہوں کہ یہاں پر وہ بات میں کہہ دوں اور میرا فرض منصبی بنتا ہے کہ آخر ہمیں سوچنا چاہیئے اور ہم بہرحال کہہ چکے ہیں کہ کسی بھی سیاسی جماعت کو خدارا قومی دھارے سے باہر نہ رکھیں ' بین الاقوامی حالات ' صیہونی سازشیں ' پاکستان کے متعلق اندرونی اور بیرونی سازشوں کو مدنظر

رکھتے ہوئے ' آج اگر یہاں پر MQM کے ارکان سینٹ موجود ہیں ' ان کے سامنے آپ بات کرسکتے ہیں ' آج آپ ان کے ساتھ مذاکرات کر سکتے ہیں ' آج آپ ان کا موقف سن سکتے ہیں ' انہیں اپنا موقف بتا سکتے ہیں ' لیکن میں پوچھنا چاہوں گا کہ آخر قوم کو بتایا جائے کہ MQM کو قومی اسمبلی کے انتخابات سے ' قومی دھارے سے نکالنے کی سازش کس نے کی ۔ اس کا فیصلہ ہونا چاہیئے کہ آخر ایک منصوبے کے تحت ' ایک خطرناک منصوبے کے تحت ایک ایسی جماعت کو جس کی ایک مخصوص اور حساس علاقے میں ان کی اکثریت ہے ' اس کو قومی اسمبلی کی انتخابات سے بالکل باہر رکھا جاتا ہے اور پھر دوسرے ہی دن اسی جماعت کو صوبائی اسمبلی کے انتخابات میں حصہ لینے دیا جاتا ہے ۔ جناب چیئرمین ! اگر آپ خدارا ذرا غورو فکر کریں تو آپ کو پتا چلے گا کہ ہر ذی شعور اور عقلمند آدمی یہ سمجھ سکتا ہے کہ یہ کس سازش کے تانے بانے ہیں ۔ قوم کو بتایا جائے کہ آخر کیا بات تھی اور میں یہ بھی کہوں گا کہ اگر قومی اسمبلی میں ' قومی دھارے میں MQM کو شامل ہونے سے روکا گیا یا MQM نے خود اس میں حصہ نہیں لیا ؟ اس کا بھی فیصلہ ہونا چاہیئے ' لیکن سینٹ میں جو ارکان پہنچے ہیں ان کو کیوں روکا جا رہا ہے ۔ اشتیاق اظہر صاحب کو کیوں روکا جا رہا ہے ؟ آفتاب شیخ صاحب کو کیوں روکا جا رہا ہے ؟ زاہد اختر کو کیوں روکا جا رہا ہے ؟ محترمہ نسرین جلیل صاحبہ کو کیوں روکا جا رہا ہے ؟ کہیں ایسا تو نہیں کہ ایک بین الاقوامی سازش ہے جس کے لئے ہم کچھ لوگ شعوری طور پر اور کچھ لوگ لاشعوری طور پر استعمال ہو رہے ہیں۔ اس کا فیصلہ ہونا چاہیئے ۔ جناب اگر خدا نخواستہ وطن عزیز کو کچھ ہوا ' جوکہ ایک حادثہ پہلے ہمارے ساتھ ہو چکا ہے ' آج تک اس کے مجرم کا نہ تعین ہو سکا ' نہ اسے سزا مل سکی ۔ جناب چیئرمین ! ہم سمجھتے ہیں کہ کسی بھی جماعت کو سیاسی سطح سے ہٹا کر ' قومی دھارے سے الگ رکھ کر ' آپ اپنے لئے مسائل پیدا کریں گے ' ملک کی سالمیت کے لئے مسائل پیدا کریں گے ۔ کراچی پاکستان کا دارالخلافہ رہا ' اس وقت بھی صوبہ سندھ کا دارالخلافہ ہے اور ہماری دعا ہے کہ قیامت تک یہ پاکستان کا حصہ رہے اور انشاء اللہ رہے گا ۔ ہم رہیں نہ رہیں ' موجودہ حکومت رہے نہ رہے ' الطاف حسین رہے نہ رہے ' لیکن ہماری دعا ہے کہ یہ باب الاسلام اسی طرح باب الاسلام رہے اور یہ باب الاسلام باب الکفر نہ بن سکے ۔ لیکن اس کا تعین ہونا چاہیئے ' کوئی تو عدالت ہو ' کوئی اللہ کا بندہ ہو ' کسی سے تو احتساب ہونا چاہیئے ' وہ نصیر اختر ہو ' وہ میں ہوں ' وہ آپ ہوں ' وہ دنیا کی کوئی شخصیت ہو ' اس سے پوچھا تو جائے کہ جناب آپ نے ایک ایسی سیاسی جماعت کو قومی دھارے

سے نکلنے پر کیوں مجبور کیا ؟ یا اس جماعت سے پوچھا جائے کہ آپ کو قومی دھارے میں شامل ہونے سے منع کیا گیا تھا آپ نے غیر جمہوری اقدام کو کیوں قبول کیا ؟ جناب حقائق ہیں اور اگر اسے ہم نظر انداز کریں گے ' مذاکرات بڑی اچھی بات ہے ' ہم اس کا مزا خراب نہیں کرنا چاہتے ' مذاکرات کے مزے کو کرکرا نہیں کرتے ' لیکن کیا MQM اور حکومت اس بارے میں سنجیدہ ہے ؟ کیا وہ فضا قائم ہے جو مذاکرات کے لئے ضروری ہے ؟ کیا کراچی میں اس مذاکرات کی فضا کی کوئی جھلک نظر آتی ہے ؟ کیا اخبارات میں جناب چیئرمین اس کو کوئی پرتو نظر آتا ہے ؟ جناب ہم سمجھتے ہیں کہ مذاکرات کہیں ایسا تو نہیں کہ دونوں طرف کے لوگ وقت حاصل کرنا چاہتے ہوں۔ جناب مندو خیل نے فرمایا کہ عمل کریں۔ میں نے کہا کہ آپ تو اس میں شامل نہیں ہیں کراچی میں۔ کراچی میں جو کچھ کر رہے ہیں جو کر رہے ہیں وہ مذاکرات میں شامل ہیں۔ لیکن ایک بات کہوں گا کہ حکومت تب مذاکرات کو کامیابی سے ہمکنار کر سکتی ہے جب حکومت اپنے آپ کو حکومت ثابت کرے۔ جب حکومت کراچی میں اپنے آپ کو فریق بننے سے اجتناب کرے۔ جناب چیئرمین ! تب مذاکرات کامیاب ہو سکتے ہیں۔ نواز لیگ' ایم کیو ایم کی غیر ضروری طرف داری چھوڑ دے اور حکومت حقیقی گروپ کی طرف داری چھوڑ دے اور ایماندارانہ طور پر امن کے لئے بات چیت کرے میں حلفاً کہتا ہوں کل مذاکرات کامیاب ہو سکتے ہیں اور ہم سمجھتے ہیں جناب چیئرمین ! آج کی بات نہیں ہے کراچی میں آپ دیکھئیے اس سے پہلے شیعہ سنی فسادات کرائے گئے ۔ اس کے بعد اسی کراچی میں پنجابی اور پٹھان کے درمیان جنگ چھیڑی گئی اور کے بعد جناب اسی کراچی میں پٹھان اور مہاجر کے درمیان حالات خراب کئے گئے اور جناب پھر مہاجر اور سندھی کے درمیان میں لیکن آپ بتائیے کہ کیا آج مہاجر اور مہاجر کے درمیان لڑائی نہیں ہے۔ عجیب بات ہے میں سمجھتا ہوں قومیت کے حوالے سے' ان کے پروگرام کے حوالے سے میں اس کی تائید نہیں کرتا لیکن میں سمجھتا ہوں کہ آپ میں سے ایک ایک گروپ کو سہارا دے اور دوسرا دوسرے گروپ کو سہارا دے اور پھر دونوں یہ دعویٰ کریں مسلم لیگ نواز گروپ اور پیپلز پارٹی کہ ہم کراچی میں امن قائم کرنا چاہتے ہیں ۔ جناب چیئرمین ! یہ سراسر دھوکہ اور فراڈ ہو۔ دونوں کو چاہئیے کہ وہ حقیقت پسندانہ انداز میں صلح جوئی (تلاوت آیات کریمہ) "مسلمان ایک دوسرے کے ساتھ بھائی ہیں اور دوسرے مسلمانوں کو چاہئیے کہ اگر دو ایماندار لڑیں دو مسلمان لڑیں ان کے درمیان میں صلح' آشتی کریں" اور اس کے لئے صلح کرنے

والے مذاکرات کرنے والے وہ اپنے آپ کو زیادہ سے زیادہ غیر جانبدار قرار دیں اور ہمیں بڑی خوشی تھی کہ مہاجر قومی موومنٹ نے اپنا نام تبدیل کر دیا تھا متحدہ قومی موومنٹ بنا دیا تھا اور پھر میٹنگز ہو گئی پھر منتشرا قومی موومنٹ بنی ۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ان کو بھی یہ فیصلہ کرنا ہوگا کہ ہم نے پاکستان میں رہنا ہے اور ہم نے پاکستان میں بحیثیت پاکستانی کے اپنے آپ کو ان قومی دھارے میں شامل رکھنا ہے ۔ جناب چیئرمین! اس دوران ایک اور بات ہوئی کہ کراچی میں جو ایم کیو ایم کے دو گروپ لڑ رہے تھے۔ اس میں دیگر اقوام کو بھی شامل کرنے کی کوشش کی گئی ۔ میں مندوخیل صاحب کی اس بات کو آگے بڑھاتے ہوئے یہ عرض کروں گا کہ پاکستان کے نقشے کو سامنے رکھیں اور ہم کئی بار عرض کر چکے ہیں کہ جناب اسلام آباد بھی پاکستان ہے' لاہور بھی پاکستان ہے' گوادر بھی پاکستان ہے' لاڑکانہ اور گڑھی خدا بخش بھی پاکستان ہے' کراچی بھی پاکستان ہے' جیونی بھی پاکستان ہے۔ دور دراز علاقے ہیں اور اس پاکستان کے نقشے میں شامل ہیں وہ تمام کے تمام پاکستان کہلاتے ہیں۔ کراچی پہ جن کو ووٹ ملے ان کا حق ضرور ہے لیکن کراچی میں جو بسنے والے لوگ ہیں۔ جن کا تعلق لسانی طور پر قومی طور پر ' سیاسی طور پر وہاں پر کامیاب ہونے والی سیاسی جماعتوں سے نہیں ہیں کیا ان کو جینے کا حق نہیں ہے۔ کیا ان کے مسائل نہیں ان کا کاروبار نہیں وہ لوگ کہاں جائیں ۔ بلوچستان منسلک ہے کراچی سے ۔ حب کا صنعتی شہر ۱۵ کلو میٹر کے فاصلے پر ہے اور اس حب کے صنعتی شہر میں جتنی بھی ٹیکسٹریاں اور کارخانے ہیں ان میں اکثریت مزدوروں کی اور اکثر مالکان جو ہیں وہ کراچی میں رہتے ہیں ۔ مزدوری کیلئے لوگ آتے ہیں لیکن جناب چیئرمین ' ہم سمجھتے ہیں کہ آپ اس آگ کو بجھائیں اس آگ کو مزید نہ پھیلائیں ۔ اگر خدا نخواستہ کچھ ناعاقبت اندیش لوگ یا ایجنسیاں جن کے مقاصد اب تک پاکستان کے محب وطن عوام کی یا راہنماؤں کی یا جماعتوں کی وجہ سے وہ مقاصد میں کامیاب نہیں ہو سکے ہیں تو انہیں یہ نہیں چاہئیے کہ جناب کہ وہ چند لاشیں بلوچستان بھیجیں ۔ چند لاشیں اندرون سندھ بھیجیں ۔ چند لاشیں دیگر صوبوں میں بھیجیں ۔ یقین جانیے، جناب چیئرمین' جہاں سے لاشیں آئیں گی جواب میں کوئی بھی انہیں گنتے نہیں بھیجے گا۔

یہ میں اس لئیے گزارش کر رہا ہوں کہ پچھلے دنوں اس قسم کی وارداتیں اور اس قسم کے واقعات ہوئے ہیں ۔ اور بلوچستان کے محب وطن عناصر نے سیاسی جماعتوں نے اس آگ کو بجھایا ۔ کچھ لوگ ایسے بھی تھے کہ اس آگ پر مزید تیل چھڑکنا چاہتے تھے۔ اس لئیے میری

گزارش ہے کہ اس مسئلے کو مد نظر رکھا جائے۔ جناب چیئرمین ، ہم یہ کہتے تھے اور جمعیت علمائے اسلام نے سب سے پہلے کراچی کے مسئلے پر پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس بلانے کا مطالبہ کیا۔ اور ہم نے کہا کہ یہ اجلاس کراچی میں طلب کیا جائے۔ تاکہ کوئی بھی مذاکرات ہوں ۔ کوئی بھی مسائل ہوں ان سے پارلیمنٹ کو آگاہ کیا جائے۔ پارلیمنٹ کی بالادستی برقرار رہے۔ تاکہ بعد ازاں یہ مذاکرات کامیاب ہوں ۔ محترم نواز شریف صاحب سابق وزیر اعظم نے بھی کہا کہ اجلاس بلایا جائے مذاکرات ہونے چاہئیں ۔ بڑی اچھی بات ہے لیکن جناب چیئرمین ، آپ کو یاد ہوگا ان کی حکومت کے دوران بھی ہم یہاں کہتے رہے کہ جناب اللہ کے لئے مذاکرات کریں ۔ کاش وہ کوئی گول میز ، مستطیل ، تکون میز ، کسی پر تو وہ بھی ان کو بٹھاتے ۔ اگر وہ الطاف صاحب کو باہر نہ جانے دیتے تو آج ہمارے لئے اور ان کے لئے مسائل پیدا نہ ہوتے۔ یہی گزارش کرتا ہوں کہ جب حکومت میں ہوتے ہیں ہمارے دوست ان کی سوچ کچھ اور ہوتی ہے اور جب اپوزیشن میں جاتے ہیں تو ان کی سوچ تبدیل ہو جاتی ہے۔ اس لیے آج نواز شریف جن مذاکرات کی بات کر رہے ہیں اپوزیشن میں آ کر اس دور میں بھی ہم نے ان سے یہی گزارش کی جناب چیئرمین کہ آپ مذاکرات کریں اور آپ الطاف صاحب کو جانے نہ دیں ۔ اور آج بھی یہی بات ہے کہ اجمل خٹک صاحب اس وقت موجود نہیں ہیں ۔ دونوں اجملین ، اجمل دہلوی اور اجمل خٹک سب سے زیادہ برطانیہ کا دورہ کرتے ہیں ۔ اور انہیں چاہئیے ۔ میں نے پچھلی دفعہ بھی گزارش کی کہ اجمل خٹک صاحب آپ انہیں سب کچھ بتاتے ہیں لیکن یہ بھی بتائیں کہ میں بھی باہر رہا ۔ لیکن پاکستان میں آ کر میں نے پاکستان کی سیاست کی ہے۔ اور خدا کی قسم حلفاً میں کہتا ہوں اور دل کی گہرائیوں سے ہم کہتے ہیں الطاف صاحب آپ غضب ناک نہ ہوں آپ لطافتیں نچھاور کریں ملک پر۔ ملک کو اس وقت لطافتیں چاہئیں ۔ آپ آئیں ۔ اگر آپ کے ووٹرز ، آپ کے ایم پی اے صاحبان آپ کے سینیٹرز یہاں پر ہیں تو آپ بھی ان کا ساتھ دیں ۔ اگر اشتیاق اظہر جیسا معمر شخص جیل جا سکتا ہے آپ کی کاز کے لئے تو میں سمجھتا ہوں کہ آپ کو فوراً آنا چاہئیے اور اس کی جگہ پر اگر آپ کو قید کریں تو اس میں آپ کی سبکی نہیں ہے۔ لیکن خدارا آئیے اور قومی دھارے میں شریک ہوں ۔ اور حکومت صرف نام پاس کرنے کے لئے نہیں ۔ کس کو دھوکہ دے رہے ہیں ایک دوسرے کو ۔ حکومت اور ایم کیو ایم ایک دوسرے کو دھوکہ دے رہی ہے مذاکرات کے نام پر۔ یا خود دھوکے کھا رہی ہے۔

جناب چیئرمین! ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اس مسئلے کو اس انداز میں لیا جائے کہ ملک کی صورت حال کو، ملک کی سالمیت کو جو خطرہ درپیش ہے وہ خطرہ ٹل سکے اور جناب ہم یہ گزارش کریں گے، میں کوشش کر رہا ہوں کہ کوئی ایسی بات نہ ہو اور نہ میں جناب راشدی صاحب کی طرح فضا کو ہموار کرنے کی کوشش کر رہا ہوں۔ جس طرح انہوں نے کہا میں ماحول بنا رہا ہوں اور اگر یہ ماحول بنانا تھا تو جناب چیئرمین، بگاڑنا کسے کہتے ہیں؟ میں یہ چاہوں گا کہ جو بیانات ہیں وہ تو آپ کے ہاتھ میں ہیں۔ دونوں جماعتوں کے راہنما بیٹھے ہیں اسلام آباد میں۔ دونوں نے ایک دوسرے کے ساتھ مذاکرات کے عمل کو تسلیم کیا ہے۔ دونوں اس میں شریک ہیں حکومت بھی شریک ہے، ایم کیو ایم بھی شریک ہے تو پھر آپ کراچی میں سیز فائر کو تو چھوڑیں پہلے صرف اپنی زبان بندی تو کریں۔ اس میں تو سیزفائر کریں، اخبارات کی حد تک تو سیز فائر کریں اور جناب، دونوں طرف سے اگر اس قسم کے بیانات آئیں گے یقین جانئے وہ مذاکرات کی فضا کے لئے سم قاتل ثابت ہوں گے، وہ زہر ثابت ہوں گے۔ اس سے مذاکرات کو کوئی فائدہ نہیں ہو گا۔ بلکہ مذاکرات اس کے نتیجے میں جناب چیئرمین، ناکام ہوں گے۔ شراکت حکومت کا مسئلہ ہو، شراکت اقتدار کا مسئلہ ہو ہم چاہتے ہیں، ہم نے اس وقت بھی کہا تھا ایم آر ڈی میں کہ جناب، اندرون سندھ میں جو لوگ جس کو اعتماد دیتے ہیں جب آپ ان کو حکومت سپرد نہیں کرتے، جب آپ اس کے اعتماد کو ٹھیس پہنچاتے ہیں تو پھر جب پیپلز پارٹی کی حکومت نہیں ہوتی تو اندرون سندھ حالات خراب ہوتے ہیں اور جب پیپلز پارٹی والے کراچی کے عوام کے اعتماد کا خیال نہیں رکھتے تو پھر کراچی کے شہری علاقوں کے حالات خراب ہوتے ہیں۔ اب شراکت اقتدار کی بات نہیں جناب چیئرمین، اس وقت شراکت اختیارات کی بات ہے اور اگر سچ پوچھیں ناراض نہ ہو تو ہمارے ایک دوست ہوا کرتے تھے جناب عبداللہ صاحب۔ ہوا کرتے تھے یہ طے ہے کہ یہاں ہوا کرتے تھے اللہ انہیں زندہ سلامت رکھے۔ اگر ان کو، ان کے دل کو ٹٹولیں تو ایم کیو ایم کے ساتھ وہ بھی میز پر بیٹھنے کے لئے تیار ہیں۔ آپ میری بات سمجھے نہیں، وہ بھی اختیارات چاہتے ہیں۔ جس طرح یہ اختیارات چاہتے ہیں۔ جس طرح یہ لوگ اختیارات چاہتے ہیں عبداللہ شاہ صاحب بھی چاہتے ہیں کیوں کہ صوبہ سندھ کے تمام معاملات، صوبہ سندھ کے وزیر اعلیٰ اور گورنر ہمارے دونوں اس ایوان سے گئے ہیں۔ جیسے ہم بے اختیار تھے ہمارے دونوں سابق سینیٹر اور موجودہ وزیر اعلیٰ اور گورنر

گزارش ہے کہ اس مسئلے کو مد نظر رکھا جائے۔ جناب چیئرمین ، ہم یہ کہتے تھے اور جمعیت علمائے اسلام نے سب سے پہلے کراچی کے مسئلے پر پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس بلانے کا مطالبہ کیا۔ اور ہم نے کہا کہ یہ اجلاس کراچی میں طلب کیا جائے۔ تاکہ کوئی بھی مذاکرات ہوں ۔ کوئی بھی مسائل ہوں ان سے پارلیمنٹ کو آگاہ کیا جائے۔ پارلیمنٹ کی بالادستی برقرار رہے۔ تاکہ بعد ازاں یہ مذاکرات کامیاب ہوں ۔ محترم نواز شریف صاحب سابق وزیر اعظم نے بھی کہا کہ اجلاس بلایا جائے مذاکرات ہونے چاہئیں ۔ بڑی اچھی بات ہے لیکن جناب چیئرمین ، آپ کو یاد ہوگا ان کی حکومت کے دوران بھی ہم یہاں کہتے رہے کہ جناب اللہ کے لئے مذاکرات کریں ۔ کاش وہ کوئی گول میز ، مستطیل ، تکون میز ، کسی پر تو وہ بھی ان کو بٹھاتے ۔ اگر وہ الطاف صاحب کو باہر نہ جانے دیتے تو آج ہمارے لئے اور ان کے لئے مسائل پیدا نہ ہوتے۔ یہی گزارش کرتا ہوں کہ جب حکومت میں ہوتے ہیں ہمارے دوست ان کی سوچ کچھ اور ہوتی ہے اور جب اپوزیشن میں جاتے ہیں تو ان کی سوچ تبدیل ہو جاتی ہے۔ اس لیے آج نواز شریف جن مذاکرات کی بات کر رہے ہیں اپوزیشن میں آ کر اس دور میں بھی ہم نے ان سے یہی گزارش کی جناب چیئرمین کہ آپ مذاکرات کریں اور آپ الطاف صاحب کو جانے نہ دیں ۔ اور آج بھی یہی بات ہے کہ اجمل خٹک صاحب اس وقت موجود نہیں ہیں ۔ دونوں اجملین ، اجمل دہلوی اور اجمل خٹک سب سے زیادہ برطانیہ کا دورہ کرتے ہیں ۔ اور انہیں چاہئیے ۔ میں نے پچھلی دفعہ بھی گزارش کی کہ اجمل خٹک صاحب آپ انہیں سب کچھ بتاتے ہیں لیکن یہ بھی بتائیں کہ میں بھی باہر رہا ۔ لیکن پاکستان میں آ کر میں نے پاکستان کی سیاست کی ہے۔ اور خدا کی قسم حلفاً میں کہتا ہوں اور دل کی گہرائیوں سے ہم کہتے ہیں الطاف صاحب آپ غضب ناک نہ ہوں آپ لطافتیں نچھاور کریں ملک پر۔ ملک کو اس وقت لطافتیں چاہئیں ۔ آپ آئیں ۔ اگر آپ کے ووٹرز ، آپ کے ایم پی اے صاحبان آپ کے سینیٹرز یہاں پر ہیں تو آپ بھی ان کا ساتھ دیں ۔ اگر اشتیاق اظہر جیسا معمر شخص جیل جا سکتا ہے آپ کی کاز کے لئے تو میں سمجھتا ہوں کہ آپ کو فوراً آنا چاہئیے اور اس کی جگہ پر اگر آپ کو قید کریں تو اس میں آپ کی سبکی نہیں ہے۔ لیکن خدارا آئیے اور قومی دھارے میں شریک ہوں ۔ اور حکومت صرف نام پاس کرنے کے لئے نہیں ۔ کس کو دھوکہ دے رہے ہیں ایک دوسرے کو ۔ حکومت اور ایم کیو ایم ایک دوسرے کو دھوکہ دے رہی ہے مذاکرات کے نام پر۔ یا خود دھوکے کھا رہی ہے۔

جناب چیئرمین! ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اس مسئلے کو اس انداز میں لیا جائے کہ ملک کی صورت حال کو، ملک کی سالمیت کو جو خطرہ درپیش ہے وہ خطرہ ٹل سکے اور جناب ہم یہ گزارش کریں گے، میں کوشش کر رہا ہوں کہ کوئی ایسی بات نہ ہو اور نہ میں جناب راشدی صاحب کی طرح فضا کو ہموار کرنے کی کوشش کر رہا ہوں۔ جس طرح انہوں نے کہا میں ماحول بنا رہا ہوں اور اگر یہ ماحول بنانا تھا تو جناب چیئرمین، بگاڑنا کسے کہتے ہیں؟ میں یہ چاہوں گا کہ جو بیانات ہیں وہ تو آپ کے ہاتھ میں ہیں۔ دونوں جماعتوں کے راہنما بیٹھے ہیں اسلام آباد میں۔ دونوں نے ایک دوسرے کے ساتھ مذاکرات کے عمل کو تسلیم کیا ہے۔ دونوں اس میں شریک ہیں حکومت بھی شریک ہے، ایم کیو ایم بھی شریک ہے تو پھر آپ کراچی میں سیز فائر کو تو چھوڑیں پہلے صرف اپنی زبان بندی تو کریں۔ اس میں تو سیزفائر کریں، اخبارات کی حد تک تو سیز فائر کریں اور جناب، دونوں طرف سے اگر اس قسم کے بیانات آئیں گے یقین جانئے وہ مذاکرات کی فضا کے لئے سم قاتل ثابت ہوں گے، وہ زہر ثابت ہوں گے۔ اس سے مذاکرات کو کوئی فائدہ نہیں ہو گا۔ بلکہ مذاکرات اس کے نتیجے میں جناب چیئرمین، ناکام ہوں گے۔ شراکت حکومت کا مسئلہ ہو، شراکت اقتدار کا مسئلہ ہو ہم چاہتے ہیں، ہم نے اس وقت بھی کہا تھا ایم آر ڈی میں کہ جناب، اندرون سندھ میں جو لوگ جس کو اعتماد دیتے ہیں جب آپ ان کو حکومت سپرد نہیں کرتے، جب آپ اس کے اعتماد کو ٹھیس پہنچاتے ہیں تو پھر جب پیپلز پارٹی کی حکومت نہیں ہوتی تو اندرون سندھ حالات خراب ہوتے ہیں اور جب پیپلز پارٹی والے کراچی کے عوام کے اعتماد کا خیال نہیں رکھتے تو پھر کراچی کے شہری علاقوں کے حالات خراب ہوتے ہیں۔ اب شراکت اقتدار کی بات نہیں جناب چیئرمین، اس وقت شراکت اختیارات کی بات ہے اور اگر سچ پوچھیں ناراض نہ ہو تو ہمارے ایک دوست ہوا کرتے تھے جناب عبداللہ صاحب۔ ہوا کرتے تھے یہ طنب ہے کہ یہاں ہوا کرتے تھے اللہ انہیں زندہ سلامت رکھے۔ اگر ان کو، ان کے دل کو ٹٹولیں تو ایم کیو ایم کے ساتھ وہ بھی میز پر بیٹھنے کے لئے تیار ہیں۔ آپ میری بات سمجھے نہیں، وہ بھی اختیارات چاہتے ہیں۔ جس طرح یہ اختیارات چاہتے ہیں۔ جس طرح یہ لوگ اختیارات چاہتے ہیں عبداللہ شاہ صاحب بھی چاہتے ہیں کیوں کہ صوبہ سندھ کے تمام معاملات، صوبہ سندھ کے وزیر اعلیٰ اور گورنر ہمارے دونوں اس ایوان سے گئے ہیں۔ جیسے ہم بے اختیار تھے ہمارے دونوں سابق سینیٹر اور موجودہ وزیر اعلیٰ اور گورنر

ادھر بھی بے اختیار ہیں اللہ کے فضل و کرم سے ۔ بالکل بے اختیار ہیں اور وہ فیصلے پرائم منسٹر ہاؤس سے اور پرائم منسٹر سیکرٹریٹ سے ہوتے ہیں ۔ سندھ کے سیاسی فیصلے ' سندھ کے انتظامی فیصلے ' سندھ کی نوکریوں کے فیصلے ' سندھ کے فنڈ کی تقسیم کا فیصلہ میں چیلنج کر کے کہتا ہوں آج بھی کہ وہ وہاں کے منتخب نمائندے اور وزیر اعلیٰ اور گورنر صاحب نہیں کر سکتے وہ تو صرف آصف علی زرداری صاحب کے ہاتھ میں ہیں ۔ جناب چیئرمین آپ سیدھے ہو کر بیٹھ گئے ہیں میں اپنی بات ختم کر رہا ہوں ۔

جناب چیئرمین۔ مہربانی ہو گی ۔

حافظ حسین احمد۔ اور یقین جانئیے کہ ہم سمجھتے ہیں کہ وہاں کی حکومت وہ بھی ان کی ' یہ بھی ان کی لیکن ہم سمجھتے ہیں کہ عوام نے جن افراد کو منتخب کیا ہے اور آئین میں جو اختیارات ہیں وزیر اعلیٰ کے ہم صوبائی خودمختاری کی بات اس لئے نہیں کرتے کہ صوبے میں ہماری حکومت ہو یا ہمارے حلیفوں کی حکومت ہو وہاں آپ صوبائی خودمختاری نافذ کریں ۔ ہم کہتے ہیں کہ اگر آپ کے کسی صوبے میں بھی جہاں آپ کی صوبائی حکومت ہو ' وزیر اعلیٰ آپ کا ہو ' گورنر آپ کا ہو اور اگر آپ بھی صوبائی خودمختاری نہیں دیں گے ' عبداللہ شاہ کو آپ تو آواز نہیں اٹھا سکتے انشاء اللہ اس کے لئے بھی ہم آواز اٹھائیں گے ۔ بے شک قاضی صاحب نے فرمایا تھا کہ محترمہ نے وہاں سے ووٹ لئے ہیں سندھی کی حیثیت سے اس پر اعتراض ہوا ۔ قاضی صاحب اس وقت وہاں بیٹھے ہوئے ہیں میں کیا ان کی وکالت کروں ۔ بہرحال میں عرض کروں گا کہ یہ صحیح ہے کہ جب محترمہ نکلیں تو پھر اس وقت یہی تھا کہ اساں جی نیازی آئے یہ نعرہ لگا کہ جناب ہماری نیازی ہے ' ہماری عزت ہے اس لئے ہم انہیں ووٹ دیں گے ۔ جناب یہ قومیت کس حد تک اس کا جواز بھی ہے ۔ پہلے تو جناب جب ہم بات کرتے تھے مندوخیل صاحب غدار نمبر 1 ' بگٹی صاحب غدار نمبر 2 ' خیربخش مری نمبر 3 ' عطا اللہ نمبر 4 ' ہم سب غدار تھے ۔ لیکن ہم نے یہ دیکھا جناب اس چشم فلک نے یہ دیکھا کہ جناب یہاں نعرے لگے نواز شریف کے وقت کہ جناب ' پنجابی بھائی تیری پگ نوں لگی اگ ۔ اب آگ کس نے لگائی تھی ؟ ظاہر ہے مندوخیل صاحب تو لگانے سے رہے ' لگانے والے بھی اپنے ہی بھائی ہوتے ہیں ۔

جناب چیئرمین ' ہم سمجھتے ہیں کہ قومیت کو اس انداز میں خدارا نہ لیں اور آخری بات

میں عرض کروں گا ایم کیو ایم کے کوئی ہمارے ساتھی یہاں موجود نہیں ہیں ۔ جناب اجمل دہلوی صاحب ہمارے مذاکراتی ٹیم کے سربراہ ہیں ایم کیو ایم کی طرف سے ۔ میں نے پہلے گزارش کی تھی جناب چیئرمین کہ خدارا بیانات پر اور بیان بازی پر پابندی لگنی چاہئیے ۔ لیکن وہ اپنے ہی خلاف بیان دینے کے بعد ایک بیان میری نظر سے گزرا ۔ اجمل دہلوی صاحب نے کہا کہ جناب یہ کیا بات ہوئی کہ 25 لاکھ کی آبادی کے چھوٹے بلوچستان کو بھی صوبائی اسمبلی ملی ہوئی ہے اسے وزیر اعلیٰ ملا ہوا ہے ۔ اسے گورنر ملا ہوا ہے اور ہمیں کیوں نہیں ملتا۔ جناب آئین کی بات ہے ۔ اب مالدیپ کا وزیر اعظم ہے ۔ کس اور چھوٹے سے علاقے کا صدر ہے تو آپ اس طرح نہیں کہہ سکتے کہ چونکہ وہ چھوٹا سا علاقہ ہے اس لئے ہیر کا الگ وزیر اعظم ہونا چاہئیے اور جناب اورنگی ٹاؤن کا صدر الگ ہونا چاہئیے اور سہراب گوٹھ کا وزیر اعظم الگ ہونا چاہئیے ۔ جناب آئین کی بات کریں ۔ جب تک آئین میں چار صوبے موجود ہیں ۔ جب تک آئین میں پاکستان کے چار یونٹ موجود ہیں چار اکائیاں موجود ہیں وہ چھوٹا صوبہ ہو بڑا صوبہ ہو آپ کو اس انداز میں بات نہیں کرنی چاہئیے ۔ آپ اپنے دوست نہ گھٹائیں ۔ ہم اجمل دہلوی صاحب سے کہتے ہیں کہ جناب خدارا اس قسم کی باتوں سے مذاکرات کو فائدہ نہیں پہنچتا کہ جناب یہ 25 لاکھ کی آبادی کے صوبہ کو وزیر اعلیٰ کیوں ملا ہے ۔ اس لئے ملا ہے کہ مجھے اس آئین نے یہ حق دیا ہے ۔ جناب چیئرمین ہم یہ کہتے ہیں کہ خدارا اگر آئین کو دستور کو آپ بالائے طاق رکھیں گے تو وہ تو پھر میں جو کچھ چاہوں اب ہم رو رہے ہیں کہ آئیں گزرے کر میدان میں ناچیں ۔ نصیر اللہ بابر صاحب بھی آئیں فینا لیں اور ہم بھی لیں اور ناچیں بلوچستان کو اور رقبے کے حساب سے ہمیں فنڈ دیں ۔ رو رہے ہیں آپ ہمیں دے رہے ہیں فنڈ ؟ جو ہمیں ملتا تھا وہ بھی انہوں نے ہڑپ کر لیا ۔ لیکن کس لئے ہمیں نہیں ملتا ؟ سڑک بھی زمین پر بنتی ہے جناب ہسپتال بھی زمین پر بنتے ہیں سکول بھی زمین پر بنتا ہے سب کچھ زمین پر ہوتا ہے ۔ لیکن ہمیں فنڈ اس لئے رقبے کی بنیاد پر نہیں مل رہا کہ آئین میں آپ نے درج کیا ہوا ہے کہ آبادی کی بنیاد پر تقسیم ہو گی ۔ اس لئے دہلوی صاحب آپ پاکستانی نہیں ۔ اجمل پاکستانی دہلوی اب کہیں ۔ آپ کو یہ حق نہیں دیتا ۔ ہم آپ کی جنگ لڑتے ہیں ۔ آج آپ کو سیٹ ہے ۔ مندوخیل صاحب آپ کی لڑائی لڑ رہے ہیں قاسمی صاحب آپ کی لڑائی [illegible] ہم جانتے ہیں کہ آپ کے ساتھی جماعت آپ آپ کے بیانات جماعت آپ

کے سیاسی مذاکرات اللہ کرے کامیاب ہوں ۔ پاکستانی بنیں ۔ نصیراللہ بابر کی طرح نہ بنیں تو میں گزارش کروں گا جناب چیئرمین کہ ہم چاہتے ہیں کہ بلوچستان کا جو صوبہ ہے اس کو آپ نہ چھیڑیں ۔ ہم تو وہ لوگ ہیں ۔ ہمارے بھی مطالبات ہیں ۔ آپ کو اللہ نے بہت کچھ دیا ہے ۔ صنعتی شہر ہے ۔ آپ کو گورنر تو ملا ہے کمال اظفر صاحب جیسا سنجیدہ قسم کا انسان ۔ ہمیں تو اپنا گورنر بھی نہیں ملا پھر بھی ہم دیکھیں ڈٹ کر کتنے ہیں ۔

میجر جنرل (ریٹائرڈ) نصیراللہ خان بابر ۔ پختون خواہ کا ہے ۔

حافظ حسین احمد ۔ نہیں پختون خواہ کی بات نہیں ہے ۔ پختونخواہ کی بات ہے لیکن میں کہتا ہوں صوبہ بلوچستان سے اس کا تعلق نہیں ہے ۔

جناب عبدالرحیم مندوخیل ۔ ہم میں نفاق پیدا نہ کریں ہے ۔

حافظ حسین احمد ۔ ہے آپ بیٹھیں ۔ تو جناب چیئرمین ! میں سمجھتا ہوں کہ پھر بھی ہم کہتے ہیں خدانخواستہ پاکستان کو کچھ ہو بھی جائے اللہ نہ کرے ' خاکم بدہن ' اگر بلوچستان بچتا ہے تو اس کا نام بھی ہم پاکستان رکھنے کے لئے تیار ہیں ۔ لیکن ہم ان باتوں کو نہیں لیتے ۔ وہاں فوج کشی ہوئی وہاں جو کچھ ہوا ۔ کنہوں نے کی ' اس وقت جنرل نصیراللہ بابر صاحب وردی میں تھے ۔ کاش انہیں خیال ہوتا کہ کل میں ریٹائر ہو کر ایک سیاسی بندہ بنوں گا تو اس وقت یہ حرکت نہ کرتے ۔ لیکن اس کے باوجود ہمارے مسائل ہیں ۔ ہمارے وسائل بھی ہیں ' وسائل ہمارے ہیں لیکن آج ہم لڑ رہے ہیں سوئی گیس کے لئے ۔ آج ہم سیندک پروجیکٹ ہے وہاں سے سونا نکلتا ہے ' چاندی نکلتی ہے ' تانبہ نکلتا ہے ' ایک ایک نوکری کے لئے ہم ایک وزیر کے پاس جاتے ہیں لیکن اپنے صوبے میں ہمارے لوگوں کو نوکریاں نہیں ملتیں ۔ لیکن ہم لڑیں گے لڑتے رہیں گے ' ان کو نہیں چھوڑیں گے ۔ اپنا حق ان کے گریبان سے لیں گے لیکن پاکستان میں رہ کر لڑیں گے ۔ مسائل کی بات نہیں وسائل کی بات نہیں ۔ جناب چیئرمین ! میں گزارش کروں گا کہ اگر ممکن ہے تو انہیں دس گورنر دے دیں لیکن اس سے مسائل حل نہیں ہوں گے ۔

جناب چیئرمین ۔ آپ اب (wind up) فرمائیں ۔

حافظ حسین احمد ۔ آپ تھوڑے سیدھے ہوتے ہیں تو میرا دل کانپنے لگتا ہے ۔ آپ آرام سے ٹیک لگا کر بیٹھیں ۔ تو میں گزارش کروں گا کہ اچھی بات ہے کہ آپ ان کے ساتھ

مذاکرات کریں۔ بنگلہ دیش کے ساتھیوں کا صدر بھی بنا ' وزیر اعظم بھی بنا ' ان کی اسمبلی بھی بنی لیکن ان کے مسائل حل نہیں ہوئے ۔ آج ان کی حالت ہم سے بھی زیادہ ناگفتہ بہ ہے اور دیگر کئی اقوام سے معاشی طور پر ان کی حالت آج بھی ناگفتہ بہ ہے۔ اس لئے ہم سمجھتے ہیں کہ اس انداز میں اس کو لینے کی کوشش نہ کریں۔

جناب والا اقوام متحدہ کی فوجوں کی بات ہوئی ہے۔ مجھے اس پر افسوس ہوا ہے ' یقین جانیئے اگر میری پارٹی کا بھی کوئی شخص یہ بات کرتا تو میں اس کی مذمت کئے بغیر نہیں رہ سکتا تھا ۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اب تک ہماری فوج وہاں جانے کے لئے کس سے مس نہیں ہوتی ہے اور اقوام متحدہ والے کہاں سے آئیں گے ۔ لوگ بڑی کوششیں کر رہے ہیں ' اپنی فوج نہیں جانا چاہتی اور یہ کہتے ہیں کہ جناب اقوام متحدہ کی فوج کو بلائیں ۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ہم سیاسی انداز میں حالات کو بہتر طور پر کنٹرول کر سکتے ہیں ۔ لیکن جناب چیئرمین! اس کے لئے ضروری ہے کہ حکومت زیادہ سنجیدگی کا مظاہرہ کرے اور حکومت اس بارے میں کم از کم اپنے دو عدد وزیروں سمیت دوسرے وزیروں کو بھی خصوصی ہدایات جاری کرے کہ وہ اس سلسلے میں ذرا خیال رکھیں۔

ہمارے راشدی صاحب تشریف لے گئے ہیں ۔

جناب حسین شاہ راشدی۔ میں بیٹھا ہوا ہوں۔

حافظ حسین احمد ۔ بیٹھے ہوئے ہیں ۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ یہ کہاں کا انصاف ہے کہ کل اگر کوئی چوری کرے تو ہم کہیں کہ ملک قاسم صاحب بیٹھے ہوئے ہیں ' وہ اس کا فیصلہ کریں یا اسے تھانے بند کریں۔ جناب والا! اگر آپ یہ بات رکھتے ہیں تو پھر بھی ایس ایچ او نے بیٹھ کر مک مکاؤ کرنا ہے ' اسی نے فیصلہ کرنا ہے ۔ اسی چور کے ساتھ آپ کے ایس ایچ او نے فیصلہ کرنا ہے۔

جناب چیئرمین ! میں اس دعا کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں کہ اللہ رب العزت ان مذاکرات کو کامیاب بنانے اور دونوں گروپوں کو یہ ہدایت دے کہ مخلصانہ انداز میں ملک کو بچانے کے لئے اور ملک کی سالمیت کے لئے اپنی توانائیاں صرف کریں ۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین ۔ وزیر قانون صاحب ! اب اس کے بعد کیا جائے ؟ اب وقت بہت کم رہ گیا ہے ۔ اتنے وقت میں کوئی سپیکر بھی اپنی بات مکمل نہیں کر سکے گا ۔

میاں رضا ربانی ۔ میرا خیال ہے کہ پھر آپ prorogation order پڑھ دیں And

then we will meet tomorrow

جناب چیئرمین۔ آج ہم prorogue کریں گے اور کل دوبارہ دس بجے وہ سیشن ہو گا جو صدر صاحب نے بلایا ہے لیکن ہم کوشش کریں گے کہ اجلاس پورے دس بجے شروع کر دیا جائے جس طرح آج ہم نے شروع کیا تھا۔ ویسے آج تو ہم نے ساڑھے نو بجے اجلاس رکھ کر دس بجے شروع کیا تھا تاہم کل یہ کوشش ہو گی کہ دس بجے ہی شروع کر دیا جائے۔

جناب منظور احمد گچکی۔ کیا کراچی پر بحث جاری رہے گی؟

جناب چیئرمین۔ understanding تو یہی ہے کہ بحث جاری رکھیں اور جو motions وغیرہ ہیں یہ بھی continue کریں گے ' with the consent of the House I had directed yesterday that all normaly کیونکہ تو یہ چیزیں lapse کر جاتی ہیں۔ چونکہ کل ہی سیشن بلایا جا رہا ہے اور اتنا وقت نہیں ہوگا کہ دوبارہ ساری چیزوں کو process کریں۔ وزیر قانون صاحب اور اپوزیشن والوں سے ایک ملاقات میں یہی understanding ہوئی تھی کہ ان تمام چیزوں کو continue کیا جائے۔ اس لئے اگر آپ کی اجازت ہو تو میں prorogation order پڑھ دیتا ہوں۔ And tomorrow we will meet agam at 10.00 O'clock آج کیا کرار الدین صاحب کی تقریر ہوئی ہے یا نہیں۔

جام کرار الدین۔ نہیں۔

جناب چیئرمین۔ اچھا۔

In exercise of the powers conferred by clause 3 of Article 54 read with Article 61 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan I hereby prorogue the Senate on the conclusion of its sitting on 12th July, 1995.

Sd/-

WASIM SAJJAD

Chairman Senate

(The session was then prorogued.)

PCPPI—4745(97) Senate—26-11-97—180.